nag, n. ٹٹو ، یابو، عام گھوڑا ؛ گُھڑ دوڑ کا گھٹیا گھوڑا ؛ بوڑھا یا نکمّا گھوڑا ۔

nag, v.i. سوہان روح ہونا ؛ دِق کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ دھمکانا ، جھڑکنا ، ہمیشہ اعتراض یا نُکتہ چینی کرتے رہنا ؛ ملامت یا سرزنش کرتے رہنا ؛ ملامت یا اعتراض سے ناک میں دم کرنا ؛ پیچھے پڑ جانا ؛ جان کو آنا ؛ بُری طرح تکلیف دہ ہونا (جیسے a headach that nags.) ۔ (فعل متعدی) پریشان کرنا ؛ دِق کرنا ؛ بے چین کرنا ، بے قرار کرنا (جیسے بُرا ضمیر) ۔

nagger, n. جھڑکنے یا تنگ کرنے والا ۔

nagging, a. ہر وقت کی نُکتہ چینی یا ملامت ۔

naggingly, adv. پریشان کُن انداز میں ؛ ملامتی طور پر ۔

nagana, n. (مقامی لفظ) نگانا ؛ افریقہ کے گرم علاقوں میں مکھیوں سے پیدا ہونے والی ایک بیماری ، جو ا ک خُرد بینی طفیلی کِیڑے سی سی مکّھی کے کاٹنے سے پیدا ہوتی ہے، یہ بیماری بُنیادی طور پر گھوڑوں کو ہوتی ہے ۔

Nahuatl, n. نواتل ؛ میکسیکو اور وسطی امریکا کے جنوبی حِصّے کے قدیم انڈین اصل کے لوگ ؛ ان لوگوں کی یوٹو از ٹیکن (Uto-Aztecan) زبان ۔ (صفت) ان لوگوں ، ان کی بولی اور ان سے آباد علاقوں سے متعلق یا اُن کے بارے میں ۔

Nahuatlan, n., a. نواتلی ۔

naiad, n. (اساطیری) جَل پری ؛ سمُندری پری ؛ دریاؤں اور چشموں کی دیوی ؛ تیراک عورت ۔ (نباتیات) نایاس (Naias) جنس سے تعلق رکھنے والے ہر قسم کے آبی پودے ۔ (حشریات) بعض کیڑے مکوڑوں کی زندگی کا آبی مرحلہ ۔

naif, a. دیکھیے : Naive ۔

nail, n. کِیل ؛ میخ ؛ دھات کا ایک پتلا ٹُکڑا، عموماً جس کا ایک سرا نوک دار اور دوسرا سرا چپٹا ہوتا ہے ، جو لکڑی یا دوسری چیزوں کے ٹکڑوں میں ٹھونک کر اُن کو جوڑنے کے کام آتا ہے ۔ (حیاتیات) ناخُن ؛ ایک پتلا سخت استخوانی پترا جو ہاتھ ، پاؤں کی اُنگلیوں کے اُوپر کے سرے اور انگوٹھے پر پیدا ہوتا ہے ؛ ہاتھ پاؤں کے ناخُن یا اس سے مشابہ کوئی شے جیسے بطخ کی چونچ کا اِستخوانی حصّہ ؛ کپڑا ناپنے کا پیمانہ جو اڑھائی انچ کا ہوتا ہے ؛ گرہ ۔

hit the nail on the head, برَجستہ فیصلہ کُن بات کرنا یا کہنا، ایسا کام یا تجویز جو عین موقع کے مطابق ہو ؛ تیر بہدف ؛ بالکل صحیح بات کرنا ؛ بات کی تہ کو پہنچنا ؛ ایسا کام کرنا یا ایسی تجویز پیش کرنا جو موقع و محل کے عین مطابق ہو ۔

nail, v.t. کیل یا کیلوں سے جوڑنا ؛ کیل ٹھوک کر مختلف ٹکڑوں کو جوڑنا؛ کسی جگہ یا ٹھکانے پر ٹھونک کر جمانا؛ پکّا کر دینا (عموماً up کے ساتھ) ۔ (مجازاً) ایک ہی حالت یا مقام پر گاڑ دینا (جیسے :surprise nailed him to the spot) ؛ کوئی سودا یا معاملہ فیصلہ کُن طور پر طے کرنا؛ بات پکّی کرنا (عموماً بعد میں down آتا ہے) ۔ (بول چال) پکڑ لینا؛ چھین لینا؛ کسی مُشکل یا جُھوٹ میں پکڑ لینا؛ کھوج لگا کر افشا کرنا جیسے جُھوٹ کا ۔ (عوامی) ضرب لگانا؛ مارنا (جیسے :to nail him with a left hook) ۔

nailer, n. کیل ٹھونکنے یا گاڑنے والا ؛ بڑھئی؛ میخ ساز ۔

nail file, n. ناخُن ریتی ؛ ناخن سنوار ریتی ؛ چھوٹی سی ریتی جس سے انگلیوں کے ناخُنوں کو رگڑ کر اُن کی تراش خراش کی جاتی ہے ۔

nailhead, n. کیل کا اُوپر کا چپٹا یا گول سرا ؛ کیل کے سرے سے مِلتا جُلتا زیور ، جیسے لباس میں کمرپیٹی یا اس قسم کی کوئی چیز ؛ تعمیرات میں چھوٹا چھجّا ۔

nailheaded, a. چپٹ سِرا ؛ چپٹے سر کا ۔

nail set, nailset, n. آہنی سُنبہ یا ہتھوڑی جس سے کیل کے چپٹے سرے کو لکڑی کے اندر داخل کیا جاتا ہے یا اس کی سطح کے برابر کر دیا جاتا ہے ۔

nainsook, n. [اردو] نین سُکھ ، برّصغیر میں بنائی جانے والی ہلکی باریک سادہ یا دھاری دار ململ ۔

naive, a. سادہ مزاج ؛ سیدھا سادہ ؛ سادہ لوح ؛ ناتجربہ کار ، اناڑی ؛ محتاط اندازے یا تجزیے کی صلاحیّت سے محرُوم ؛ اَن گھڑ ؛ بھولا ؛ جسے دنیا کی ہوا نہ لگی ہو ؛ بے تصنُّع ؛ صاف باطن ۔

naively, adv. بھولپن سے ؛ بلا تصنُّع ؛ سادگی سے ۔

naiveness, n. ناسمجھی ؛ اناڑی پن ؛ سِدھپّا ۔

naivete, naivety, n. بھولپن ؛ سادگی ؛ سادہ لوحی ۔

naked, a. ننگا ؛ لباس یا پردے سے عاری؛ بے لباس ، ننگ دھڑنگ ؛ عُریاں؛ بَرہنہ؛ کھلی حقیقت؛ بنجر (زمین) ؛ بے برگ و نوا جیسے درخت ؛ بے نیام ، ننگی (تلوار) ؛ نہتا ؛ بے ہتھیار ؛ حملے سے غیر محفوظ ، بے بچاؤ ؛ برافگندہ نقاب ؛ بے نقاب ؛عیاں جیسے جذبات ؛ ویران کھیت ؛ غیر آراستہ (کمرہ اور دیواریں)، بے قالین ، بے فرش فروش ؛ بے پردہ ؛ بے آرایش ؛ بے میز ، بے کُرسی (کمرا)؛ بے جھاڑ فانوس (چھت) ؛ برہنہ گو ؛ صاف گو ؛ اکیلا ، تنہا ؛ کسی کی رفاقت کے بغیر ؛ محض ؛ جوں کا توں (جیسے : a naked outline of facts) ؛ کسی آلے (عینک یا دُوربین وغیرہ) کی مدد کے بغیر (جیسے : visible with the naked eye) ۔ (نباتیات) بیجوں کے بارے میں جو بیضہ دان میں نہ ہوں ؛ پُھولوں کے بارے میں جو مسندِگُل یا تاجِ گُل کے بغیر ہوں ؛ بے برگ تنے یا شاخوں کے بارے میں ؛ بالوں یا پشم کے بغیر ۔ (قانون) کسی تائید کے بغیر ، نرا دعویٰ جیسے محض وعدہ ۔

nakedly, adv. صاف صاف ؛ پوست کندہ ؛ بے لاگ لپیٹ ۔

nakedness, n. برہنگی ؛ عُریانی ؛ سادگی ؛ بنجر پن ۔

namable, nameable, a. قابلِ تسمیہ ؛ قابلِ ذِکر ۔

namaycush, Mackinaw trout, Great Lakes trout, lake trout, n. چتیوں والی بڑی ٹراؤٹ مچھلی ۔

namby-pamby, a. [ایڈیسن کے زمانے کے کسی قدر کم تر شاعر ایمبروس فلپ کے نام پر حقارتاً وضع کردہ] مصنوعی طور پر بُزدل ؛ کمزور جذبات کا حامل ؛ رُوکھا پھیکا؛ بے مزہ ؛ بے کیف ۔ (اسم) طاقت اور کردار سے محروم شخص ؛ کمزور شخص ۔

namby-pambiness, n. پھیکا پن ؛ بے مزگی ؛ بے کیفی ۔

name, n. نام ؛ اسم ؛ عُرف ؛ وہ لفظ یا لقب جس کے ذریعے کسی شخص یا چیز کو پُکارا جائے یا دوسرے اشخاص یا اشیا سے ممتاز کیا جائے ؛ لقب ؛ خطاب ؛ کِردار (جیسے : one's good or bad name) ؛ شہرت ؛ شُہرہ ؛ نام (جیسے : to make a name in politics) ؛ وہ لفظ جس کے ذریعے کسی چیز کو حقیقت سے ممیّز کیا جائے ، محض

نام ؛ کسی خاص نام کا حامل شخص ؛ خاندان ۔ (بڑے N سے) خدا کا مُقدّس نام یا لقب ۔

Christian or given name, ذاتی نام جو خاندانی نام سے پہلے آتا ہے ، جو عموماً بپتسمہ کے موقع پر رکّھا جاتا ہے اور خاندانی نام سے الگ ہوتا ہے ۔

in the name of, بنام ؛ بواسطہ ؛ نام پر ۔

name, v.t. نام رکھنا ؛ نام سے ذکر کرنا ؛ نام لینا ؛ نام زد کرنا ؛ کسی مقصد کے لیے نام سے مامور کرنا ؛ کوئی نام دے کر شناخت کرنا ؛ خاص کرنا ؛ کسی حیثیت سے ذکر کرنا ۔

name for or after, کسی کے نام سے منسوب کرنا ، کسی کے نام پر نام رکھنا ؛ وہی نام رکھنا ۔

namer, n. نام رکھنے والا ۔

name, a. مشہور ؛ معروف (جیسے : a name brand) ؛ اپنا نام یا لقب دینے والا ، نام دہندہ ۔

name day, n. تیوہار، تہوار؛ عُرس ؛ میلہ ؛ میلے یا جشن کا دن جو کسی بزرگ کے نام سے منسُوب ہو ۔

name-drop, v.i. سامعین کو متاثّر کرنے کے لیے مُمتاز اشخاص کا حوالہ دینا ۔

name-dropper, n. مُمتاز اشخاص کا حوالہ دینے والا ۔

name-dropping, n. مُمتاز اشخاص کا حوالہ ۔

nameless, a. بے نام ؛ گُم نام ؛ غیر معروف ؛ مبہم ؛ خاندانی یا قانونی نام کے بغیر؛ جس کا نام نہ رکھا جا سکتا ہو یا جس کا نام نہ رکھنا چاہیے ۔

namelessly, adv. بے نامی سے ؛ گُم نامی سے ؛ غیر معروف طور پر ۔

namelessness, n. گُم نامی ؛ بے نامی ۔

namely, adv. نام لے کر ذکر کرتے ہوئے ؛ یعنی ؛ گویا کہ ۔

nameplate, n. نام کی تختی ؛ وہ تختی جس پر کسی ادارے یا شخص کا نام یا لقب ہو ۔ (صحافت) کسی کتاب وغیرہ کا نام یا عُنوان جو اس کے سرِورق پر نُمایاں کیا گیا ہو ۔

namesake, n. ہم نام ؛ وہ فرد جس کا وہی نام ہو جو کسی دوسرے کا ہو ؛ بالخصوص وہ شخص جس کا نام خاص طور پر کسی کے نام پر رکّھا گیا ہو ۔

nanism, n. غیر معتدل طور پر چھوٹا قد و قامت ؛ کوتاہ قامتی ؛ بونا پن ۔

nankeen, nankin, n. نینکین ؛ ایک کپڑا جو اصلاً نینکینگ کے مقام پر چین میں بنایا گیا تھا ، یہ قدرتی مدھم پیلے رنگ کی رُوئی سے بنتا تھا ؛ اس رنگ کا نقلی سوتی کپڑا ؛ مدّھم زرد رنگ ۔ (بڑے N سے) چینی ظرُوف جن کی سفید زمین پر نیلے رنگ کا نقش بنا ہو ۔

nanny, n. (برطانوی) بچّے کی کھلائی یا دائی ۔ (عوامی) بَکری ۔ نیز: nanny goat ۔

nanny goat, n. بَکری ۔

nanosecond, n. نَینو سیکنڈ ؛ سیکنڈ کا دس کھربواں حصّہ ۔

nap, v.i., v.t. جھپکی لینا، اونگھنا، نیند آنا، آنکھ لگنا ؛ غنُودگی طاری ہونا ، غنُودگی میں وقت گزارنا ، جھپکی آنا ؛ اچانک بے دھیانی میں آلیا جانا ؛ سوتے رہنا ، جیسے صبح کو ؛ قیلولہ کرنا ۔ (اسم) ذرا تھوڑی سی نیند ، جَھپکی ؛ قیلولہ ؛ اونگھ ۔

napper, n. جھپکی لینے والا ۔

nap, n. کپڑے کی سطح کا رُواں ؛ بُر، جیسے غالیچے کا ؛ بُر/رواں جیسے بعض پودوں پر ۔ (فعل متعدّی) کسی پارچے پر رواں جمانا یا اُبھارنا ؛ رواں اُٹھانا ۔

napless, a. بے رواں ؛ بُر کے بغیر ۔

napped, a. رواں دار ؛ بُر دار ۔

napper, n. رواں گر ؛ کوئی شخص یا مشین جو کپڑے یا چمڑے پر رواں بناتی یا بُر اُٹھاتی ہے ۔

napalm, n. (عسکری) نیپام ، ایک جیلی نُما بھڑک اُٹھنے والا مادہ جسے پٹرول کے ساتھ ملا کر آگ لگانے والے بم اور شعلے برسانے والے ہتھیار وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

nape, a. گُدّی ، منکا ، قفا ، گردن کا پچھلا حصّہ ۔

napery, n. کھانے کے میز یا مقام پر استعمال ہونے والے سب پارچہ جات ؛ انگوچھا، دستر خوان ، میز پوش ، دستمال ۔

naphtha, n. نفط ؛ نفت ؛ ایک آتش گیر مادّہ ؛ پیٹرول سے کشید شُدہ ایک بے رنگ بُخاراتی مائع ، بالخصوص پٹرول اور بنزین کے بین بین مادّہ جسے محلول یا ایندھن کے طور پر برتا جاتا ہے ؛ ایسے ہی دوسرے پیداواری اشیا سے کشید کیے ہوئے مائعات ۔

naphthalene, nephthaline, naphthalin, n. (کیمیا) نفتھلین ؛ نپتھلین ؛ نفتالین ؛ ایک سفید بُودار ، قلم دار ہائیڈروکاربن جو عموماً تارکول سے تیار کی جاتی ہے جو رنگ سازی میں اور کِرم کُش گولیاں بنانے کے کام آتی ہے ۔

naphthalenic, a. نیفتھلین سے متعلق ؛ نفتالینی ۔

naphthene, n. (کیمیا) نفتھین ؛ ہائیڈروکاربن کے سیرشدہ حلقوں میں سے کوئی جو بعض اقسام کے پیٹرول میں پائے جاتے ہیں ۔

naphthenic, a. نفتھینی ۔

naphthol, naphtol, n. (کیمیا) نفتھول ؛ نفتال ؛ نیفتھلین سے حاصل ہونے والے دو ہم ترکیب مرکبّات میں سے کوئی ایک جو سفید یا زرد رنگ کے ہوتے ہیں ، یہ رنگ سازی میں استعمال ہوتے ہیں اور کولتار میں قدرتی طور پر پائے جاتے ہیں ؛ نیفتھلین کے کئی ہائیڈروکسی ماخوذات میں سے کوئی ۔

Napierian logarithm, n. (ریاضی) نیپیئری لوگارتم ؛ طبعی لوگارتم ۔

napiform, a. شلغمی ؛ شلجمی ؛ کُروی شکل کا ؛ شلجم کی شکل کا (جیسے: a napiform root) ۔

napkin, n. دست مال ؛ رُومال ؛ سُوت ، کپاس یا کاغذ کا بنا ہوا مربع یا لمبا کپڑا جو کھانا کھانے کے دوران ہاتھ مُنھ پونچھنے اور کپڑوں کو محفوظ رکھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ (برطانوی) چورس یا مستطیل کپڑا جو شیرخوار بچّوں کے رومال یا تولیے کے طور پر برتا جاتا ہے ؛ صفائی کے لیے استعمال ہونے والا دست پاک ۔

napkin ring, رُومالی حلقہ یا چَھلّا ؛ ایک چَھلّا یا حلقہ بالعموم دھات ، لکڑی یا پلاسٹک کا بنا ہوا جس میں دست مال استعمال نہ ہونے کی صُورت میں تہ کرکے یا لپیٹ کر رکّھا جاتا ہے ۔

napoleon, n. [نپولین اوّل کے نام پر] نپولیَن ؛ ایک

پُر تکلُّف مستطیل پیسٹری جس پر ملائی کی تہ جمائی جاتی ہے اور اندر کسٹرڈ اور کریم (ملائی) بھری ہوتی ہے ۔ (فرانسیسی) نپولین کے زمانے کا ۲۰ فرانک کا طلائی سکّہ ۔ (تاش) ایک کھیل جس میں ترُپ کا تعیّن سب سے زیادہ بولی دینے والا کرتا ہے ؛ اس کھیل میں کوٹ کرنے کا دعویٰ ؛ ترُپ چال ۔

Napoleonic, a. نپولینی ؛ فرانس کے شہنشاہ نپولین اوّل (۱۷۶۹ـ۱۸۲۱ء) کے خاندان سے تعلق رکھنے والا ، نپولین کی طرح ، نپولین کے انداز یا خصوصیّات کا مالک ؛ مِثل نپولین ؛ نپولین صفت ۔

Napoleonically, adv. نپولین کی طرح ؛ نپولینی انداز میں ۔

Napoleon plum, n. ادراج؛خلط مبحث ۔

nappy, n. ایک چھوٹی سی طشتری جو عموماً شیشے کی بنی ہوئی ہوتی ہے ۔

naprapathy, n. مالشی طریقِ علاج ؛ ایک طریقِ علاج جس کی بُنیاد اس نظریے پر ہے کہ بیماری جوڑنے والی بافتوں کے فتور سے پیدا ہوتی ہے ، اس لیے اس میں جوڑوں اور پٹھوں کی مالش ، سہلانے اور جوڑ ٹھیک ٹھاک کرنے سے علاج کیا جاتا ہے ۔

naprapath, n. مالشی طریقِ علاج کا عامِل ۔

narcissism, narcism, n. نرگسیّت ؛ عِشق ذات ؛ اپنے آپ کی حد سے زیادہ ستایش اور خود فریفتگی ؛ خود پرستی ۔ (تحلیلِ نفسی) نفسیاتی جنسی شعور کی وہ ابتدائی کیفیت جس میں انسان کی اپنی ذات ہی جنسی دلچسپی کا مرکز و محور ہوتی ہے ؛ نفسیاتی جنسی نشوونما کا اسی مقام پر رک جانا ۔

narcissist, narcist, n. خُود فریفتہ ، عاشِقِ ذات ؛ نرگیّست زدہ ؛ خود پرست ۔

narcissistic, narcistic, a. نرگیّستی ؛ خود پرستانہ ؛ اپنی ذات کے عشق کا ؛ عشقِ ذات سے متعلق ۔

narcissus, n. (نباتیات) نرگس ؛ پر دلعزیز ، آرایشی ، موسم بہار میں کِھلنے والے گٹھی دار پودے جو نرگس کی نوع اور بصل نُما پودوں کے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں ، ان کے سفید ، زرد یا نارنجی رنگ کے خوشنما پھول ہوتے ہیں جن کے سر پر پیالہ نما کلغی ہوتی ہے اور ان میں پیلے نرگس ، آبی نرگس نام کے پھول بھی شامل ہیں ۔ (بڑے N سے) (کلاسیکی اساطیری) ایک خوبصورت نوجوان جو اپنے ہی عکس پر بے اندازہ فریفتہ ہو کر مر گیا اور نرگس میں تبدیل ہو گیا ۔

narcolepsy, n. نومیت ؛ سکتۂ نومی ؛ نیند روگ ؛ ایک بیماری جس میں بار بار ، یکایک ، بے اختیار گہری مگر تھوڑی سی نیند کی ضرورت پیش آتی ہے ۔

narcoleptic, n. نومیتی ؛ نیند روگی؛ سکتۂ نومی کا مریض ۔

narcomania, n. (امراضیات) خبط منشیات ؛ منشیّات کی بے تحاشا طلب ۔

narcomaniac, n. منشیات خبطی ؛ منشیات کا عادی ۔

narcomaniacal, a. خبطِ منشیات میں مبتلا ؛ منشیات کی عادت کا ۔

narcosis, n. نشہ آور ، سُکر ، نشہ ؛ دوا سے مدہوشی یا سُکر؛ تخدیر ؛ بے حِسی ۔

narcotic, n. نشہ آور چیز ؛ خواب آور چیز ؛ منوّم مادّہ ؛ ایک مادّہ جو درد دُور کرتا ہے اور نیند لاتا ہے اور زیادہ مقدار میں استعمال سے بے حِسی اور سَکتہ طاری ہو جاتا ہے یہاں تک کہ موت بھی واقع ہو سکتی ہے مثلاً افیم یا مارفیا ؛ منشیات کا عادی ؛ کوئی شے جو آسودگی یا بے حسی پیدا کرے ۔ (صِفت) نشہ آور خصائص کا حامل ؛ سُکر پیدا کرنے والا ؛ نشہ آور چیز سے متعلّق ؛ نشہ آور ؛ مُسکرّ ؛ منشیات کے عادی لوگوں یا ان کے علاج سے متعلّق ۔

narcotically, adv. مخدرّانہ ؛ مُنوّمانہ ؛ نشہ آورانہ طور پر ۔

narcotize, v.t., v.i. مخدرّات کے زیر اثر لانا ؛ نشہ پیدا کرنا ؛ ہوش گم کرنا ؛ نشہ آور چیز کی طرح اثر انداز ہونا (جیسے: The remedy narcotized rather than cured) ؛ سُن کرنا ؛ بے حِس کرنا ۔

narcotization, n. نشہ آوری ؛ تخدید ؛ تنویم ؛ خواب آوری ۔

narc nark, n. (عوامی) افسرِ منشیات ؛ نشہ آور ادویہ کے قواعد کی خلاف ورزی کی تحقیقات کرنے والا افسر ۔

narcoanalysis, n. مُنشّی تحلیل ؛ تجزیہ بہ منشیات ؛پُوچھ گُچھ ، تحلیل اور تفتیش میں سہولت پیدا کرنے کے لیے نشہ آور ادویہ کا استعمال ۔

nard, spikenard, n. مرہم بال چھڑ ؛ مرہم سنبل الطیب ؛ ایک طبّی خوشبُودار مرہم جو مشرقی ایشیا کے ایک پودے بال چھڑ کے افرازات سے حاصل ہوتا ہے جسے قدیم زمانے میں برتا جاتا تھا لیکن اب کم استعمال ہوتا ہے ۔

narghile,nargileh, nargile, n. حُقّہ ؛ قلیان ؛ غلیان ؛ ایک قسم کا حقہ جس میں دھواں پانی میں سے گزر کر جاتا ہے ، اسے اہلِ مشرق استعمال کرتے ہیں ؛ نرگیل ؛ نارجیل ۔

naris, n. (تشریحُ الاعضا) نتھنا ؛ ناک کی نالی یا سُوراخ؛ منخر ۔

nark, n. (برطانوی ، عوامی) مخبر؛ جاسوس؛ قاصِد کبوتر ۔ (فعل لازم) (برطانوی ، عوامی) مخبری کرنا ، بالخصوص پولیس کے لیے ۔

narrate, v.t., v.i. بیان کرنا؛ روایت کرنا ؛ نقل کرنا ؛ کسی واقعے کی تفصیلات بیان کرنا ۔

narrator, n. راوی ؛ قِصّہ گو ؛ حاکی ؛ داستان گو ؛ داستان نویس ؛ بیان کرنے والا وغیرہ ۔

narration, n. بیان ؛ عبارت ؛ بیان کرنے کا عمل ؛ روایت ؛ واقعات کا سِلسِلہ وار یا تاریخ وار بیان ؛ کوئی وضاحت جس کے ساتھ مرئی پیش کش بھی ہو ۔ (علمِ بیان) کسی عمل کے وقت ، انداز یا نتائج کے بیان پر مُشتمل تحریر یا تقریر ۔

narrational, a. بیانی ؛ وضاحتی ؛ تشریحی ؛ واقعات بیان کرنے سے متعلّق ۔

narrative, n. بیانیہ ؛ بیان ، روایت ؛ تقریر یا تحریر میں بیان کا عمل یا فن ؛ حکایت ؛ نقل ؛ کتھا ؛ کہانی ؛ داستان ؛ قِصّہ ؛ احوال ۔ (صفت) بیان سے متعلق ؛ بیانی ؛ بیانیہ ؛ حکایتی ؛ حکائی ۔

narratively, adv. بیانیہ طور پر ؛ حکایۃً ۔

narrow, a. تنگ ؛ کم چوڑا ؛ کم وسیع ؛ جگہ کے لحاظ سے محدود ؛ گُنجایش یا وُسعت میں محدود ؛ مقدار کے لحاظ سے محدود ؛ چھوٹا ؛ تھوڑا ؛ قلیل ؛ کم مقدار ؛ مُشکل ، جیسے حالات ؛ بمُشکل کافی ؛ وُسعت نظر یا ہمدردی سے عاری ، تنگ نظر ؛ متعصّب ؛

nastic, a.
(نباتیات) اُجالی ؛ کَج ؛ پودوں کے اندر بدلتے ہوئے خُلیوں کے دباؤ سے پودے کے بڑھنے کی سَمت نمائی کے بارے میں یا اُس سے متعلق ۔

nasturtium, n.
جنس جرجیر ؛ تیز نوکدار پودے جو ٹروپیلیسی (Tropaeolaceae) خاندان میں ٹروپیولم (Tropaeolum) جنس کے ہوتے ہیں جن کے پتے ڈھال نُما اور پھول زرد ، سُرخ ، نارنجی اور خار دار اور قیف نُما ہوتے ہیں اور یہ بَل دار ریشوں سے اُوپر چڑھتے ہیں ؛ رائی یا سرسوں کے خاندان کے پودوں کا مخصوص نام جس میں آبی سلاد بھی شامل ہے؛ گُلِ لاون ؛ عَنبر ۔

nasty, a.
غلیظ ؛ نجس ؛ مَیلا ؛ آلودہ ؛ ناپاک ؛ گھناؤنا ، فُحش ، بیہُودہ ، بَد بُودار ؛ مکروہ ؛ بَد ذائقہ ؛ ناخوشگوار ؛ بَد مزاج ؛ بدخُو ؛ ناگوار ؛ تکلیف دہ ؛ کمینہ ؛ خراب (جیسے : nasty disposition) ؛ سنگین جیسے حادثہ ۔

nastily, adv.
گندے پن سے ؛ بد طینتی سے ؛ سختی سے ؛ آلودگی سے ؛ غلاظت سے ۔

natal, a.
پیدائشی ؛ ولادت سے متعلق (جیسے : one's natal day) ؛ ولادت ؛ پر اثر انداز جیسے پیدائشی ستارہ یا طالع ؛ اثرات (مقامی یا مُلکی) ۔

natality, n.
شرحِ پیدائش ۔

natant, a.
تیرتا ہوا ؛ بہتا ہوا ۔(نباتیات) پانی پر تیرتا ہوا ، جیسے کسی آبی پودے کا پتّا ۔

natation, n.
تیراکی کا عمل ؛ شناوری ؛ تیراکی ؛ پیراکی ۔

natator, n.
شناور ؛ تیراک ؛ پیراک ۔

natatorial, natatory, a.
تیراکی یا شناوری سے متعلق یا اس کے لیے موزوں یا ان کی خاصیّت کا حامل جیسے تیرنے والے پرندے کی صلاحیّت یا اعضا ۔

natatorium, n.
تیرنے کے لیے تال ؛سوئمنگ پُول ؛ پیراکی تالاب ؛ تیراکی حوض ، خصوصاً اندرونِ خانہ ؛ شناگاہ ۔

nates, n.
چُوتڑ ؛ سُرین ؛ کفل ۔

nation, n.
قوم ؛ مِلّت ؛ کسی علاقے میں آباد لوگ جو مشترکہ سیاسی اداروں کی بدولت مُتّحد ہوں ؛ علاقہ یا ملک ؛ ایسے لوگوں کا گروہ جو ایک جیسی یا مِلتی جُلتی زبان بولتے ہوں اور جن کی عموماً ایک ہی نسل ہو ؛ ایک انڈین قبیلہ جو قبائل کے وفاق سے وابستہ ہو ۔

nationhood, n.
قومیّت ۔

nationless, a.
بلا قومیّت ۔

national, a.
قومی ؛ مِلّی ؛ کسی قوم سے متعلق یا اس سے مخصوص ، جیسے قومی زبان یا اَدب ؛ کِسی قوم سے متعلق یا وابستہ یا جِسے کسی قوم نے منظّمِ کُل یا سیاسی اکائی کی حیثیت سے برقرار رکھا ہو (جیسے national politics) ؛ پوری قوم سے متعلق جیسے بُحران ؛ اپنی قوم ، اپنے مفادات اور بہبود کے لیے وقف ؛ مُحبِّ وطن ؛ قوم پرست ۔ (اسم) بین الاقوامی اور سفارتی اصطلاح میں کسی خاص ملک کا شہری یا رعایا ؛ باشندہ ؛ کسی قوم کا رُکن یا فرد ؛ ہم قوم افواد یا لوگ ۔

nationally, adv.
قومی طور پر ؛ مِن حَیث القوم ۔

national bank, n.
قومی بنک ؛ مِلّی بنک ؛ وہ بنک جس کا تعلُق کسی قوم کی مالیات سے ہو؛ وہ بنک جسے وفاقی حکومت نے

گہرا ؛ غائر ؛ دقیق جیسے جائزہ ؛ مہین ؛ غیر فراخدل ؛ گھٹا ہوا ؛ تحقیق یا تفتیش ؛ امعانِ نظر ؛ تقریباً تباہ کُن ، جیسے بمشکل بچاؤ ۔ (برطانوی بولی) خسیس ؛ کنجوس ؛ بخیل ۔ (صوتیات) مخارج کو ذرا کھول کر تلفُّظ /ادائیگی ۔ (اسم) تنگ حِصّہ ، جگہ یا شے ؛ وادی ، رہگُزر یا سڑک کا تنگ حِصّہ ۔ (جمع) آبنائے یا دریا کا تنگ حِصّہ ؛ تنگ نائے ؛ تنگ راستہ ۔ (فعل متعدی) تنگ کرنا ؛ تحدید کرنا ، تنگ نظر بنانا ۔ (فعل لازم) تنگ تر ہونا ؛ چوڑائی میں کم ہو جانا ؛ تنگ ہونا ۔

the Narrows,
نیویارک کی بندرگاہ کے دہانے پر ایک آبنائے ۔

narrowly, adv.
بمشکل ؛ باریکی سے ؛ جانچ کر ؛ غور سے ؛ تنگی سے ؛ تامّل سے ؛ مشکل سے ؛ بِدِقّت ۔

narrowness, n.
ضِیق ، تنگی ، فشار ؛ عرض کی کمی ؛ کوتاہی ؛ تنگ دستی ؛ تہی دستی ؛ عُسرت ؛ تنگ حالی ۔

narrow-minded, a.
تنگ دِل ؛ متعصِّب ؛ غیر فراخدلانہ مزاج کا حامل یا اس کی طرف مائل ، غیر روادرانہ ، جیسے شخصی رائے ؛ گفتگو ؛ وسیع النظری یا ہمدردی سے عاری ؛ ناقابل برداشت ؛ کوتاہ نظر ؛ کٹّر ؛ تنگ نظر ؛ جزورس ؛ پست نَظر ؛ پست خیال ۔

narrow-mindedly, adv.
تنگ دِلی سے ؛ تنگ نظری سے ؛ متعصبّانہ طور پر ۔

narrow-mindedness, n.
تنگ دِلی ؛ تنگ نظری ؛ تعصّب ؛ کم ظرفی ؛ اوچھا پن ۔

narthex, n.
(فنِ تعمیر) گرجے کے صدر دروازے اور نافِ کلیسا/وسطِ کلیسا کے درمیان ڈیوڑھی ۔ (نباتیات) جنس پینگ ۔

narwhal, narwal, narwhale, n.
ناروھیل ؛ ابوقرن ؛ یک ناب حُوت ؛ بحرِ مُنجمد شمالی کی میمل نسل کی وھیل مچھلی جس کے نَر کا لمبا بَل دار مُڑا ہوا ناب (دراز دانت) اوپر کے جبڑے سے نکلتا ہے ۔

nary, a.
(بولی) کبھی نہیں ، کوئی بھی نہیں ؛ نہیں ۔ Never کا مرخم ۔

nasal, a.
انفی ؛ ناک کے بارے میں یا اس سے متعلّق ۔ (صوتیات) ناک سے ہوا پوری طرح نکالنے سے جیسے m اور n یا ng میں یا جزوی طور پر جیسے فرانسیسی حروفِ علّت میں ؛ گُنگُنی آواز کے ساتھ ۔ (اسم) ناک سے نکلنے والی آواز جیسے m اور n یا ng میں ۔ (تشریح الاعضا) ناک کی ہڈی ؛ بانسا ؛انوناسک ؛ حرفِ غُنّہ ؛ ناک کی آواز ۔

nasality, nasalism, n.
حُروفِ غُنّہ ؛ گُنگناہٹ ۔

nasally, adv.
ناک سے ؛ ناک میں سے ، گُنگُنے پن سے ، گُنگُنی آواز میں ۔

nasalize, v.t.y.i.
(صوتیات) ناک سے مغنُونہ آواز نکالنا ؛ عام الفاظ کو گُنگُنی آواز میں ادا کرنا ؛ ناک سے ادا کرنا ۔

nasalization, n.
مغنونہ سازی ؛ غُنّہ سازی ۔

nascent, a.
نوزائیدہ ؛ اُگتا ہوا ؛ وجود میں آتا ہوا ؛ اُبھرتا ہُوا ؛ اُپجتا ہُوا ۔ (کیمیا) اِبتدائی حالت سے متعلّق ؛ نوخیز ؛ نو ظُہور ؛ نورَستہ ۔

nascence, nascency, n.
عُنفوان ؛ نوخیزی ۔

یا سرشت سے متعلق ؛ سیدھا سادا ؛ بے تکلُف؛ غیر مصنوعی؛ غیراکتسابی؛ خلقی؛ طبعی ؛ کسی علاقے سے متعلق ، خالص ، فِطری ، جو مِلی جُلی شکل میں نہ ہو جیسے لوہا ، چاندی جب تقریباً خالص دستیاب ہوں ۔ (اسم) جو کسی مقام یا مُلک میں پیدا ہو اور غیر مُلکی یا مہاجر نہ ہو ؛ کسی علاقے کی کوئی دیسی چیز۔

natively, adv.
بلحاظ ولادت؛فِطری طور پر ؛ طبعاً ؛ فطرتاً ؛ مقامی طور پر۔

nativeness, n.
جائے ولادت سے متعلق ؛ دیسی پن ؛ مقامیت ۔

Native American, n.
دیسی امریکی ؛ مقامی امریکی ؛ امریکی انڈین ۔

nativism, n.
علاقہ پرستی ؛ مقامیّت ؛ علاقائیت ؛ تارکین وطن کے خلاف ملکی باشندوں کے مفادات کے تحفّظ کی پالیسی ؛ آباد کاروں کے برعکس ملکیوں کی رعایت کی پالیسی یا طریق جیسے انتخابات میں یا سیاسی منصب پر تقرر ۔ (فلسفہ) جِبلّی افکار کا نظریہ ؛ نظریۂ خلقیّت ؛ خلقیّت پسندی ۔

nativist, n.
مُعتقد خلقیّت ؛ خلقیّت پسند ، نظریۂ خلقیّت کا قائل ؛ علاقہ پرست ۔

nativistic, a.
خلقیّت پسندانہ ؛ خلقیّتی ؛ علاقہ پرستانہ ۔

nativity, n.
پیدایش ، بالخصوص کسی مقام یا حالات کے حوالے سے پیدایش ۔ (نجوم) جنم پتری ؛ زائچہ ؛ خصوصاً پیدایش کے وقت تیار کردہ ۔ (بڑے N سے) حضرت عیسیٰ کی ولادت ؛ کلیسا کا تہوار ؛ کرسمس ؛ بڑا دن (۲۵ دسمبر) ؛ عید میلاد مسیح ؛ میلاد مسیح کا فنی اظہار ۔

natrolite, n.
نیٹرولائٹ ؛ ایک دھات ، جو سوڈیم اور ایلومینم کا ہائیڈرو سلیکیٹ ہے جو بعض اوقات سفید ، اکثر سوئی نُما قلموں میں پایا جاتا ہے ۔

natron, n.
نیٹرون ؛ خام شورہ ؛ بعض جھیلوں اور معدنی چشموں میں پایا جانے والا قُدرتی سوڈیم کاربونیٹ ۔

natter, v.i.
(برطانوی) درد محسوس کرنا یا شکایت کرنا ۔ (برطانوی ، آسٹریلوی) بات چیت کرنا ۔ (کینیڈا) گپ مارنا ۔ (اسم) (برطانوی) بات چیت ۔ (کینیڈا) ؛ گپ شپ ۔

natty, a.
خُوش لباس ؛ خوش وضع ؛ سلیقہ مند ؛ خوش سلیقہ ؛ صاف سُتھرا ؛ بنا سنورا ۔

nattily, adv.
سلیقہ مندی سے ؛ خوبصورتی سے ؛ خوش لباسانہ ؛ خوش وضعانہ ۔

nattiness, n.
خُوش وضعیت ؛ نفاست پسندی ؛ خُوش سلیقگی ؛ صفائی ؛ خوشنمائی ، سجاوٹ ۔

natural, a.
قُدرتی ؛ فطری ؛ طبعی ؛ قُدرت سے متعلق ؛غیر مصنوعی ؛ قوانینِ فِطرت کے مطابق ؛ فطرت کے موافق ؛ طبعی حالت میں وقوع پذیر ؛ عام ؛ طبعی نظام کے مطابق ؛ اشیا کے جوہر سے متعلق ؛ بلا تکلُف ؛ بلا تصنُّع ؛ روحانی نہیں بلکہ مظاہری اشیا کے نظام سے متعلق ؛ پیدایشی ؛ ولادت نہ کہ تبنیّت کی بنا پر ؛ حرام زادہ ؛ حرامی ؛ فطری شکل میں ؛ دوبارہ پیدا نکردہ ؛ جبلّی حق یا یقین پر مبنی ۔ (موسیقی) نہ تیور نہ کومل ، جیسے سُر ؛ غیر اِمتزاجی ، جیسے 'سی' اسکیل میں ؛ والو (valves) کے بغیر جیسے نرسنگھے یا

چارٹر کیا ہو اور لازماً وفاقی ریز رو سِسٹم ، فیڈرل ڈپازٹ ، انشورنس کارپوریشن کا رُکن ہو۔

National Guard, n.
قومی محافظ ؛ وہ ملیشیا (militia) جسے کوئی ریاست مُنظّم کرے اور ایک حد تک اس کے اخراجات کی کفیل ہو، باقی اخراجات وفاقی حکومت برداشت کرے اور جو ریاست کی خدمت اور فوج کا حصّہ بننے کے لیے موجود ہو۔

national income, n.
(معاشیات) قومی آمدنی ؛ کسی خاص مُدّت عموماً ایک سال کے عرصہ میں کسی قوم کی پیداوار اور خدمات کے تمام ذریعوں سے حاصل ہونے والی کُل آمدنی بشمول معاوضہ جات ملازمین ، کرایہ داری اور سُود سے آمدن اور محصول کی ادائیگی کے بعد کاروباری منافع ۔ دیکھیے : gross national product اور net national product ۔

nationalism, n.
قوم پرستی ؛ مِلیت ؛ قومی جذبہ اور تمنّائیں ؛ اپنی قوم کے مفادات کا والہانہ جذبہ ؛ قومی ترقی اور خودمختاری کی خواہش ؛ مِلّت پروری ؛ جذبۂ قومیّت ۔

nationalist, n.
قوم پرست ؛ قومی جذبے سے سرشار ؛ قومی خودمختاری کا حامی ؛ ملّت پرست ۔ (صفت) قوم پرستانہ ؛ قوم پرستی کا حامی ۔

nationalistic, a.
قوم پرستانہ ۔

nationalistically, adv.
قوم پرستانہ طور پر ۔

nationality, n.
قومیّت ؛ قومی وصف یا خصوصیّت ؛ کسی قوم یا ملک سے متعلق ہونا یا اسکے ساتھ رشتہ/وابستگی یا اس میں پیدایش ؛ اپنی قوم سے عقیدت و ارادت ؛ قوم پرستی ؛ ایک مخصوص قوم کی حیثیت سے وجود ؛ قومی سالمیت یا آزادی ؛ ایک قوم یا عوام ، جیسے جزیرہ نمائے بلقان کی مختلف قومیّتیں ؛ قوم ؛ مِلت ۔

nationalize, v.t.
قومیانا ؛ قومی بنانا ؛ قوم کے اختیار یا مِلکیت میں لانا ، جیسے صنعتیں یا اراضی ؛ قوم کے جُزو کی حیثیت سے تسلیم یا قائم کرنا ، جیسے اشخاص کو ؛ ملکی بنانا ؛ قوم بنانا جیسے نو آبادی کو ؛ وطنانا ۔ (فعل لازم) حقوقِ قومیّت حاصل کرنا ؛ قوم میں شامل ہو جانا ؛ قومی مِلک بننا ۔

nationalization, n.
قومی بنانے یا وطنانے کا عمل ؛ قوم کی ملکیت میں لینے کا عمل ۔

nationalizer, n.
ملکی بنانے والا ؛ قومیانے یا وطنانے والا ۔

national park, n.
قومی پارک ؛ ایسا علاقہ جو خوبصورت مناظر ، تاریخی دلچسپی یا سائنسی اہمیت کی وجہ سے نمایاں ہو اور مطالعۂ عامہ یا تفریحی اغراض کے لیے جس کی دیکھ بھال قومی حکومت کرے۔

national product, n.
قومی پیداوار ۔ دیکھیے : gross national product اور net national product ۔

National Socialism, n.
قومی اشتراکیّت ؛ جرمنی کے آمر اڈولف ہٹلر ۱۹۳۳ء سے ۱۹۴۵ء تک کے تحت نازی پارٹی کی ہمہ گیر پالیسیاں اور معمُولات ۔

National Socialist, n., a.
قومی اشتراکی ؛ قومی اشتراکیت پسند ۔

nationwide, a.
ساری قوم پر مُحیط ؛ قومی سطح پر ۔

native, a.
مقامی ؛ مُلکی ؛ دیسی ؛ جائے ولادت یا حالات سے متعلق ؛ محلِ پیدایش ؛ پیدایش سے حاصل شدہ ؛ فِطرت سے

تُرنی ـ (اسم) (بول چال) وہ شخص جو کسی شعبے میں جبّلی صلاحیتّوں کا مالک ہو ـ (موسیقی) سُر میں وہ نشان یا علامت جو سابقہ تبدیلی کو منسُوخ کر دے ؛ ایسا سُر جو کسی قُدرتی عِلامت سے متاثّر ہو ـ

naturally, adv.
فِطری طور پر ؛ بے تکلّفانہ ؛ فطرتاً ـ

naturalness, n.
قُدرتی پن ؛ بے تکلفی ؛ بے ساختگی ؛ برجستگی ؛ ہمواری ـ

natural childbirth, n.
قُدرتی وضع حمل ؛ وضعِ حمل جس کے لیے زچہ جسمانی اور نفسیاتی طور پر پہلے ہی مشق و ریاضت اور تعلیم کے ذریعے تیّار ہو جس سے درد اور تناؤ (تشنُج) کم ہو جائیں اور دواؤں کی ضرورت پیش نہ آئے ـ

natural gas, n.
قُدرتی گیس ؛ برکانی گیس ؛ وہ آتش گیر گیس جو زمین ، خصوصاً پٹرولی علاقوں میں قُدرتی طور پر پائی جاتی ہے اور خاص طور سے میتھین پر مُشتمل ہوتی ہے جس میں دوسری گیسیں بھی مختلف مقدار میں پائی جاتی ہیں ؛ یہ گیس ایندھن اورایسی ٹی لین ، کاربن بلیک اور دوسری چیزیں بنانے کے لیے خام مواد کے طور پر کام آتی ہے ـ

natural history, n.
تاریخ طبیعی/فطری ؛ تاریخ موجودات ؛ فِطرت کا وسیع ترین معنوں میں مطالعہ اور اس کی منظر کشی ، بالخصوص ایسے پیرائے میں جس سے عام دلچسپی اور شوق پیدا ہو ؛ مجموعی طور پر حیاتیاتی اور ارضی علوم ؛ حیوانیات و نباتیات ؛ خواصُ الاشیا ؛ قُدرتی سائنسوں کے کسی موضوع پر مقالہ ـ

naturalism, n.
فِطرت پَرستی ؛ نیچریّت ؛ فِطریّت ؛ صرف فِطری جبِلّتوں اور تمنّاؤں سے پیدا ہونے والا یا اُن پر مبنی عمل ؛ فطری باتوں سے وابستگی یا اُنس ـ (ادب و فن) فِطرت یا حقیقت سے گہری وابستگی ؛ حقیقت پسندی ؛ واقعیّت ، بالخصوص انیسویں اور بیسویں صدی کے واقعیّت نگاروں بشمول فرانسیسی مصنف ایملی زولا کا نقطۂ نظر : ان مُصنّفین کا مقصد جدید زندگی کی معروضی، غیر جانب دارانہ اور تفصیلی تصویر کشی تھا جس میں آزاد ارادے کی بجائے اقتصادی اور معاشرتی عناصر کی اہمیّت پر زور دیا جاتا تھا ـ (فلسفہ) دنیا کے بارے میں وہ نقطۂ نظر جو صرف فطری عناصر اور قوتوں یا سائنسی قوانین کو ملحوظ رکھتے ہوئے اور فوقُ الفطرت ، روحانی یا غایتی دلائل کو نظر انداز کرتا ہے ـ (الٰہیات) یہ نظریہ کہ تمام دینی حقائق الہام کی بجائے مطالعۂ قدرت سے حاصل ہوتے ہیں ؛ دہریّت ؛ فِطرت پسندی ـ

naturalist, n.
فطرت پرست ؛ نیچری ؛ طبیعی تاریخ یا عُلُوم کا ماہر ؛ وہ شخص جو حیوانات و نباتات کا مطالعہ کرتا ہے ؛ فِطرت پرستی کا حامی ؛ دہریہ ؛ فطرت پرست ؛ ماہرِ موجودات ـ

naturalistic, a.
فِطرت پسندانہ ؛ فِطرت یا دہریّت کے متعلق ؛ فِطرت پسندوں یا فطری تاریخ کے ماہروں سے متعلق خصوصاً ادب و فن میں ؛ فطرت کے بارے میں یا فطرت کے مطابق ؛ طبیعی ـ

naturalistically, adv.
فطرت پسندانہ ؛ فطری انداز میں ـ

naturalize, (Brit.), naturalise, v.t.,v.i
کسی کو مقامی شہری حقوق اور مراعات عطا کرنا؛ پودوں یا حیوانات کو ماحول کا عادی بنانا ؛ دیسی یا مُلکی بنانا ، جیسے دیگر زبانوں کے الفاظ کو اپنانا ؛ کسی بات کو مافوق الفطرت ہستی یا سبب کی بجائے قدرتی اسباب کا نتیجہ قرار دینا ؛ قدرت کے مطابق بنانا ـ (فعل لازم) اختیار کرنا؛ فطری علوم کا مطالعہ کرنا ـ

naturalization, n.
فِطرت سے تطبیق ؛ فِطری بنانے کا عمل ؛ توطّن ؛ وطن گیری ـ

natural law, n.
فِطری قانُون ؛ قُدرتی قانُون ؛ وہ ضابطۂ کردار جو انسان، مذہب یا قُدرت کے فِطرتی اِخلاقیات پر مبنی ہو اور رسمی قوانین کی عدم موجودگی میں معاشرے کے لیے اُس کی پابندی لازم گردانی جائے ؛ قانونِ قُدرت ـ

natural logarithm,
Napierian logarithm, n.
(ریاضی) طبیعی لوگارتھم ؛ لوگارتھم جس میں ای ، ۸ ۲+ کو اساس بناتے ہیں ـ

natural number, n.
(ریاضی) قُدرتی عدد ؛ ا ـ د ـ کوئی مثبت سالم عدد ؛

natural philosophy, n.
قُدرتی فلسفہ؛ نیچرل سائنس علم طبیعی ـ

natural resource, n.
(عموماً جمع) قُدرتی وسائل ؛ کسی مُلک کی مجموعی ترقی یافتہ یا بالقوہ طبیعی اور حیاتیاتی دولت ، جیسے تیل ، معدنیات، جنگلات اور پانی ؛ مُلکی صلاحیّت ـ

natural science, n.
طبیعی عِلم ، طبیعی سائنس ؛ کوئی سائنس جیسے حیاتیات ، ارضیات، جس کا تعلق اشیا اور مظاہر فِطرت سے ہو ـ

natural selection, n.
(حیاتیات) طبیعی انتخاب ؛ یہ نظریہ کہ فطرت ان انواع کو برقرار اور دائمی رکھنے کی طرف مائل ہے جو خاص قسم کے موروثی اوصاف کی حامل ہوں جو انھیں اپنے ماحول میں برقرار رہنے کے لیے سب سے زیادہ موزوں ہوں ؛ انتخاب فِطرت ؛ بقائے اصلح ـ

natural theology, n.
فِطری الٰہیات ؛ کونی دینی نظام جو دنیائے فطرت کے مطالعہ اور عقل کے اِستعمال سے پیدا ہو نہ کہ الہام سے ؛ فِطری دینیات ؛ دہریّت ـ

nature, n.
فطرت ؛ قُدرت ؛ مایا ، عالَم ؛ کائنات ؛ کسی شخص یا شے کی پیدائش یا خلقت کی بنا پر اوصاف کا مختصر مجموعہ ؛ وہ جبلّتیں یا خِلقی رُجحانات جن سے ذاتی رویّہ مرتّب ہوتا ہے ؛ طبیعی یا جبِلّی کردار یا مزاج یا اِکتسابی کردار یا مزاج ؛ وہ شخص جو اِن کا حامل ہو (جیسے : there goes a stubborn nature) ؛ قسم یا نوع (جیسے : .a story of that nature) ؛ لازمی توانائی (جیسے : food sufficient to sustain nature) ؛ کائنات اپنے تمام مظاہر کے ساتھ ـ (بعض اوقات بڑے N کے ساتھ) ان تمام قُوّتوں کا مجموعہ جو ساری کائنات میں مجموعی طور پر کارفرما ہیں ؛ مادّی دُنیا ؛ بالخصُوص جو انسان پر حاوی ہوں اور اس کی سرگرمیوں سے قطع نظر بطورِ خود موجود ہوں ؛ حقیقت فن کے اثرات سے مُمتاز (جیسے : true to nature) ؛ ابتدائی ، وحشیانہ یا غیر تربیت یافتہ حالت ؛ قُدرتی ، سادہ حالت ـ (الٰہیات) الہامی رہنمائی کے بغیر اخلاقی حالت ؛ بے توفیق اخلاقی حالت ـ

by nature,
طبعاً ؛ فطرتاً ؛ خِلقی طور پر ـ

naturopathy, n.
فِطری طریقِ علاج ؛ علاجِ فطری ؛ دواؤں یا جرّاحی کے بغیر علالت یا مرض کا طریقِ علاج جس میں مناسب خوراک ، سینک ، ورزش اور مالش سے قُدرتی شفایابی کو مدد پہنچائی جاتی ہے ـ

naturopath, n. ماہرِ عِلاج فِطری ؛ فطری طریقِ علاج کا معالج ۔

naturopathic, a. علاج فطری سے متعلق ۔

naught, n., a., adv. ہیچ ؛ نفی ۔ (ریاضی) صِفر ۔

naughty, a. بُرا ؛ بیہودہ ؛ شریر یا بَد اطوار (جیسے : a naughty child)؛ نامناسب ؛ فُحش (جیسے : a naughty magazine, a naughty fellow) ۔

naughtily, adv. شرارت سے ؛ بیہود گی سے ۔

naughtiness, n. شرارت، شوخی ، بیہود گی ۔

nausea, n. غثیان ؛ مَتلی یا خرابیٔ مِعدہ ، جس میں بالعُموم اُبکائی آتی ہے ؛ کراہت ؛ حقارت ۔

nauseate, v.i. متلی یا کراہت محسوس کرنا؛ طبیعت کا مالش کرنا ، اُبکائی آنا، قے کرنے کی طرف مائل ہونا ۔ (فعل متعدی) بیمار کرنا ؛ مُتنفِّر کرنا ۔

nauseating, a. قے آور ؛ جس سے متلی ہو۔

nauseatingly, adv. کراہت کے ساتھ ؛ نفرت یا گِھن کے ساتھ ؛ کراہت انگیزی سے ۔

nauseous, a. قے آور ؛ مکروہ یا حقارت آمیز ؛ متلی کی کیفیت پیدا کرنے والا ۔ (بول چال) اِمتلائی کیفیت کا مریض ۔

nauseously, adv. گھناؤنے طریقے سے ؛ مکروہ طریقے سے ؛ کراہت سے ۔

nauseousness, n. مکروہ پن ؛ گھناؤنا پن ؛ کراہیّت ۔

nautch, n. [اردو] ناچ ؛ برصغیر کی پیشہ ور طوائفوں یا نرتکیوں کا رقص ۔

nautical, a. بحری ؛ جہازی ؛ ملاّحی یا جہاز رانی سے متعلق ؛ جہاز کا ؛ متعلق بہ جہاز یا جہاز رانی ؛ ملاّحوں کا ۔

nautically, adv. جہاز رانی کے طور پر ؛ ملاّحی طریقہ سے ۔

nautical mile, n. دیکھیے : mile ۔

nautilus, chambered nautilus, pearly nautilus, n. ناٹیلس ؛ حلزونۂ کاغذی ؛ ایک خاص قسم کی مچھلی سرپایہ جس کا خول چمک دار اور بل دار خانوں کا ہوتا ہے ؛ خانے دار سرپایہ ؛ صد فی سرپایہ ۔نیز : paper nautilus ۔ (بڑے N کے ساتھ) جوہری قوّت سے چلنے والی پہلی آبدوز جو امریکی بحریہ کے لیے مُہیّا کی گئی ۔

Navaho, Navajo, n., a. اری زونا ، نیو میکسیکو اور اُتاہ کے مخصوص علاقوں میں رہنے والے ریڈ انڈین کا قبیلہ یا اس کارکن ، یہ قبیلہ امریکا کے ریڈانڈین کا سب سے بڑا گروہ ہے ؛ اس قبیلے کی زبان جواتھاپاسکن بولی کہلاتی ہے ۔

naval, a. بحری ؛ جہازوں یا جہازوں میں لڑنے والی افواج سے متعلق ؛ جنگی جہازوں یا بحریہ سے متعلق ۔

nave, n. وسطِ کلیسا ؛ نیو ؛ گرجے کا وہ لمبا درمیانی حِصّہ جس میں بالعُموم پادریوں کی کلیر اسٹوری یعنی بغلی راستوں کی چھت سے اُوپر دیوار کا کھڑکی دار حصّہ بھی شامل ہوتا ہے جس سے روشنی آئے ؛ نافِ کلیسا ۔

nave, n. نافِ چرخ ؛ پہیّے کے وسط میں ایک موٹا ٹُکڑا جس میں بَلی یا ڈنڈا اور دُھرا ڈالا جاتا ہے ؛ پہیّے کا درمیانی یا بیچ کا حصّہ ، پہیّے کا مدار یا مرکز ؛ پہیّے کی ناہ ۔

navel, n. ناف ؛ دھرن ؟ نافہ ؛ ایک نشان عموماً گڑھا یا دبا ہوا حصّہ جو پیٹ کی سطح کے درمیان نال کے الگ ہونے کے مقام پر ہوتا ہے ؛ اسی طرح کا کوئی گڑھا جیسے سنگترے پر ۔ (مجازاً) کسی چیز یا جگہ کا مرکزی نُقطہ یا وَسط ۔

navel orange, n. نافی سنگترہ ؛ سنگترے کی ایک قسم جس کی چوٹی پر ناف جیسی گھنڈی ہوتی ہے اور اس میں چھوٹا سا ذیلی پھل ہوتا ہے ۔

navicular, a. کشتی نُما ؛ ناؤ کی شکل کا (جیسے : navicular bone of the wrist or ankle) ۔ (اسم) کشتی نُما ہونے کی وجہ سے کلائی یا ٹخنے کی ہڈی کا نام ؛ زورقی ؛ عظمِ زورقی ۔

navigable, a. قابلِ جہاز رانی ؛ جہازوں کو راہ دینے کے قابل ؛ قابلِ کشتی رانی ۔

navigability, navigableness, n. جہاز رانی کی قابلیّت ؛ بحری سفر کی صلاحیت ۔

navigably, adv. جہاز رانی کے طور پر۔

navigate, v.i. جہاز رانی کرنا ؛ جہاز یا کشتی میں پانی پر سفر کرنا؛ جہاز کی رہنمائی کرنا ؛ جہاز چلانا ؛ جہاز یا گاڑی کی راہ متعیّن کرنا یا اُس کی منصوبہ بندی کرنا ۔ (فعل متعدی) جہاز میں سفر کرنا ، جہازوں کو چلانا یا ان کے چلنے کا اہتمام کرنا ؛ جہازوں کی نقل و حرکت کی منصوبہ بندی یا اُن کی پوزیشن معلوم کرنا ۔

navigation, n. جہاز رانی ؛ جہاز رانی کا عمل ؛ جہاز رانی کا طریقہ یا فن ؛ ہوائی جہازوں یا دوسرے جہازوں کے مقام ، رفتار، منزل اور سمت کے تعیُّن کا عِلم ۔

navigational, a. جہاز رانی سے متعلّق ۔

navigationally, adv. جہاز رانی کے طور پر ؛ جہاز رانی کے انداز میں ۔

navigator, n. جہاز راں ؛ ماہر جہاز رانی ؛ بحری یا ہوائی جہاز کی راہ متعیّن کرنے والا ۔

navvy, n. (برطانوی) تعمیراتی مزدور؛ حفّارہ (مشین)؛کُھدائی کی مشین ۔

navy, n. بحریہ ؛ بحری فوج ؛ نیوی ؛ کسی مُلک کے تمام جنگی جہاز ۔ (عموماً بڑے N کے ساتھ) بحری دفاع کے لیے ادارے اور سامان ، جیسے عملہ ، جہاز ، (یارڈ) اڈے ؛ بحری اکادمیاں بشمول ان سرکاری محکموں کے جو اُن کی نگرانی کرتے ہیں ؛ ایک گہرا نیلا رنگ ۔نیز:Navy blue ۔ بحری بیڑا ۔

navy bean, n. بحری لوبیا ؛ ایک خُشک سفید رنگ کا لوبیا (لوبیے کی طرح کا بیج یا دانہ) جو گردہ نُما لوبیے کا ہم جنس ہے ، اس نام سے اس لیے موسُوم ہے کہ اسے امریکی بحریہ استعمال کرتی ہے ۔

Navy Cross, n. نیوی کراس : صلیب نُما کانسی کا تمغا ، جو جنگ میں بہادُرانہ کارنامے انجام دینے کے صلے میں امریکی بحریہ کے افراد کو دیا جاتا ہے ۔

navy yard, n. بحریہ گُودی: نیوی یارڈ ؛ بحریہ کے سازوسامان ، تعمیر اور مرمت اور دوسرے اسباب جمع یا اکٹھا کرنے کی جگہ ؛ ڈاک یارڈ ۔

nawab, n. [اُردُو] نوابؔ ؛ عہدِ مغلیہ میں کسی علاقہ کا حکمران ؛ حاکمِ صُوبہ ؛ حاکم علاقہ ؛ نائب ۔ نیز دیکھیے :nabob ۔

nay, adv. نہیں ؛ نفی یا انکار کے لیے کلمہ ؛ بے شک؛ جو اس لیے استعمال کیا جاتا ہے کہ ابھی کُچھ اور کہنا ہے (جیسے: asking, nay, begging for order) ؛ بلکہ نہیں ؛ نہ ؛ اوں ہوں ؛ بالعکس ۔ (اسم) اِنکار ؛ تردید ؛ نفی ؛ منفی ووٹ ڈالنے والا یا منفی ووٹ ۔

Nazarene, n. ناصری ؛ ناصرہ کا باشندہ ؛ حضرت عیسیٰ اور ان کے ابتدائی پیروؤں کا نام ؛ ناصری کلیسا کا رُکن ؛ ویزلی نظریوں کا معتقد ایک پروٹسٹنٹ فرقہ ؛ نصرانی ۔

Nazarite, Nazirite, n. نذری ؛ قدیم زمانے کا یہودی جو بعض قسموں اور افعال کے ساتھ خود کو یہوواہ کی خدمت کے لیے وقف کر دیتا تھا ؛ غلط طور پر ناصری کے لیے مستعمل ہے ۔

Nazi, n. نازی ؛ ناتسی ؛ جرمنی کی نیشنل سوشلسٹ پارٹی کا رُکن جس نے ۱۹۳۳ء میں اڈولف ہٹلر کے تحت سیاسی اقتدار حاصل کیا تھا ۔ (اکثر چھوٹے n سے) ایسا شخص جو ان عقائد کا قائل ہو ۔ (صفت) نازیوں سے متعلّق ۔

nazification, n. نازی سازی ؛ نازی بنانے کا عمل ۔

nazify, v.t. نازی بنانا ۔

Nazism, Naziism, n. نازی اِزم ؛ نازی نظریہ ۔

Neanderthal, a. نینڈرتھل ؛ وسط حجری دور کے انسان سے مشابہ ۔ (اسم) وسط حجری انسان ۔ (مجازاً) کوئی بھدّا بے ہنگم ، اکھّڑ آدمی ؛ دقیانوسی انسان ۔ نیز:neanderthaler ۔

Neanderthal man, n. نینڈر تھل آدمی ؛ وسط حجری دور کا انسان ؛ حجری دور (پتھر کے زمانہ) کا غاروں میں رہنے والا اِنسان جو ہوموـنینڈرتھالینسٹ (Homo neanderthalenist) کہلاتا تھا اور جس کی ہڈّیاں یورپ اور افریقہ وایشیا کے بعض حصّوں میں پائی گئی ہیں ۔

neap, a. جزر؛ مدِّاصغر ؛ پست یا اُونچا نہ جانے والا ، جیسے جوار بھاٹا جو چاند کے پہلے اور تیسرے ہفتے کے شروع میں ہوتا ہے ۔ (اسم) جوار بھاٹوں میں سب سے پَست یا اس کا وقت ؛ spring tide کا متضاد ۔ نیز:neaptide ۔

Neapolitan ice cream, n. برف یا مختلف ذائقوں کی آئس کریموں کی تہ در تہ خشتی بناوٹ ؛ آئس کریم کی سِل ۔

near, a. نزدیک ؛ قریب ؛ قرین ؛ جو فاصلے ، وقت یا درجے میں بعید نہ ہو ؛ نزدیک کا خونی رشتہ (جیسے: a near relation) ؛ بے تکلّف یا خُوب واقف اور آشنا ؛ لنگوٹیا یار ؛ قریب تر یا لفظی جیسے ترجُمہ ؛ بمشکل جیسے بچاؤ (بال بال بچنا) ؛ مختصر ، چھوٹا یا جو بَل دار اور پیچدار نہ ہو ؛ کنجُوس ؛ خسیس ؛ گھوڑے یا گاڑی کی بائیں جانب ؛ off کے برعکس (جیسے : near foreleg) ۔ (متعلق فعل) تھوڑے سے وقت ، فاصلے یا درجے میں ؛ تقریباً (جیسے : near six feet tall) ؛ قریب سے ۔ (جہاز رانی) ہوا کے قریب ۔ (حرف جار) زیادہ دور نہیں ؛ پاس ؛ دھورے ؛ آس پاس؛ لگ بھگ؛ قریب ۔ (فعل لازم و متعدی) قریب آنا ؛ نزدیک آنا ؛ پاس آنا ؛ قریب پہنچنا ؛ دھورے آنا ۔

nearly, adv. تقریباً ، قریب قریب ، قریباً ۔

nearness, n. قربت ؛ قُرب ، نزدیکی ؛ تقرُب ۔

nearby, a. بہت قریب ؛ پاس ؛ مُتصِل ؛ پڑوس میں ؛ قریب ہی ؛ تھوڑے فاصلے پر ۔

Nearctic, a. (حیوانی جغرافیہ) نوشمالی ؛ نیارکٹک ؛ شمالی امریکا بشمول گرین لینڈ کے معتدل اور شمالی علاقوں سے متعلق یا اُن سے نسبت رکھنے والا ۔

near-point, n. (علمِ امراضِ چشم) نقطۂ قریب ؛ کم سے کم فاصلہ جس سے آنکھ کسی چھوٹی شے کو واضح طور پر دیکھ سکتی ہے ۔

near-sighted, a. قریب بِین ؛ کم نظر ؛ جو صرف تھوڑے فاصلہ سے واضح طور پر دیکھ سکتا ہو ؛ قریب نظر ؛ نزدیک بین ؛ کوتاہ بین ۔

near-sightedly, adv. کم نظری سے ؛ کوتاہ بینی سے ۔

near-sightedness, n. کم نظری ؛ کوتاہ بینی ۔

neat, a. صاف ؛ چیزوں کو ترتیب سے رکھنے والا ؛ سلیقہ مند ؛ صاف سُتھری ؛ صاف سُتھرا ؛ گُفتگُو ، شکل اور وضع میں سادہ اور باقاعدہ ؛ چاچتُلا ، ہوشیار ، چابُکدست یا استادانہ (جیسے : neat solution to the problem) ؛ خالص یا بلا ملاوٹ ، جیسے شراب بغیر ملاوٹ کے؛ خالص جس میں سے تمام اخراجات نفی کر دیے گئے ہوں ۔ (عوامی) عظیم ؛ نفیس ؛ عُمدہ ۔

neatly, adv. ستھرائی سے ؛ نفاست سے ؛ عُمدگی سے ، خوش اسلُوبی سے ۔

neatness, n. عمدگی ؛ نفاست ؛ کاریگری ؛ خوش اُسلُوبی ؛ صفائی ۔

neat, n. مویشی ؛ ڈھور ڈنگر قسم کے جانور، جیسے بیل ، گائے ؛ اجتماعی یا انفرادی طور پر مُستعمل ۔

neath, 'neath, prep. (بولی) (شاعری) beneath کی بجائے؛ نیچے ؛ تلے ؛ زیر ۔

neat's-foot oil, babulum oil, hoof oil, n. کُھرتیل ؛ ایک ہلکا پُھلکا تیل جو جانوروں کی ہڈیوں اور کُھروں سے بنایا جاتا ہے جو نرم اور چکنا کرنے کے لیے صنعت چرم سازی میں استعمال ہوتا ہے ۔

nebbish, n. (عوامی) پھوہڑ، جھینبو ، نکمّا شخص ۔

nebula, n. (فلکیات) سحابیہ ؛ سدیم ؛ ستاروں کے درمیان روشن یا تاریک بادل نما انبار ، جو گیس اور گرد و غُبار کی تھوڑی سی مقدار سے بنتا ہے ؛ گیسی مادّے سے گھرا ہوا ستارہ ؛ ستاروں کا جُھرمٹ ، بالخصوص وہ جو کہکشاں سے پرے ہو ۔ (امراضیات) بصری دُھندلاپن ؛ پردۂ چشم پر چھوٹا سا دھندلا دھبّہ ؛ غُبارِ چشم ؛ جالا ؛ دُھندلا پیشاب ۔ (طِب) جوہری تحلیل سے تیار کیا جانے والا چکنا مادہ یا دوا ۔

nebular, a. سدیمی ۔

nebular hypothesis, n. سدیمی نظریہ ؛ مفروضۂ سدیمیہ ؛ آفرینشِ کائنات کا وہ نظریہ جو فرانسیسی ہیئت داں لاپلاس (Laplace) نے ۱۷۹۶ء میں پیش کیا تھا جس کے مطابق نظام شمسی کے اجرام فضا میں گیسی مادہ کے ٹھوس ہو کر جم جانے سے پیدا ہوئے ہیں جسے ایک چکر کھاتے ہوئے سدیمی مادے نے ایک کے بعد دوسرے مدار میں پھینک دیا تھا ۔

nebulize, v.t. پیس کر باریک ذرات بنا دینا ؛ ایٹمی بنا دینا ، تحلیل کرنا ۔ (فعل لازم) ناصاف یا دُھندلا ہونا ؛ دُھندلانا ۔

nebulizer, n. باریک پیسنے والا ؛ دُھندلانے والا ؛

تحلیل کرنے والا ۔

nebulous, a. غیر واضح ؛ ناصاف ؛ مُبہم ؛ دھندلا ؛ پریشان ؛ ابرآلود ؛ ابرنُما ؛ سدیمی ؛ سدیم سے متعلق یا اس سے مِلتا جُلتا ۔

nebulously, adv. سدیمی طور پر ؛ غیر واضح طور پر ۔

nebulousness, n. ابہام ؛ تکدّر ، ابر آلودگی ۔

necessary, a. ضَروری ؛ ناگُزیر ؛ لازمی ؛ جسے لازماً ہونا چاہیے ؛ جبراً یا ضرورتاً واقع یا موجود ہونے والا ؛ مجبوری یا ضرورت سے وقوع پذیر جیسے لازمی عامِل ؛ غیرآزاد ؛ غیرارادی ؛ جس سے گریز ممکن نہ ہو ؛ جس کے بغیر چارہ نہ ہو ۔ (اسم) ضروری چیز ؛ ناگزیر چیز ؛ مطلُوبہ چیز ؛ لازمہ ۔ (نیوانگلینڈ، بولی) بیتُ الخلا یا طہارت خانہ ؛ قدری ۔

necessarily, adv. لازماً ، ضروری طور پر ؛ بالضرور ؛ ضرورتاً ؛ لابُد ۔

necessariness, n. مجبُوری ، لابُدی یا ضروری ہونے کی کیفیت ۔

necessary condition, n. (منطق) ضروری حالت ؛ لازمی شرط ؛ ایک مسئلہ جس کا صحیح ہونا اس لیے ضروری ہے تاکہ دوسرا مسئلہ بھی صحیح ہو ۔

necessitarianism, necessarianism, n. جبریّت ؛ عقیدۂ جبر ؛ یہ نظریہ کہ ارادہ متقدّم اسباب پر موقوف ہے ؛ قدریّت ؛ جبر پسندی ؛ آزادیِ ارادہ کی ضد ۔

necessitarian, necessarian, n. جبری ؛ تقدیر پرست ؛ نظریۂ جبر و قدر کا قائل ۔

necessitate, v.t. ضروری قراردینا ؛ لازمی بنانا (جیسے : repairs on the highway necessitated overtaking a detour.) ؛ مجبور کر دینا (جیسے : The law necessitated registration of guns) ۔

necessitation, n. مجبوری ۔

necessitative, a. مجبور کرنے والا ؛ مجبور کُن ۔

necessitous, a. غریب ؛ نادار ؛ مُحتاج ؛ ناگُزیر یا ضروری (جیسے : The theater is closed untill necessitous repairs can be made) ؛ فوری ؛ اشد ضروری (جیسے : Necessitous action is required before the river floods,) ۔

necessitously, adv. ضرورت مندانہ ، ناگزیر طور پر ۔

necessitousness, n. غُربت ؛ ناداری ؛ مُحتاجی ؛ ناگُزیری ۔

necessity, n. احتیاج ؛ ضرورت ؛ فوراً یا لازمی ہونے کی حالت ؛ ایسی صورتِ حال جو کُچھ نہ کُچھ کرنے کی متقاضی ہو ؛ ناگُزیر ہونے کی حالت ؛ جس کے بغیر چارہ نہ ہو ؛ حاجت ؛ ناقابل مزاحمت مجبوری ، حالات کا تقاضا ؛ ارادے کا مُطلقاً نیّت پر موقوف ہونا ؛ لازمہ ، ضروری بات یا چیز ؛ شدید غربت ؛ اذیت ناک مفلسی ۔

neck, n. گلا ، عُنُق ؛ گردن ؛ جسم کا وہ حصّہ جو سر اور دھڑ کو ملاتا ہے ؛ پوشاک کا وہ حصّہ جو گردن کو لپیٹتا یا اس تک پہنچتا ہو ؛ دوڑ میں پیمانے کے طور پر گھوڑے یا کسی دوسرے جانور کی گردن کی لمبائی ؛ کوئی بھی تنگ جوڑ یا حصّہ جس سے کسی جانور کی گردن کا تصّور پیدا ہو ؛ زمین کا لمبوترا خاکنائے یا زمین کی تنگ پٹّی جو کسی راس میں پانی کے دوبڑے قطعات کو ملائے ؛ بوتل یا ایسی ہی کسی اور چیز کا تنگ حصہ ؛ گٹار یا ستار کا لمبا پتلا حصّہ جو دھڑ سے سر تک ہو ۔ (ارضیات) لاوے کا جما ہوا ٹکڑا ۔ (طباعت) ٹائپ کے چہرے اور کندھے کا درمیانی حصہ ۔ (فنِ تعمیر) لاٹ کا سب سے نِچلا حصّہ جو ستون کے بالائی حصّہ پر واقع ہوتا ہے ۔ (تشریحُ الاعضا) ہڈی یا عُضو کا بھِنچا ہوا حصہ ۔ (دندان سازی) دانت کے بالائی حصے اور جڑ کا درمیانی حصّہ ۔ (فعل متعدی) گردن یا گلا گھونٹنا ۔ (فعل لازم) (عوامی) سینے سے لگانا یا پیار کرنا ۔

break one's neck, (عوامی) سر توڑ کوشش کرنا ؛ جان مار کر کام کرنا ؛ انتہائی کوشش کرنا ۔

get in the neck, (عوامی) ظُلم کا شِکار ہونا ؛ مَردُود ہونا ۔

neck and neck, پہلُو بہ پہلُو ؛ دوش بدوش ؛برابر برابر ؛ شانہ بہ شانہ ؛ بالکل ساتھ ساتھ ۔

neck of the woods, (عوامی) علاقہ ؛ مقام ۔

save one's own neck, اپنے آپ کو خطرے یا مُشکلات سے بچانا،اکثر دوسرے کو ان میں جھونک کر ۔

win by a neck, (عوامی) بڑے ہی کم فرق سے جِیت جانا ۔

neckless, a. بے گردن ۔

necklike, a. گردن نُما ۔

neckerchief, n. گلے کا رومال ؛ گُلو بند جو عورت یا مرد اپنی گردن کے گرد لپیٹتے ہیں ۔

necking, n. (فن تعمیر) سرستون ؛ گردنی ؛ بُرجی کی کارنس اور ستون کے درمیان آرایشی حاشیہ ۔ (عوامی) بوس و کنار ؛ پیار دُلار ۔

necklace, n. گُلو بند ؛ قیمتی پتّھروں اور مَنکوں وغیرہ سے تیّار کیا ہوا زیور ، جسے گردن میں پہنتے ہیں ؛ گلے کا زیور ؛ چمپاکلی ؛ ہار ؛ مالا ؛ کنٹھی ۔

neckline, n. قمیص کا گلا ؛ زنانہ پوشاک کے اس حصے کی وضع جس سے گردن کی ساخت ظاہر ہو (جیسے : a U shaped neckline) ۔

necktie, n. ٹائی ؛ نکٹائی ؛ کپڑے کی پَٹّی جو قمیص کے کالر کے نیچے گردن میں باندھی جاتی ہے اور سامنے سے گِرہ دی جاتی ہے ؛ گلے میں باندھنے والا رُومال ؛ بو یا ٹائی جو ٹھوڑی کے نیچے پہنے جاتے ہیں ۔

necrology, n. موت کا نوٹِس ؛ اموات یا تعزیتوں کا رجسٹر ؛ رجسٹرِ اموات ؛ فہرستِ مُردگان ؛ فہرستِ اموات ؛ اطلاعِ وفات ۔

necrologic, necrological, a. فہرست اموات سے متعلّق ۔

necrologically, adv. موت کی خبر کے طور پر ۔

necrologist, n. موت کی اطلاع دینے والا ۔

necromancy, n. حاضرات ؛ احضارِ اموات ؛ مُردوں کی ارواح کو طلب کرکے بات چیت سے آئندہ واقعات معلوم کرنے یا ان پر اثر انداز ہونے کا فن ؛ کالا جادُو ؛ جادُو گری ؛ سِحر ۔

necromancer, n. ساحِر ؛ جادُوگر ؛ سیانا ، حضراتی ۔

necromantic, a. ساحِرانہ؛حاضراتی ۔

necromantically, adv. ساحرانہ طور پر ؛ حاضراتی طور پر ۔

necrophagous, a. مُردہ خور ؛ مُردار خور ؛

مُردار کھانے والا ؛ لاشہ خور ۔

necrophagy, n. مُردہ خوری ؛ لاشہ خوری ۔

necropolis, n. قبرستان ، خصوصاً کسی قدیم شہر کا گورستان ؛ شہرِ خموشاں ۔

necropsy, n. لاش بینی ؛ موت کے بعد کسی لاش کا معائنہ ؛ پوسٹ مارٹم یا کسی لاش کا طِبّی معائنہ اور چیرپھاڑ ؛ معائنۂ لاش ۔

necrosis, n. (امراضیات) نخز العظام ؛ نواتی یا مرکزی ڈھانچے کو ناقابل تلافی نُقصان کے باعث خُلیاتی مادّے یا نسیج کے کسی حصّے کی موت ۔ (نباتیات) پودوں کی ایک حالتِ مرض جو خُلیاتی نسیجوں کے زوال یا موت سے رُونما ہوتی ہے بالخصوص پتّوں یا دُوسرے ملائم حصّوں میں ۔

necrotic, a. انحطاطی ۔

necrotize, v.t. کسی عُضو یا نسیج میں انحطاط پیدا کرنا ۔

nectar, n. (کلاسیکی اساطیری) امرت ؛ آبِ حیات ؛ سوم رس ؛ یونانی اور رومی دیوتاؤں کا مشرُوب ؛ ایک مُفرّح شربت ؛ اکثر پھلوں کے رس کا مُرکّب ۔ (نباتیات) ایک مِیٹھا رَس جو پُھولوں میں زیادہ تر شکری مادّے سے بنتا ہے اور پتنگوں کو اپنی طرف راغب کرنے کے لیے پودوں میں زیرگی کے لیے ضروری ہے جسے شہد کی مکھّیاں شہد بنانے کے لیے استعمال کرتی ہیں ۔

nectarous, a. شہد بھرا ؛ پُرعسل . آب حیاتی ۔

nectarine, n. (گُلبانی) شفتالُو ؛ عام آڑُو کی ایک قسم جس کا پَھل پکنے کے بعد آلوچے کی طرح ملائم ہو جاتا ہے ۔

nectary, n. (نباتیات) رس دان ؛ پھول کے نیچے شہد یا رس مُہیا کرنے والا غدُود جو ذرا اُبھرا یا پچکا ہوا ہوتا ہے ۔ (حشریات) ایک غدودی نالی جو درخت کے ایک کیڑے (روکھ جوں) کے جسم میں شہد بناتی یا لیس دار مادّہ خارج کرتی ہے ۔

nee, a. پیدا شُدہ ؛ بنت ؛ شادی شُدہ عورت کے کنوارپن کے نام سے پہلے ایک لفظ جس سے اس کے والد کا نام ظاہر ہو (جیسے : Madame de Stael nee Necker ، یعنی فلاں بنت فلاں)۔

need, n. ضرورت ؛ حاجت؛ احتیاج ؛ کسی درکار یا مطلوبہ شے کا فُقدان یا اس کا احساس ؛ فرض ؛ حالتِ احتیاج ؛ کسی چیز کی طلب کے لیے شدید خواہش ؛ فوری ضرورت ؛ ضروریاتِ زندگی کا فُقدان ؛ غُربت ؛ افلاس ؛ شدید تقاضا یا ضرورت ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کی ضرورت یا حاجت رکھنا ؛ کِسی چیز کا چاہنا یا کمی محسوس کرنا ؛ طلب کرنا ؛ (فعل لازم) ضرورت مند ہونا ؛ احسان مند ہونا (امدادی فعل کے طور پر مستعمل) ؛ مجبور ہونا ۔

neediness, n. افلاس ، ناداری ، فلاکت ؛ ضرورت مندی ، حاجت مندی ۔

needy, a. مُفلس ، محتاج ، نادار ؛ ضرورت مند ؛ حاجت مند ۔

needful, a. ضروری ، مطلوبہ ۔

needfully, adv. ضروری ، مطلوبہ طور پر ؛ ضرورت مندی کے طور پر ۔

needfulness, n. ضرورت ؛ طلب ؛ تقاضا ۔

needle, n. سُوئی ؛ سُوا ، سوزن ، ایک چھوٹا سا پتلا نوکدار اوزار، بالعمُوم صیقل شدہ فولاد کا ، جس میں ایک سوراخ یا ناکا دھاگا پرونے کے لیے ہوتا ہے اور جو سینے کے کام میں آتا ہے ؛ ایک پتلا ڈنڈی جیسا اوزار جو بُننے کے کام میں آتا ہے اور جو سِرے پر سے مُڑا ہوا ہوتا ہے ؛ کروشیا یا سَلائی ؛ کوئی بھی چیز جو سوئی سے مِلتی جُلتی یا اُس کا تصور پیدا کرتی ہو ؛ ایک نوکدار اوزار جو کندہ کاری یا نقش کاری کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ گراموفون میں برتا جانے والا اوزار یا نوکدار چھینی/سوئی جس سے آواز کا ارتعاش ریکارڈ سے مُنتقل ہوتا ہے ؛ قطب نُما یا گیج ؛ پرکار یا مقیاس کا نوکیلا سرا ؛ سرنج یا پچکاری کا تیز اور نوکیلا سرا جلدی ٹیکے لگانے کے لیے ؛ لکڑی یا دھات کا کھمبا ؛ شہتیر یا ایسی ہی کوئی اور چیز جو عمارت سازی میں برتا جاتا ہے ؛ چٹان کا نوکیلا حصّہ یا چوٹی ؛ پتھر کا چارگوشہ ڈُھرا ۔ (کیمیا ، معدنیات) سوئی جیسی قلم ۔ (حیوانیات) ایک پتلا تیز سنبلک ۔ (نباتیات) سوئی کی طرح نوکدار پتّا جیسے صنوبر قسم کے پودے میں ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) سینایا سوراخ کرنا جیسے سوئی کے ساتھ ۔ (بول چال) تنگ کرنا ؛ دق کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ کسی بات پر اُکسانا یا ورغلانا ۔ (فعل لازم) سوئی کے ساتھ کام کرنا ؛ قلمیں بنانا ؛ سوئی کی مانند قلمیں بنانا ۔

the needle, سخت گالی گلوچ ؛ دُشنام طرازی ؛ پریشانی ۔

needlelike, a. سوئی کی طرح ؛ سوزن نُما؛ نوکدار ۔

needler, n. سوزن کار ۔

needling, n. بُنائی ؛ سوزن کاری ۔

needlefish, n. سوزن ماہی ؛ سُوا مچھلی ؛ ایک خاص قسم کی مچھلی جس کا گلپھڑا لمبا اور دانت سوئی کی طرح باریک ہوتے ہیں ؛ ایک خاص نسل کی پائپ فِش ۔

needlepoint, n. سُوئی سِرا ؛ کرمچ یا ولایتی ٹاٹ (کینوس) پر کشیدہ کاری جس میں ایک ہی لمبائی کے بخیے نمونہ بنانے کے لیے برتے جاتے ہیں ؛ صرف سوئی سے کاغذی نمونے پر بنائے ہوئے فیتے جن میں بٹن لگانے والے چھوٹے ٹانکے استعمال کیے جاتے ہیں ۔

needless, a. غیر ضروری ؛ جس کی ضرورت یا حاجت نہ ہو ؛ بیکار ؛ غیر مطلوب ۔

needlessly, adv. بلا ضرورت ، بے فائدہ ۔

needlessness, n. بیکار پن ؛ عدم ضرورت ؛ بے طلبی ۔

needlewoman, n. درزن ؛ سوزن کار عورت ؛ سوئی سے کام کرنے والی عورت ، سوزن گر جیسے سینے پرونے میں یا کشیدہ کاری میں ۔

needlework, n. سوزن کاری ؛ سوئی کا کام ، کڑھائی کا کام ؛ سوزن کاری کا کاروبار ۔

needleworker, n. سوزن کار ؛ سوئی سے کام کرنے والا ۔

need'nt, need not کا مرخّم ؛ ضرورت نہیں ۔

needs, adv. لازماً ؛ مجبوراً ؛ چار وناچار بالعموم must کے ساتھ ۔

ne'er, adv. (شاعری) never کا مرخّم ؛ کبھی نہیں ۔

ne'er do-well, ne'er-do-weel, n. نکمّا ؛ ناکارہ شخص ۔ (صفت) ناکارہ ؛ ناکام ۔

nefarious, a. مذموم ؛ انتہائی بدمعاش ؛ بے ایمان ، ناقابلِ برداشت حد تک اوباش ؛ نہایت خَبیث ؛ بَد ذات ؛ بَد ؛ بدمعاش ؛ بَدکردار ۔

nefariously, adv. بدمعاشی سے ؛ بے ایمانی سے ۔

nefariousness, n. بدمعاشی ؛ بے ایمانی ؛ خباثت ۔

negate, v.t., v.i. انکار کرنا ؛ نفی کرنا ؛ منسُوخ کرنا ۔

negater, negator, n. مُنکِر ؛ نفی کرنے والا ؛ ناسِخ ۔

negation, n. سلب ؛ نفی ؛ انکاری عمل ؛ انکار ، فُقدان ، عدم ؛ واقعی ، مثبت یا حقیقی کا نہ ہونا یا اس کے برعکس ؛ منفی خیال یا چیز ؛ معدوم ، لاشَے ؛ تردید ؛ نیستی ؛ سلبی دعویٰ ؛ قضیۂ سالِب ۔

negational, negatory, a. اِنکاری ؛ منفی ؛ سلبی ۔

negationist, n. مُنکِر ؛ نفی پسند ۔

negative, a. مَنفی ؛ سلبی ؛ انکاری ؛ تردیدی ؛ نفی یا انکار ظاہر کرتے ہوئے یا اس پر مشتمل (جیسے : a negative statement, a negative proposition) ؛ ممنوع ؛ انکاری؛نارضا مندانہ ؛ امتناعی جیسے حکم یا ہدایت ؛ نمایاں یا امتیازی خصوصیات سے معرّا (جیسے : a negative attitude, a negative character or person.) ۔ (ریاضی) صفر سے کم مقدار کا مظہر ؛ تفریق پر مُشتمل یا اس کا آئینہ دار (جیسے : a negative quantity) ؛ منفی ، جس کا نشان (–) ہے ؛ جس چیز کو مثبت ٹھہرایا جائے اس کے برعکس پایا جانے والا اور اس کی خلاف سمت میں جانے والا ۔ (منطق) اس امر سے مُنکر کہ ایک قسم کی نوع کا جزو یا کُل دوسری نوع میں موجود ہے ۔ (برق) رال یا عنبر کو فلالین سے رگڑنے سے پیدا ہونے والی بجلی کے بارے میں یا اس کے متعلق ؛ سرکٹ میں ایسے نقطے کا تعین جس کی صلاحیت کسی دوسرے نقطے سے کم ہو جبکہ برقی رَو بیرونی سرکٹ میں کم قُوّت والے نقطے کی طرف بہ رہی ہو ۔ (طِب) کسی مرض یا جسمِ نامی کی عدم موجودگی کا مظہر ۔ (کیمیا) ایسے عُنصر یا جز سے متعلق جو غیر دھاتی یا تیزابی ہو ۔ (عکّاسی) روشنی اور سایے ؛ دائیں اور بائیں کا قدرتی حالت کے برعکس ظاہر کرنے والا ، اُلٹا ؛ معکوس ۔ (اسم) منفی بیان ؛ تجویز ؛ جواب ؛ اصطلاح یا لفظ ؛ قبولیّت سے انکار ؛ ویٹو (استرداد ، نامنظوری) ؛ کسی بیان کا منفی پہلو ؛ کسی سوال کا وہ پہلو جو مخالف پہلو کے اثبات کا انکار کرے ؛ منفی خاصیّت یا وصف ؛ منفی مقدار یا علامت ۔ (برق) ولٹائی سیل میں منفی پلیٹ یا عُنصر ۔ (عکّاسی) منفی تصویر ، جیسے شیشے کی پلیٹ پر جسے زیادہ تر مثبت تصویریں چھاپنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) بیان یا تجویز سے انکار کرنا؛ تردید کرنا ؛ اُلٹ ثابت کرنا ؛ رد کرنا ؛ اتفاق نہ کرنا ؛ برخلاف کہنا ؛ بے اثر کرنا یا رَدّعمل کرنا ۔

negatively, adv. منفی طور پر ؛ سلبی طور پر ۔

negativeness, negativity, n. منفیّت ، سلبیّت ، منکریّت ۔

negativism, n. اِنکار ؛ کُفر ؛ سلبیّت ؛ منفیّت ؛ کوئی فلسفہ جس میں تشکک ہو یا وہ عام طور پر مسلمہ امور کو چیلنج کرے ۔ (نفسیات) ایسا رویہ یا چلن جس میں تضاد ہو ؛ منکریت ۔

negativist, n. مُنکر ، نفی پسند ۔

negativistic, a. مُنکرانہ ، نفی پسندانہ ۔

negatron, n. نیگٹرون ؛ ایک الیکٹرون یا برقیہ ؛ منفیہ والو ۔

neglect, v.t. ناکافی توجُّہ دینا ؛ نظر انداز کرنا ؛ بے توجہی یا بے پروائی سے کوئی کام نہ کرنا یا انجام نہ دے سکنا ؛ بے تعلقی یا بے احتیاطی کی وجہ سے چھوڑنا ؛ چُوکنا ؛ غفلت کرنا ۔ (اسم) تغافل ؛ بے توجہی یا اِغماض اور اس کا عمل ؛ اہمال ؛صرف نظر ؛غفلت ؛ فروگزاشت ؛ چُوک ؛ تحقیر ؛ بے التفاتی ؛ بے دھیانی ۔

neglecter, neglector, n. قاصِر ، غافل ، بے توجُّہ ۔

neglectful, a. غافل ؛ تغافُل شِعار ، بے پروا ، سہل انگار ۔

neglectfully, adv. غفلت سے ؛ سہل انگاری سے ۔

neglectfulness, n. غفلت شِعاری ؛ بے پروائی ؛ سہل انگاری ؛ تغافُل شعاری ۔

negligee, n. نیگلژا ؛ زنانہ گاؤن (چوغہ نُما لباس) جو عام طور پر لمبا اور لہریا ہوتا ہے ؛ بے تکلُف ڈھیلا ڈھالا لباس جسے بے پروائی اور غیر مُحتاط انداز میں پہنا جاتا ہے ۔

negligence, n. غفلت ؛ بے پروائی یا عادتاً بے پروا ہونے کی حالت ؛ بے پروائی کا عمل یا مناسب احتیاط کے بغیر ۔ (قانون) غیر معمولی یا غیر دانشمندانہ عمل یا عدم عمل جس سے اشخاص یا املاک کے ہرج مرج یا نُقصان کا احتمال ہو ؛ تغافل ؛ بے التفاتی ؛ بے توجہی ؛ فروگزاشت ؛ تحقیر ؛ بُھول ؛ چُوک ؛ بے پروائی ۔

negligent, a. غافل ؛ بے پروا ؛ غیر مُحتاط ؛ غفلت کا قصُور وار یا غفلت سے مُتّصف جیسے ادائیگی فرض میں (جیسے : negligent officials) ؛ بے قاعدہ ۔

negligently, adv. غفلت سے ؛ بے پروائی سے ۔

negligible, a. قابل چشم پوشی ؛ خفیف ؛ اس قدر غیر اہم کہ اُسے بآسانی نظر انداز کیا جا سکے ؛ برائے نام ؛ قابل نظر اندازی ۔

negligibly, adv. خفیفانہ ، بے مایہ طور پر ۔

negligibility, negligibleness, n. بے حقیقی ؛ خفیفیّت ، عدم اہمیّت ۔

negotiable, a. قابلِ اِنتقال ؛ بل اور تمسّکات جو توثیق یا بغیر توثیق منتقل ہو سکیں اور ان کی ملکیت منتقلِ الیہ کو منتقل ہو جاتی ہے ؛ قابل بیع وشریٰ ؛ قابل خرید و فروخت ؛ تحویل پذیر ؛ منتقلی کے لائق ؛ گفت و شنید کے لائق ۔

negotiability, n. انتقال پذیری ۔

negotiate, v.i. ایک کا دوسرے سے لین دین یا سودا کرنا تاکہ باہم معاہدہ ہو جیسا کہ کاروباری یا سیاسی معاملات میں ؛ تبادلۂ خیال ہونا ؛ گفت و شنید ہونا ۔ (فعل متعدی) (کاروبار) انصرام یا انتظام کرنا (جیسے : negotiate a merger) ؛ بندوبست کرنا ؛ تصدیق کے ساتھ گردش دینا ؛ کسی دوسری ہم قیمت شے کے عوض منتقل کرنا ، فروخت کرنا یا تحویل میں دینا ؛ کِسی مشکل مقام سے کسی طرح گزرنے میں کامیاب ہونا (جیسے : to negotiate a difficult place or situation) ؛ بیع و شریٰ کرنا ؛ گفت و شنید کرنا ؛ تبادلۂ خیال کرنا ؛ سلسلۂ نامہ و پیام کھولنا یا جاری کرنا ؛ لین دین کرنا ؛ معاملہ کرنا ؛ بیچنا ؛ بھنانا ؛ منتقل کرنا ؛ بات چیت کرنا ۔

negotiation, n. گُفت و شنید ؛معاملہ ؛ ہُنڈی وغیرہ سُکارنا ؛ معاملت ؛ مذاکرہ ۔

negotiant, negotiator, n. گُفت و شنید کرنے والا ؛ معاملہ کرنے والا؛ درمیانی شخص ؛ مزدُور نمائندہ ۔

Negrillo, n. افریقی علاقے کا زنگی ۔

Negrito, n. جنوبی مشرقی ایشیا خصوصاً جزائرِ فلپائن ،

اور جزائر شرق الہند کی بعض بونی حبشی قوموں میں سے کوئی۔

negritude, n. تفاخر زنگی ؛ تفاخر سیاہ فامی ؛ سیاہ فام یا حبشی ہونے یا اس کے ثقافتی ورثے پر فخر۔

Negro, n. حبشی ؛ زنگی ؛ حبشی نژاد ؛ نوعِ انسان کی سیاہ فام قوموں کا فرد۔

Negroid, a., n. (بشریات) حبشی نُما ؛ نوعِ انسان کی ایک بڑی نسل سے متعلق یا اس پر محیط جو زیادہ تر افریقہ کے سیاہ فام لوگوں پر مشتمل ہے۔

negrophile, n. (اکثر بڑے N کے ساتھ) حبشی پسند ؛ زنگی دوست ؛ جو شخص حبشیوں کو پسند کرتا اور ان میں دلچسپی لیتا ہو۔

negrophobe, n. (اکثر بڑے N سے) حبشی ترس؛ زنگی دُشمن ؛ جو حبشیوں سے خائف ہو اوران سے سخت متنفر ہو۔

negrophobia, n. حبشی ترسی ؛ حبشیوں کی طرف سے نفرت۔

Negus, n. نجّاشی ؛ شہنشاہ ایتھوپیا کا لقب ؛ شاہِ حبشہ۔

negus, n. [ملکہ این کے عہد کے کرنل Negus کے نام پر] نیگس ؛ ایک مشروب جو شراب ، گرم پانی ، شکر، جائفل اور لیموں سے تیار کیا جاتا ہے۔

neigh, v.i. گھوڑے جیسی آواز نکالنا ؛ ہنہنانا ۔ (اسم) ہنہناہٹ ۔

neighbor,(Brit.)neighbour, n. ہمسایہ ؛ پڑوسی ؛ جو پڑوس میں رہتا ہو ، ساتھی؛ مہربان یا مددگار ؛ مسٹر ؛ کلمۂ مخاطبت۔ (صفت) پڑوس کا ؛ قرب و جوار کا ؛ ہم جوار ؛ اگلا ؛ پاس کا ۔ (فعل متعدی) پڑوس میں ہونا ؛ برابر میں ہونا ؛ قریب کرنا ۔ (فعل لازم) بالکل قریب رہنا ؛ ہمسایوں جیسے میل جول رکھنا۔

neighboring,(Brit.) neighbouring, a. پڑوس کا ؛ برابر کا ؛ ہمسائیگی میں

neighborly,(Brit.) neighbourly, a. حق ہمسائیگی کا خیال رکھنے والا ؛ حقّ ہمسائیگی کی رعایت کرنے والا ۔

neighborliness,(Brit.)neighbourliness, n. حقّ ہمسائیگی ۔

neighborhood,(Brit.)neighbourhood, n. قُرب و جوار؛ گِرد و نواح ؛ قُرب ؛ نزدیکی ؛ کسی جگہ یا چیز کے قریب کا علاقہ ؛ آس پاس ؛ ضلع یا علاقہ ، اکثر اس کی نوعیت یا باشندوں کے لحاظ سے (جیسے : a run down or a fashionable neighborhood) ؛ کسی خاص علاقے میں یا آس پاس رہنے والے بہت سے لوگ۔

in the neighborhood of, قریب قریب ، قریباً ۔

neither, a. دونوں میں سے کوئی بھی نہیں ؛ نہ یہ نہ وہ ؛ (ضمیر) ۔ دونوں میں سے کوئی (جیسے : neither statement is true;) ۔ نہ یہ نہ وہ (جیسے : neither was present) ۔ (حرف عطف) دونوں میں سے کوئی بھی نہیں ؛ جب دو یا زیادہ متبادل الفاظ میں nor واقع ہو (جیسے : neither you nor I) ؛ ابھی تک نہیں ۔

nekton, n. شنائیہ ؛ نیکٹون ؛ سمندر کی وسط گہرائی میں لہروں اور روؤں سے بے نیاز تیرنے والے تمام اجسام نامی۔ دیکھیے: plankton ۔

nektonic, a. شنائی۔

nelson, n. (کشتی) ایک پکڑ یا گرفت جس میں حریف کی گُدّی اوربازوؤں پر دباؤ ڈالا جاتا ہے۔

full nelson, ایک اور ایسی گرفت جس میں حریف کے دونوں بازوؤں کو جکڑا جاتا ہے۔

nemathelminth, n. خَیطی حشرہ ؛ کیڑوں کا گروہ بشمول کیچوا جن کے جسم لمبوترے اور بلا جوڑ استوانی ہوتے ہیں۔

nematocyst, n. (حیوانیات) خیطی انبان ؛ نیش کِیسہ ؛ بعض حیوانات کے دھاگے جیسے خلیے یا ڈنک مارنے کا عضو جو شکار کو مارنے اور اپنی حفاظت کے لیے برتا جاتا ہے۔

nematocystic, a. نیش زن ،نیش کیسہ سے متعلق۔

nematode, a. خیطیہ ؛ کیچوا ؛ پتلے پتلے ، بے جوڑ پیوندِ استوانی نسل کے کیڑوں سے متعلق جن کے میزبان گھریلو پودے ، حیوان یا انسان ہو سکتے ہیں۔

nematology, n. حیوانیات کی وہ شاخ جس میں خیطیوں کی اقسام کا مطالعہ کیا جاتا ہے ؛ خیطیہ شناسی۔

Nembutal, n. نمبُوٹل؛ سوڈیم پینٹو باربیٹل۔ (تجارتی نشان)۔

nemertean, nemertine, nemertinean, nemertoid, n., a. روئیں دار حشرات ؛ کیڑوں کی ایک نوع جو عموماً سمندر میں یا اس کے آس پاس پائی جاتی ہے اور ان کے رنگ عموماً بڑے شوخ ہوتے ہیں۔

nemesis, n. مکافاتِ عمل ؛ پاداشِ عمل ؛ جزا یا سزا کا ذریعہ ؛ ناقابلِ شکست حریف ؛ ناقابل عبور رکاوٹ ۔ (بڑے N سے) (کلاسیکی اساطیری) جزا ، سزا یا انتقام کی دیوی۔

neoarsphenamine, n. نیوآرس فینامین ؛ ایک پیلا طبّی سفوف جو آرس فینامین سے بنتا ہے لیکن اتنا زہریلا نہیں ہوتا۔

neoclassic, neoclassical, a. نو کلاسیکی ؛ ادب یا فن میں کلاسیکی اسلوب کے احیا سے متعلق۔

neoclassicism, نو کلاسیکیت۔

neo-Darwinism, n. (حیاتیات) نوڈارونیت؛ ڈارون کا نظریہ جسے بعد کے محققوں نے ترقی دی ، وہ یہ نظریہ تو رکھتے تھے کہ قُدرتی انتخاب ہی ارتقا کا باعث ہے لیکن اُنھوں نے ڈارون کے نظریے کے اس حصّے کو رد کر دیا جس کا تعلق اکتسابی خصوصیات کی وراثت سے تھا۔

neo-Darwinian, n., a. نوڈارونی۔

neo-Darwinist, n. قائلِ نوڈاروینیّت؛ مندرجہ بالا عقیدہ کا قائل یا حامی۔

neodymium, n. (کیمیا) نیوڈیمیَم ؛ ایک نادر سِہ گرفتہ ارضی ، دھاتی عُنصر۔

neoimpressionism, n. نوتأثُریت ؛ آخر انیسویں صدی کے مصوّروں کے ایک چھوٹے گروہ کا نظریہ اور طریق کار جو تأثراتی مصوّروں سے اس لیے متعلق کیے جاتے تھے کہ وہ انتہائی صداقت کے ساتھ قدرتی مظاہر کی ناپائیداری کی نقّاشی میں تو دلچسپی رکھتے تھے لیکن ان سے کہیں زیادہ رنگ اور ہیئت کی باقاعدہ، خصوصاً اشاریاتی یا تقسیمی تکنیکوں سے ، وابستہ تھے۔

neoimpressionist, a., n. نوتأثریتی مصوّر یا نقّاش۔

Neo-La-marckism, n. [فرانسیسی نیچری لامارک کے نام پر] (حیاتیات) نولمارکیت ؛ لا مارک کانظریہ ،جیسا کہ بعد کے محققین نے

اسے بدلا، جن کی رائے میں ارتقا قدرتی انتخاب اور اکتسابی خصوصیات کے تعامُل سے واقع ہوتا ہے ۔

neo-Latin, n. نو لاطینی (زبان) ؛ نئی لاطینی زبان جیسی کہ پندرھویں صدی سے سائنسی تحریروں اور صنف بندی (taxonomy) کے لیے مستعمل ہے ۔

neolith, n. نو حجری ؛ نو حجری عہد کے پتھر کے اوزار ؛ پتھر کے زمانے کے آدمی ۔

neolithic, a. (بعض اوقات بڑے N سے) (بشریات) نوحجری ؛ پتھر کے زمانے کے آخری دور سے متعلق جو نفیس اور مصفّیٰ اوزاروں اور ابتدائی دور کی زراعت کی خصوصیات کا حامل ہے ۔

neologism, n. نو الفاظ سازی ؛ نیا لفظ یا ترکیب ؛ پرانے الفاظ کا نیا استعمال ؛ نئے معنی ، نئے الفاظ کا استعمال یا ترویج ؛ نئے عقائد ، بالخصوص مذہبی تحریروں اور عقائد کی نئی تعبیر ؛ نیا علمِ کلام ۔

neologist, n. نو الفاظ ساز ؛ لفظ تراش ؛ واضع الفاظ ؛ جدّت‌کار ؛مجدّدِ زبان ۔

neologistic, neologistical, a. جدّت کاری کا ؛ نو الفاظ سازی کا ۔

neology, n. دیکھیے: Neologism ۔

neological, a. جدّت کار ؛ نو الفاظ ساز ؛ الفاظ سازی سے متعلّق ۔

neologically, adv. جدّت کارانہ ، نو الفاظ ساز انداز میں ۔

neomycin, n. (علمِ ادویہ) نیومائیسین ؛ ایک ضد حیوی دوا جو ایک خُردحیات Streptomyces fradiae سے بنائی گئی ہے اور کئی قسم کے جراثیم کو دبا دیتی یا تباہ کر دیتی ہے ، بالخصوص جلدی عفونت کے علاج میں مستعمل ہے ۔

neon, n. (کیمیا) نیون ؛ایک بے رنگ غیر عامل گیسی عُنصر جس کی مقدار عام ہوا میں ۰۰۰۱۲ء۰ فی صد ہے اور جو برقیاتی صنعت میں استعمال ہوتا ہے ۔ (صفت) نیون سے وابستہ ؛ نیون کے متعلّق ، جیسے برقیاتی اشتہاری نمایش ۔

neonatal, a. نومولودی ؛ نوزائیدہ بچّے کے بارے میں یا ان پر اثر انداز ۔

neonatally, adv. نومولودی طور پر ۔

neonate, n نومولود (بچہ) ۔

neoorthodoxy, نو راسخ الاعتقادی ؛ بیسویں صدی کی ایک پروٹیسٹنٹ تحریک جس میں آزاد خیالی کے خلاف ردعمل اور تحریک اصلاح الہیات پر زور دیا گیا تھا ۔

neoorthodox, a. نو راسخ الاعتقاد ۔

neophyte, n. نو مذہب ؛ نو معتقد یا مبتدی ؛ پادریوں کے زمرے میں نیا نیا داخل کیا جانے والا ؛ نو وارد ؛ اناڑی ؛ نو آموز ۔

neophytic, a. نومرید ؛ نو وارد ۔

neophytism, n. نو آموزی ؛ نو اعتقادیت ؛ نوواردیّت ۔

neoplasm, n. (امراضیات) سلعہ ؛ رسولی ؛ جسمانی نسیجوں میں سے کسی کی نئی غیر معمولی نشوونما ؛ گلٹی ؛ نومایہ ۔

neoplastic, a. سلعی ۔

neo-plasticism, neo-Plasticism, Neoplasticism, Neo-Plasticism, n. (آرٹ) نیوپلاسٹسزم ؛ مصوّروں کے ڈی سٹجل (destijl) گروہ کا نظریہ اور طریق کار جس کا رہبر مونڈریان تھا ، اس میں سیدھی سادی اقلیدسی اشکال پر زور دیا جاتا تھا ، ان اشکال کے مکانی رشتے عمودی و افقی محوروں کے ساتھ ساتھ حرکت تک محدود تھے اور صرف بُنیادی رنگ ہی بھورے ، سیاہ اور سفید کے ساتھ برتے جاتے تھے ۔

neo-plastic, a. نوپلاسٹکی ۔

Neoplatonism, Neo-platonism, n. نوافلاطونیت ؛ تیسری صدی عیسوی میں ایک فلسفیانہ مذہبی نظام جس میں زیادہ تر افلاطونیت اور مشرقی تصوُّف کا امتزاج تھا اور جس پر بعد میں عیسائیت اثر انداز ہوئی ؛ نو افلاطونی علم الکلام ۔

Neoplatonic, Neo-Platonic, a. نوافلاطونی ۔

Neoplatonist, Neo-Platonist, n. نوافلاطونیت کا پیرو ۔

neoprene, n. (کیمیا) نیوپرین ؛ ایک مصنوعی کیمیاوی مرکب ؛ کلوروپرین کو پالیمرائز کر کے یعنی کثیر ترکیبہ بنا کر تیار کیا ہوا مصنوعی ربڑ جو کریپ سول ، رنگوں اور پوٹین میں استعمال ہوتا ہے ۔

Neo-Scholasticism, n. جدید علمُ الکلام ؛ اس عِلم الکلام کا احیا ، توسیع اور جدید استعمال جس کی تھامس اکویناس نے انیسویں صدی کے اوائل میں بنیاد رکھی تھی اور پوپ لیو سینرد ہم کے زمانے میں اُسے ترقی دی گئی تھی ؛ نیز بیسویں صدی میں جس کو کیتھولک غیر پیشہ ور وجودی علمائے دین نے جاری رکھا ۔

Neo-Scholastic, a. جدید عِلمُ الکلام سے متعلق ۔

neoteny, n. (حیوانیات) نوتمدیدیت ؛ ایک لاروے (بعض کیڑوں اور جانوروں کا پہل روپ) کا جنسی بُلُوغ ۔

neotenic, n. نوتمدیدیتی ۔

Nepalese, n. نیپالی ؛ نیپال کا باشندہ ۔ (صفت) نیپال کی بادشاہت ، عوام یا زبان سے متعلق یا اُن سے مخصوص ۔

nepenthe, nepenthes, n. اندوہ رُبا دوا ؛ غم غلط دوا ؛ ایک شربت جس کے متعلق پرانے زمانوں میں خیال کیا جاتا تھا کہ اس کے سے جسمانی تکلیف اور دکھ درد فراموش ہو جاتا ہے؛ کوئی چیز جس سے درد یا پریشانی دور ہو جائے ؛ غم فراموش ۔

nepenthean, a. اندوہ رُبا ۔

nepheline, nephelite, n. نفلین ؛ نفلائٹ ؛ سنگ سحابی ؛ ایک دھات ، سوڈیم کا ایک سِلی کیٹ جو مختلف آتش فشاں پہاڑوں میں پایا جاتا ہے ۔

nephelinic, a. سنگِ سحابی سے متعلق ۔

nephelinite, n. نفلینائٹ ؛ ایک بھاری سیاہی مائل چٹان جو آتش فشانی کے سبب پیدا ہوتی ہے ، بالخصوص وہ بسالٹ (گہرا سبز یا بادامی آتش انگیز پتھر ، کالی چینی) جس میں نیفیلین ہو لیکن کوئی فلسپار (قلمی دھات) نہ ہو اور اولیوائن (زیتونی رنگ کا قیمتی پتّھر) بہت ہی کم ہو یا ندارد ۔

nephelometer, n. (طبیعیات) سحابیت پیما ؛ ایک اوزار جو کسی مائع میں معلّق ذروں کی جسامت یا مقدار کو ناپنے کے کام آتا ہے ، اس کا اندازہ اُن سے منعکس ہونے والی روشنی سے کیا جاتا ہے ۔

nephelometric, nephelometrical, a. سحابیت پیمائی سے متعلق ۔

nephelometrically, adv. سحابیت پیمائی کے طور پر ۔

nephew, n. بھتیجا ؛ بھانجا ؛ بھائی یا بہن ، بھاوج

یا سالی کا بیٹا ؛ برادر زادہ ؛ خواہر زادہ ؛(حُسنِ ادا) پادری کا حرامی بیٹا۔

nephogram, n. (موسمیات) تصویرِ بادل ؛ عکسِ ابر۔

nephograph, n. بادلوں کی تصویر کشی/عکّاسی کا آلہ۔

nephology, n. سحابیات ؛ موسمیات کی وہ شاخ جس میں بادلوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے ؛ بادلوں کا علم۔

nephological, a. سحابیاتی ؛ سحابیات سے متعلق۔

nephoscope, n. سحاب بین ؛ سحاب نُما ؛ ایک آلہ جس سے بادلوں کی بلندی ، اُن کی سمتی رفتار اور سمت دریافت کی جاتی ہے۔

nephoscopic, a. سحاب بینی کے متعلّق۔

nephridium, n. (حیوانیات) گُردک ؛ گردینہ ؛ حلقہ دار ، صدفی اور دوسرے بے ریڑھ جانوروں میں ایک ابتدائی دور کا عضو جو گردے سے ملتا جلتا ہے اور بعض صورتوں میں باز تولید کا کام بھی دیتا ہے ؛ اُنبوبِ نُخرجہ ؛ کلیوہ۔

nephridial, a. گردینہ دار ؛ گرد کی۔

nephrite, n. یشم ؛ گُردہ پتّھر ؛ تابدار دھات (ایکٹینو لائٹ) کی سفید، گہری سبز قسم ؛ ایک قسم کا سبز، نیلا یا سفید پتھر جو چونے اور میگنیشیا کا مرکب ہوتا ہے۔

nephritis, n. (امراضیات) ذات الکلیہ ؛ ورمِ گُردہ۔

nephritic, a. (امراضیات) کلوی ؛ گردے یا ورمِ گردہ سے متعلّق۔

nepotism, n. خویش پروری ؛ اقربا پروری ؛ رشتہ داروں سے بے جا رعایت جو بوجہ قرابت ہو نہ کہ اہلیت کی بنا پر ؛ اقربانوازی۔

nepotic, nepotistic, nepotistical, a. اقربا پرورانہ۔

Neptune, n. (فلکیات) نیپچون ؛ وہ سیّارہ جو سورج سے آٹھویں درجہ میں ہے ، جس کے دو طفیلی سیّارے ہیں ، قطر اوسطاً ۳۱ ہزار میل ، سورج سے (دو ارب ۷۹ کروڑ) ۲۷۹۰ ملین مِیل دور اور اس کے گرد ۱۶۵ سال میں چکر پورا کرتا ہے۔ (رومی اساطیری) ساگر دیوتا ؛ سمندر کا دیوتا ؛ سمُندر۔

Neptunian, a. نیپچونی ؛ دیوتا نیپچون یا سمندر سے متعلّق۔ (عموماً چھوٹے n کے ساتھ) (ارضیات) اس نظریے سے متعلّق جو تمام چٹانیں اور تہیں بننے کا سبب آبی عمل کو قرار دیتا ہے ؛ بحری ؛ آب ساختہ ؛ معتقد نیپچونیت۔

neptunium, n. (کیمیا) نپٹونیم ؛ ایک تابکار عُنصر جو نیوٹرون کی بارش اور پلوٹونیم کی بوسیدگی سے مصنوعی طور پر بنایا جاتا ہے۔

neritic, a. ساحلی بحر باش ؛ سمندر کے کنارے سے بالکل متصل اُتھلے پانی کے قطعے کا یا اس سے متعلق۔

neroli oil, n. [اس کی موجد اطالوی شہزادی کے نام پر] عطرِ نارنج ؛ سنگترے کے درخت کے پھولوں سے نکالا ہوا خوشبودار تیل، عطریات اور کولون بنانے میں استعمال ہوتا ہے ؛ نارنگی کا عطر۔

Neronian, Neronic, a. نیرونی ؛ رومن شہنشاہ نیرو کے دورِ حکومت (۵۴ تا ۶۸ء) کا،اس سے متعلق یا اس کا تصور پیدا کرنے والا ؛جو اپنی اوباشی اور ظلم و ستم کے لیے مشہور ہو ؛ نیز،اوباش ، مطلق العنان ، نفس پرست۔

nervation, n. نظامِ اعصاب ؛ ترتیبِ اعصاب ؛ اعصاب یا رگوں کی ترتیب یا تقسیم ؛ نظامِ عُروقی۔ (نباتیات) پتوں کی رگوں کی تقسیم ؛ عروق داری نظام ؛ رگدار نظام ؛ رگ بندی ؛ رگداری۔

nerve, n. عصب ؛ نس ؛ رگ ؛ عرق ؛ جانداروں کے دماغ ، حرام مغز یا ریڑھ سے نکلنے والے سفید سفید ریشوں میں سے کوئی جو جسم کے تمام حصوں میں پھیل جاتے ہیں اور جن کا کام یہ ہے کہ وہ احساس یا ہیجان پہنچائیں اور تمام حصوں میں حرکت پیدا کریں ؛ دلاوری یا ثابت قدمی ، خصوصاً تشویشناک حالات میں ؛ قُوّت یا توانائی۔ (بول چال) ڈھٹائی ، گھمنڈ۔ (نباتیات) پتے کی نس یا بڑی بڑی رگیں۔ (جمع) جذبات کا استحکام ، مستقل مزاجی (جیسے : nerves like iron) ؛ اضطراب (جیسے a shaking bundle of nerves) ۔ (فعل متعدی) ہمّت ، قُوّت یا توانائی دینا۔

get on one's nerves, اعصاب پر سوار ہونا ؛ کسی کو پریشان یا چڑچڑا کرنا ؛ ناک میں دم کرنا۔

nerve cell, n. عصبانیہ ؛ عصبی خلیہ ؛ عصبی بافت یا نسیج کے خلیاتی عنصر کی ترکیب میں شامل کوئی عصب ، بالخصوص عصبی مرکز کے لازمی خلیات میں سے کوئی ایک۔

nerve center, n. مرکزِ اعصاب ؛ ایک دوسرے سے وابستہ عصبی خلیوں کا مجموعہ جو کسی مقصد کو پورا کرنے کے لیے بیک وقت کام کرتے ہیں ؛ عصبی مرکز۔

nerve fiber, n. عصبی ریشہ ؛ نیورون یا عصبی خلیوں کے دھاگے جیسے بنیادی ریشے یا سلسلے جن کو ایکسون یا ڈنڈرائٹ کہتے ہیں ؛ محوریہ ؛ عصبی بافت۔

nerve gas, n. (کیمیاوی جنگ) اعصابی گیس ؛ ایک گیس جو مرکزی اعصابی نظام کو صدمہ پہنچاتی یا خراب کر دیتی ہے اور شدید کمزوری یا فالج کا باعث ہوتی ہے۔

nerve impulse, n. (فعلیات) عصبی ریشے میں انتقال احساس جو کسی عصبی خلیہ ، غدود یا پٹھے کو تحریک دیتا یا دباتا ہے۔

nerveless, a. بے اعصاب ؛ دباؤ سے مضطرب نہ ہونے والا، پر سکون ، بالخصوص ہنگامی حالات میں ؛ جمعیت ، قوت یا چستی سے عاری ؛ مَٹّھا؛ بے حس ؛ نحیف ، کمزور ؛ مضبوطی یا ہمت سے بیگانہ ؛ جذبات سے خالی۔

nervelessly, adv. مٹّھے پن سے ؛ بے حسی سے ؛ پُھسپھسے انداز میں۔

nervelessness, n. بے حِسی۔

nerve-racking, nerve-wraking, a. نہایت پریشان کُن یا اشتعال انگیز۔

nervous, a. عصبی ؛ اعصابی ؛ اعصاب سے متعلق ؛ اعصاب دار ، اعصاب سے پیدا ہونے والا یا ان کو متاثّر کرنے والا ؛ آسانی سے مضطرب ہونے والا ؛ کشیدہ ، متردّد یا متفکّر ؛ گھبرایا ہوا ؛ چڑچڑا ؛ ضعیف القلب ؛ عصبانی ؛ مضطرب ؛ مذبذب ؛ عصبی اُلمزاج ؛ بے چین ؛ زُود حس۔

nervously, adv. بے چینی سے ؛ اضطراب سے۔

nervousness, n. عصبانیت ؛ اضطراب ، پریشانی ، بے حد زُود حِسی ؛ گھبراہٹ۔

nervous break down, n. خلل اعصاب ؛ اعصابی اضمحلال یا کمزوری ؛ جذباتی یا دماغی کمزوری بالعموم دیر تک ذہنی دباؤ کے

باعث ؛ اعصابی ماندگی ؛ ضُعف اعصاب ۔

nervous Nellie, n. (عوامی) نکمّا ، بودا ؛ ڈرپوک یا ڈھلمل یقین شخص ۔

nervous system, n. (فعلیات ، حیوانیات) نظامِ اعصاب؛ عصبی نظام ؛ عصبی خلیوں کا وسیع جال جو عقدہ یا جسمیہ ، حرام مغز، اعصاب اور دماغ بناتا ہے ، بالخصوص ریڑھ والے حیوانات اور انسانوں میں اور جس کا کام دماغ اور حسّی اعضا سے احساسات وصول کرنا اور ارسال کرنا ہے ۔

nervure, nervule, n. (نباتیات) پر ڈنڈی ؛ پتّے کی رگ ؛رگ برگ ۔ (حشریات) رگ برحشرہ ؛ان نالیوں میں سے کوئی جو پتنگے کے پروں کو پھیلانے میں مدد دیتی ہے ؛ پرپسلی ؛ عصبینہ ۔

nervy, a. (بول چال) گھمنڈی ، متکبر یا گستاخ ؛ دلیر یا جری ۔ (برطانوی) مشوش ؛ مضطرب ؛ پریشان ؛ متزلزل ۔

nerviness, n. جُرأت ؛ بہادُری ۔ (برطانوی) تشویش ؛ پریشانی ۔

nescience, n. بے علمی ؛ علم کا نہ ہونا یا علم کی کمی ؛ لاعلمی ؛ ناواقفیت ؛ لا ادریت ؛ جہل ؛ نادانی ۔

nescient, a. جاہِل ؛ بے خبر ؛ لاعِلم ؛ ناواقف ؛ بے عِلم ؛ لاادری ۔

ness, n. راس ؛ خشکی کا وہ پتلا سا حصّہ جو سمندر میں دور تک جاتا ہے ۔

Nessel rode, n. نُقل ؛ مُربّا ؛ نُقل بنانے کا ایک مرکب جس میں مربّا ، لوزیات ، راب اور دوسرے اجزا استعمال ہوتے ہیں ۔

nest, n. آشیانہ ؛ نشیمن ؛ گھونسلا ؛ وہ ٹھکانا جسے پرندے انڈے سینے اور بچّوں کو پالنے کے لیے بناتے ہیں ؛ وہ جگہ جسے حشرات، کیڑے مکوڑے ، مچھلیاں ، کچھوے ، خرگوش وغیرہ انڈے یا بچے رکھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ؛ بہت سے پرندے یا دوسرے جانور جو ایک ہی جگہ بستے ہیں ؛ آرام دہ گھر ؛ بسیرا یا استراحت کی جگہ ؛ ایسی جگہ جہاں کسی بُری چیز کی پرورش کی جائے یا فروغ پائے (جیسے : a nest of crime) ؛ ایسے اڈے پر آنے جانے یا رہنے والے ؛ بعض چیزوں کا ذخیرہ جو ایک جگہ پڑی ہوں یا پاس پاس رکھی ہوں ؛ بکسوں ، ٹوکریوں ، میزوں ، پیالوں یا دوسری چیزوں کا اس طرح ذخیرہ کہ چھوٹی چیزیں بڑی چیزوں کے اندر رکھی ہوں ؛ اڈّا ؛ گھر ؛ چھوٹا گھر ؛ آماجگاہ ۔ (فعل لازم) گھونسلا بنانا یا بہم کرنا ؛ رہایش پذیر ہونا جیسے آشیانے میں ؛ آشیانہ فراہم کرنا ؛ چیزوں/تنکوں کو ایک دوسرے میں ترتیب دینا ؛ رکھنا جیسے صندوق ، پیالیاں یا دوسری اشیا ؛ گھر بنانا ؛ اڈّا قائم کرنا ؛ گھونسلے میں بیٹھنا ؛ بسیرا تلاش کرنا ۔ (فعل متعدی) گھونسلے میں یا گھونسلے کی طرح جمانا یا رکھنا ؛ ترتیب دینا یا رکھنا ؛ رکھنا جیسے گھونسلے میں، ایک کے اندر ایک ؛ ایک دوسرے کے اندر ترتیب سے رکھنا جیسے صندوق ، پیالیاں اور دوسری اشیا ۔

nest egg, n. وہ رقم جو پونجی بنانے یا جمع کرنے کے لیے بچا کر رکھی جائے ؛ قدرتی یا مصنوعی انڈا جو گھونسلے میں رکھا جائے تاکہ مرغی کو وہاں انڈے دیتے رہنے کی ترغیب دی جائے ؛ ڈربے کا انڈا ؛ جمع پونجی ؛ وجہ تحریک ؛ سامانِ ترغیب ؛نمونے کا انڈا ۔

nester, n. آشیاں نشیں ؛ بسیرا کرنے والا ۔

(مغربی امریکی ، عوامی) مویشیوں کی کھلی چراگاہ میں تجاوزانہ فارم قائم کرکے جم کر بیٹھ جانے والا کسان ۔

nestle, v.i. پاس پاس لیٹ کر گرم رہنا ؛ خوش گوار جگہ میں محفوظ ہونا یا رہنا ۔ (قدیم) گھونسلا بنانا یا بسانا ؛ بسنا ؛ دبکنا ؛ چھپا پڑا رہنا ؛ دبک رہنا ؛ پاس رہنا ۔ (فعل متعدی) گھر بنانا ؛ پناہ لینا یا آباد ہونا جیسے آشیانے میں ؛ قریب یا خوب دبا کر رکھنا ۔

nestler, n. گھر بنانے والا ؛ آباد ہونے والا ۔

nestling, n. پرندے کا بچّہ جو گھونسلے سے باہر نہ نکل سکے ۔ (مجازاً) کمسن بچّہ ۔

Nestorian, n., a. نسطُوری ؛ پانچویں صدی عیسوی میں قسطنطنیہ کے بطریق نسطوریُس کا پیرو جس کا عقیدہ یہ تھا کہ مسیح کی دو گونہ سرشت/فطرت تھی : انسانی اور یزدانی ؛ ایران اور برصغیر پاک و ہند کے عیسائیوں میں سے ایک گروہ جس سے جدید نسطوری فرقے کا سلسلہ جاری ہوا ۔

Nestorianism, n. نسطوریت ۔

net, n. دام ؛ جال ؛ جالی ؛ مضبوط دھاگے یا ڈوری کا بنا ہوا تھیلا یا دوسری چیز جس سے ایک کُھلا حلقہ دار پھندا تیار ہو جس سے مچھلیاں ، پرندے یا دوسرے جانور پکڑے جائیں ؛ کوئی چیز جس سے کوئی چیز پکڑی یا پھندے میں پھنسائی جائے ؛ کسی مقصد کے لیے جال (جیسے : a tennis net, hair net) ؛ فیتہ نما کپڑا یا مماثل چیز جس میں متناسب حلقے ہوں اور جنھیں لباس بنانے یا ٹوپیاں بنانے یا مختلف قسم کے لیس تیار کرنے کے لیے زمین کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ کوئی جالی ، تاروں ، ریشوں ، رگوں کا ایچ پیچ تانا بانا ؛ ٹینس ، بیڈمنٹن اور والی بال جیسے کھیلوں میں جال میں لگنے والی گیند ؛ شبکہ ؛ پھندا ؛ دھوکا ؛ فریب ؛ چھل ؛ داؤ ؛ الجھن ۔ (فعل متعدی) پکڑنا یا پھنسانا جیسے جال سے ؛ جال یا جالی سے ڈھکنا، پوشیدہ کرنا ، چھپانا یا گھیرنا ؛ مارنا جیسے گیند کو نیٹ پر ؛ جال کی طرح پھندے بنانا ؛ جال بچھانا ؛ جال میں رکھنا ۔

nettable, a. جال میں پھنسنے کے قابل ۔

netlike, a. جال کی مانند ؛ دام نُما ۔

net, a. خالص ؛ اصل سے تمام ٹیکس ، خرچ،اخراجات ، بھتّا (الاؤنس) ، منہائیاں اور اس قسم کی دوسری رقمیں منہا کرنے کے بعد بقایا خالص رقم (مجموعی کے برعکس) (جیسے : net profit, net prices) ؛ حتمی یا اساسی۔(جیسے : The net effect was good) ۔ (اسم) خالص آمدنی ؛ منافع ؛ وزن ، اسکور (نمبر جو کھلاڑی کسی کھیل میں حاصل کرتا ہے)۔ (فعل متعدی) خالص منافع کے طور پر حاصل کرنا ۔

nether, a. نِچلا ؛ نشیبی ؛ نیچے کا یا نیچے یا نچلے حصے میں واقع ۔

nethermost, a. سب سے نِچلا ۔

nether world, n. پاتال لوک ؛ موت کے بعد گنہگاروں کو سزا دہی کی دنیا ؛ جہنم ، دوزخ ؛ اقلیمِ ابلیس ، عالمِ اسفل ؛عموماً عالَمِ آخرت ، عقبیٰ ۔

net income, n. خالص آمدنی ؛ کسی فرد کی مجموعی آمدنی میں سے اخراجات اور ٹیکس وغیرہ منہا کرنے کے بعد آمدنی ؛ انکم ٹیکس کے نظام میں مجاز کٹوتیوں کے بعد کسی فرد کی مجموعی آمدنی ۔

دیکھیے : gross income ۔

net national product, n. خالص قومی پیداوار ؛ اشیائے سرمایہ کے صَرف اور فرسودگی کی منہائی کے بعد کسی مُلک کی کل قومی پیداوار ۔ دیکھیے : Gross national product, nationl income ۔

net profit, n. خالِص منافع ؛ کسی کاروبار یا سودے میں حاصل شدہ کل رقم میں سے اشیا کی لاگت ، اخراجات اور ٹیکسوں وغیرہ کی منہائی کے بعد باقی ماندہ رقم ۔ دیکھیے : gross profit ۔

netsuke, n. (جاپانی) ایک چھوٹی سی آرایشی گُھنڈی یا بٹن جو جاپانی اپنے پٹکے میں لگاتے ہیں اور جس کے ساتھ تمباکو کی تھیلی یا کوئی دوسری چیز لٹکاتے ہیں ۔

netting, n. بذریعہ جال ماہی گیری ؛ دام سازی ؛ جال بُننے کا عمل ؛ جال کے ذریعے ماہی گیری کا طریقِ عمل یا ترکیب ؛ جالی کا کوئی ٹکڑا ۔

nettle, n. قراص ؛ گزنہ ؛ متنوّع بوٹیوں میں سے اُرتیکا جنس کا کوئی پودا جس کے ڈنک نما بال ہوتے ہیں ؛ خار دار متنوّع بوٹیوں میں سے کوئی ؛ اسی قسم کے یا اس سے ملتے جُلتے پودوں میں سے کوئی ؛ بچھوا ، بچھو گھاس ۔ (فعل متعدی) (مجازاً) سوزش ہونا ؛ اشتعال دلانا ؛ بچھوے کی طرح ڈنک مارنا ؛ چھیڑنا ؛ تنگ کرنا ۔

nettle rash, n. (امراضیات) ارٹیکیریا ؛ شری ؛ کہیر ؛ اس پودے یا اس جیسے سوزش پیدا کرنے والے عوامل سے جسم پر اُبھرنے والی پتّی/چھپاکی یا سوزش ۔

nettlesome, a. بآسانی چڑ جانے والا ؛ دق یا تنگ کرنے والا ؛ تُنک مزاج ؛ پریشان کُن ۔

network, n. جال ؛ دھاگوں ، تاروں ، ڈوریوں کے تانے بانے کا کپڑا یا جال ؛ خطوط ، راستوں وغیرہ کا پیچ درپیچ جال (جیسے : a network of railroads,) ؛ ایک خفیہ جماعت جس کے ارکان گو منتشر ہوں لیکن ایک دوسرے سے رابطہ رکھتے ہوں ۔ (ٹی ۔ وی ، ریڈیو) نشر گاہوں کا سلسلہ جو اکائی کے طور پر کام کرے ؛ جالی کا کام ؛ شبکہ ۔ (فعل متعدی) لوگوں اور گروہوں میں روابط پیدا کرنا ۔

Neufchatel, Neufchatel cheese, n. نو شاتل ؛ نوشاتلی پنیر ؛ ایک ملائم سفید پنیر جو دودھ میں ملائی ملا کر یا بغیر ملائی ملائے تیار کیا جاتا ہے ۔

neume, n. (موسیقی) گریگوری سنگیت کی ترقیم میں مستعمل متعدد علامات ۔

neumatic, a. گریگوری سنگیت کی علامات سے متعلّق ۔

neural, a. اعصاب یا اعصابی نظام سے متعلق ؛ اعصابی ؛ عصبی ؛ ظہری ۔

neurally, adv. اعصابی طور پر ۔

neuralgia, n. (امراضیات) دردِ اعصاب ؛ اعصابی درد جو عموماً شدید اور دورے کی صورت میں اعصابی گزرگاہ میں پیدا ہوتا ہے ۔

neuralgic, a. اعصابی درد سے متعلّق ۔

neural tube, n. (جنین) عصبی نلی ؛ ریڑھ کی ہڈّی والے حیوانات کے جنین میں عصبی بافت کی کھوکھلی نلی جیسی شکل جو عصبی تختی کے ہر پہلو پر جُڑی ہوئی جلدی تہوں سے بنتی ہے اور اس کا ایک سِرا بڑھ کر دماغ سے منسلک ہوتا ہے ؛ عصبی اُنبُوب ۔

neurasthenia, n. (طب) ضُعفِ اعصاب ؛ طویل عرصے تک جذباتی تناؤ یا زیادہ کام سے پیدا ہونے والی کیفیت جس سے شدید ذہنی ، جسمانی تکان پیدا ہوتی ہے اور بعض اوقات مبہم جسمانی عوارض یا خوف کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے ؛ خللِ اعصاب ۔

neurasthenic, neurasthenical, a., n. ضعیف الاعصاب ؛ ضُعفِ اعصاب کے متعلق ۔

neurasthenically, adv. اعصابی ضُعف سے ؛ اعصابی ضُعف کے طور پر ۔

neurilemma, n. (تشریح الاعضا) عصبی غلاف ؛ عصبی ریشے کا نازک جھلّی دار غلاف ؛ غلاف عصب ریشہ ؛ عصبی غشا ۔

neurilemmal, neurilemmatic, neurilemmatous, a., n. عصبی غلافی ؛ عصبی غلاف سے متعلق ؛ عصبی غلاف کے بارے میں ؛ عصبی غلاف دار ۔

neuritis, n. (امراضیات) ورمِ عصب ؛ سوزشِ عصب ؛ رگ کی سوجن ، ورمِ اعصاب ، جس سے اضطراری فعل میں نقص پیدا ہو جاتا ہے یا فالج واقع ہوتا ہے ؛ التہاب عصب ؛ اعصابی ورم ۔

neuritic, a., n. ورم اعصاب سے متعلق ؛ مریضِ ورمِ عُصب ۔

neurocirculatory, a. جسم کے اعصابی اور گردشی نظام سے متعلّق ۔

neurocrine, a. ایک ہارمون سے وابستہ یا متعلق جس سے اعصابی عمل پر اثر پڑتا ہے ۔

neurofibril, n. (تشریح الاعضا) عصبی ریشک ؛ اعصابی خلیوں میں باریک ریشے جو اعصابی ترسیلی عناصر سمجھے جاتے ہیں ۔

neurogenic, neurogenous, a. (طِب) عصبی تولیدی ؛ عصبی بافت یا عصب میں شروع ہونے والا ۔

neurogenically, adv. عصبی تولیدی طور پر ۔

neuroglia, n. (تشریح الاعضا) عصبی لاصِقہ ؛ ایک نازک رابط بافت جو عصبی بافت کے لازمی عناصر کو مربوط کرتی ہے ، بالخصوص مرکزی عصبی نظام میں؛ عصبی سریش ۔

neuroglial, neurogliac, neurolgliar, neuroligic, a. عصبی لاصقہ سے متعلّق ۔

neurologist, n. عصبیات دان ؛ ماہرِ علمُ الاعصاب ؛ وہ طبیب جو اعصاب یا اعصابی نظام کے امراض کی تشخیص اور علاج کرتا ہے ۔

neurology, n. علمُ الاعصاب ؛ اعصاب یا اعصابی نظام اور اس کے امراض کا علم ؛ عصبیات ۔

neurological, a. عصبیاتی ؛ علمُ الاعصاب سے متعلق ۔

neuroma, n. (امراضیات) عصبی سلعہ ؛ عصبی بافت پر مشتمل رسولی ۔

neuromatous, a. عصبی سلعہ سے متعلّق ۔

neuron, neurone, n. (تشریح الاعضا) عصب خلیہ ؛ عصبانیہ ؛ عصبیہ ؛ دماغ نخاع ، اعصابی نظام کا بنیادی تفاعلی اور ترکیبی عنصر جو عصبی خلیے پر اور اس کے تمام اعمال پر مشتمل ہوتا ہے ۔

neuronic, a. عصب خلیہ سے متعلق ۔

neuropathy, n. عصب روگ ؛ اعصابی نظام کا مرض ؛ مرضِ عصبی ۔

neuropathic, a. مرض عصبی سے متعلق ۔

neuropathically, adv. عصب روگ کے انداز میں ۔

neuropteran, n. عصبی پر دار : عصبی پر دار
نوع کا کوئی پتنگا جس کے دو غشائی جالی نما پر ہوتے ہیں ۔ نیز :
neuropteron, neuropter ۔ (صفت) عصبی پردار سے متعلّق ۔

neuropteroid, neuropterous, a. عصبی جنیحی ؛ عصبی پردار ۔

neurosis, psychoneurosis, n. مرضِ اعصاب ؛ اعصابیت ؛ ایک عملی
اعصابی یا جذباتی خرابی ، جو نفسیاتی خرابی سے کم سنگین ہوتی ہے
اور جس میں بظاہر جسمانی وجہ نہ ہوتے ہوئے ، تشویش ، اضمحلال
وغیرہ پائے جاتے ہیں ؛ خللِ اعصاب ؛ عصبیت ؛ اعصابی خلل ؛ نیورات ؛
فتورِاعصاب ۔

neurotic, a.,n. مریضِ اعصاب ؛ عصبی مرض سے متأثّر
یا اس کے متعلق ۔ (امراضیات) اعصاب کے بارے میں یا اس سے
متعلق ؛ جو عصبی مرض میں مبتلا ہو یا اس کے رویّے میں اس
کا شائبہ ہو ؛ عصبانی مریض ؛ اعصابی مریض ۔

neurotically, adv. عصبی مریض کے طور پر ۔

neurotoxic, a. اعصاب مسمومی ؛ اعصاب یا اعصابی
نسوں کے لیے زہریلا جیسے دماغ کے لیے ۔

neuter, a. جنس ۔ مشترک ؛ مخنّث ؛
بے جنس ؛ نہ نر نہ مادہ ۔ (گرامر) نہ معروف نہ مجہول ؛ فعل لازم
(جیسے neuter verb) ۔ (حیوانیات) پوری طرح ترقی یافتہ جنسی
اعضا سے محروم ۔ (نباتیات) وہ پھول جس کے ڈنڈی ہو نہ بُقچہ ؛ بے
زوج ۔ (اسم ، گرامر) بے جان جنس ۔ (حیوانیات) وہ حیوان جو جنس
افزائی کا نااہل ہو ؛ آختہ ؛ خصّی ۔ (نباتیات) ایسا پھول جس کے نہ زربر
ہوں نہ بُقچے ۔

neutral, a. غیر جانب دار ؛ تعدیلی ؛ جو کسی تنازُع یا
جنگی تصادم میں کسی فریق کا ساتھ نہ دے ؛ جو کسی خاص نوع یا
غایت کا حامل نہ ہو ؛ مبہم ؛ غیر معین ؛ ایسا رنگ رکھنے والا جس کا
کوئی خاص رنگ نہ ہو یا اکثر رنگوں کے ساتھ بخوبی مل سکے ۔
(حیاتیات) لا جنس ۔ (کیمیا) جو نہ ترشہ ہو نہ الکلی جیسے خالص
پانی ۔ (برق) نہ مثبت نہ منفی ۔ (اسم) ایسا شخص یا قوم جو غیر جانب
دار رہے ؛ ایسا شخص ، طیارہ یا جہاز جو جنگوں میں غیر جانب دار قوم
کی ملکیت ہو ۔ (مشین) گیروں کی وہ حالت جب موٹر سے کام کرنے
والے حصوں کو طاقت نہ فراہم کی جا رہی ہو (بالعموم in یا at کے
ساتھ) ۔ (صوتیات) حُروفِ علّت کی آواز جو زبان کو مرکز میں رکھتے
ہوئے آسانی سے ادا کی جائے (جیسے about میں a کی آواز) ۔

neutrality, n. غیرجانب داری ۔

neutrally, adv. غیر جانب دارانہ طور پر ۔

neutralism, n. بے طرفی ؛ غیر جانبداری ؛ خارجی
معاملات میں غیر جانب داری کی حکمت عملی یا غیر وابستگی کا
رویّہ اختیار کرنے کا نظریہ ۔

neutralist, n. حامئ غیر جانبداری ؛ غیر جانبدار ۔

neautralistic, a. غیر جانبدارانہ ۔

neutralize, v.t. تعدیل کرنا ؛ غیرجانبدار بنانا ؛
غیر جانبدار قرار دینا ، جیسے زمانۂ جنگ میں ؛ بے اثر کر دینا ؛ اثر کو
باطل کر دینا ۔ (کیمیا) ترشہ یا الکلی ملا کر اس طرح تعدیل کرنا کہ
دونوں کی مقدار برابر ہو جائے ؛ کسی چیز کے مخصوص اوصاف
غیرمؤثّر کر دینا ۔ (برق) برقی یا مقناطیسی حیثیت سے بے اثر کرنا ؛ بے
عمل کرنا ۔ (فعل لازم) تعدیل ہونا ؛ تعدیل کے عمل سے گزرنا ۔

neutralization, n. غیر جانب دارکاری ؛ تعدیل گری ۔

neutralizer, n. بے اثر کر دینے والا ؛ غیر جانب دار بنا
دینے والا ؛ تعدیل گر ۔

neutral spirits, n. ایتھائل الکحل جو ۱۹۰ پروف اور
۹۵ فیصد خالص ہوتی ہے اور وھسکی میں ملانے اور مفرحّات بنانے میں
استعمال ہوتی ہے ۔

neutrino, n. (طبیعیات) نیوٹرینو ؛ اساسی عدلیہ ؛ ایک غیر باردار
ابتدائی ذرّہ جس کی کمیت صفر کے قریب ہوتی ہے ۔

neutron, n. نیوٹرون ؛ عدلیّہ ؛ ایٹم کے مرکز
میں غیر باربردار ذرّہ جس کی کمیت تقریباً پروٹون کے برابر ہوتی ہے ۔

neutron bomb, n. نیوٹرون بم ؛ شدید ایٹم بم ۔

neutron star, نیوٹرون ستارہ ؛ لاشعاع ریز جرمِ فلکی
جس کے بارے میں فرض کر لیا گیا ہے کہ وہ کسی تباہ شُدہ ستارے سے
خارج ہونے والے ایٹمی ذرّات ہیں ۔

neve, firn, n. برف تودہ ؛ ثلج تودہ ؛ انبارِ یخ ؛
دانہ دار برف جو اونچے پہاڑوں پر جمع ہوجاتی ہے اور بعد ازاں گلیشیری
برف کی جامد صورت اختیار کر لیتی ہے ؛ اس قسم کی برف کا علاقہ
یا قطعہ ۔

never, adv. کبھی نہیں ؛ کسی وقت بھی نہیں ؛
کسی درجہ بھی نہیں ؛ قطعاً نہیں ؛ کبھی بھی نہیں ؛ ہرگز نہیں ؛ زنہار
نہیں ؛ نہیں ؛ کسی طرح نہیں ۔

nevermore, adv. پھر کبھی نہیں ؛ آئندہ کبھی نہیں ۔

never-never, a. خیالی ؛ وہمی
(جیسے Theatrical ballet often depicts a never- never world :) ۔

never-never land, تصوّراتی مقام یا حالت ؛
دُور افتادہ غیر آباد بنجر علاقہ ۔

never-never plan,
hire-purchase, (عوامی،برطانوی) قسطوں پر خرید ۔

nevertheless, adv. تاہم ؛ پھر بھی ؛ باوجود اس کے ؛
اس پر بھی ؛ امّا ؛ اس کے ساتھ ۔

nevus, naevus, n. پیدائشی خال ؛ کسی شخص کی جلد
پر پیدائشی نشان ، داغ یا خال ؛ نشانِ پیدائش ؛ موہکا ؛ لہسن ۔

new, a. نو ؛ نیا ؛ جدید ؛ حالیہ ؛ ابھی ابھی بنایا ہوا ؛
ایجاد کیا ہوا، پیش کیا ہوا یا وجود میں آیا ہوا ؛ حال ہی میں دریافت یا
محسوس کیا ہوا ؛ نامانوس : حال ہی میں کسی خاص مقام ، موقع ،
حالت یا رابطے میں لایا گیا ؛ غیر عادی ؛ جو قبل ازیں وجود میں یا
استعمال میں نہ آیا ہو ؛ انوکھا ؛ نئے سرے سے جاری ، رواں ؛ کسی سابقہ
یا پرانی حالت سے مختلف ؛ جو کسی پرانی چیز کی جگہ ہو ؛ تازہ ؛
مکرر ؛ جدید ، معاصر ؛ تازہ دم ؛ تقویت یافتہ ؛ قوی تر ۔ (بڑے N کے
ساتھ) جدید بحوالہ زبان ۔ (متعلق فعل) نئے انداز سے ۔ (اسم) نیا ؛
متأخّر ۔

newish, a. نئے طرز پر ؛ جدید انداز کا ۔

newness, n. نیا پن ؛ جدّت ؛ تازگی ؛ نو طرز ؛
ایجاد ؛ اختراع ۔

newborn, n. نومولود ؛ نژاد نو ؛ نوزائیدہ ۔

(صفت) حال ہی میں یا نیا نیا پیدا ہونے والا ۔ (مجازاً) نئے سرے سے پیدا یا دوبارہ پیدا ہونے والا (جیسے : newborn interest) ؛ حیاتِ نو رکھنے والا ۔

Newburg, a. مکھّن کی چٹنی ، انڈے کی زردی ، بالائی اور شراب کی آمیزش سے بنایا ہوا آمیزہ (جیسے : Lobster Newburg) ۔

New Church, n. جدید کلیسا ؛ نیو یروشلم کا کلیسا ؛ وہ فرقہ جو ایمینوئل سویڈن بورگ کا پیرو ہے ۔

newcomer, n. نووارد ؛ نیا نیا آنے والا ؛ تازہ ولایت ؛ نو آباد ؛ تازہ آمد ۔

new criticism, n. (اکثر بڑے N سے) جدید تنقید ؛ نئی تنقید: ادبی تنقید میں ایک جدید تر امریکی تحریک جس میں کسی تصنیف کے تجزیے اور قدروقیمت کے تعین کے لیے تاریخی یا سوانحی مطالعے کی بجائے متن کی تشریح پر زور دیا جاتا ہے ۔

New Deal, n. نیوڈیل ؛ اقتصادی بحالی کی تدابیر اور اصلاحی قوانین جن کا رُوز ویلٹ علمبردار تھا ؛ رُوزویلٹ کا دور حکومت ؛ معاملتِ نو ۔

New Dealer, n. نیوڈیل ؛ معاملتِ نو کے اقدامات کا عامل یا حامی ۔

newel, n. متکی ؛ ستون زینہ ؛ ایک مرکزی ستون یا تھم جس سے پیچ دار سیڑھی کے ڈنڈے پھیلتے ہیں ؛ زینے کے سرے یا پائین کا کھمبا جو ریلنگ کی پشت پناہی کرتا ہے ۔ نیز : newel post ۔

newfangled, a. نو ترا شیدہ ؛ نو ساختہ ؛ جدید وضع کا؛ نئے سے نئے طرزکا؛ کسی اچھوتی اورانوکھی بات کا مشتاق ۔

new-fashioned, a. نئے فیشن کا ؛ جدید فیشن کا ؛ حال ہی میں مروّج ۔

Newfoundland, n. نیو فاؤنڈ لینڈ ؛ بڑے بالعموم کالے بال دار کتوں کی ایک قسم جس کی اصل نیوفاونڈلینڈ کے جزیرے سے ہے ، اپنی ہوشیاری ، فرماں برداری اور تیرنے کی صلاحیت کے لیے مُمتاز ہے ۔

newly, adv. حال ہی میں ؛ ابھی ابھی ؛ تازہ تازہ ؛ تھوڑا عرصہ ہوا ؛ نئے سرے سے ؛ نئی وضع یا انداز سے ؛ دریں وِلا ؛ حال میں ؛ از سر نو؛ مجدداً بالفعل ؛ تھوڑے دنوں سے ؛ نئے سرے سے ۔

newlywed, n. نوبیاہتا شخص ۔

newmarket, n. تاش کا ایک کھیل ؛ انیسویں صدی میں عورت یا مرد کا لمبا چست کوٹ (گھر سے باہر پہننے والا)-نیز: Newmarket Coat ۔

new moon, n. نیا چاند ؛ ہلال ؛ ماہِ نو ؛ وہ زمانہ جب چاند ، سورج اور زمین کی عین سیدھ میں ہو جس کے سبب اس کا روشن رخ زمین سے دکھائی نہیں دیتا ؛ اس حالت کے تھوڑی ہی دیر بعد نظر آنے والا چاند جو ہلال کی شکل میں دکھائی دیتا ہے ۔

news, n. خبریں ؛ کسی چیز کے متعلق اطلاع جو واقع ہو چکی ہو یا جس کے متعلق پہلے سے علم نہ ہو ؛ حالیہ معلومات ؛ کسی واقعے کے متعلق حالیہ اطلاع ، بالخصوص وہ جسے ذرائع ابلاغ ، اخبارات ، ریڈیو، ٹیلیوژن نے فراہم کیا ہو ؛ کوئی بات یا شخص جسے ذرائع ابلاغ قابلِ اعتنا و پیشکش تصوّر کریں ؛ اخبار یا نشریہ۔

news agency, n. خبررساں ادارہ ؛ خبررساں ایجنسی ؛ وہ ادارہ جو رسائل و جرائد اور دوسرے چندہ دہندگان یا خریداروں کے لیے خبریں جمع یا حاصل کرتا ہے ؛ اخبار فروش ادارہ ۔

newsboy, n. اخبار فروش ؛ وہ لڑکا جو اخبارات بیچتا یا پہنچاتا ہے ۔

newsbreak, n. کوئی قابلِ خبر ماجرا ، واقعہ ، سانحہ یا حادثہ ۔

newscast, n. خبر نامہ ؛ حالیہ واقعات کا ٹیلی وژن یا ریڈیو سے نشریہ ؛ نشرِ اخبار ۔

newscaster, n. ناشرِ اخبار ؛ خبریں نشر کرنے والا ؛ ریڈیو ٹیلی وژن سے خبریں نشر کرنے والا ۔

news conference, n. اخباری اجلاس ؛ نیوز کانفرنس ؛ کسی پریس ایجنٹ ، معروف شخصیت ، سرکاری افسر کا وہ اجلاس جس میں اخباری خبر رساں بلائے جائیں تاکہ انھیں اطلاعات بہم پہنچائی جائیں اور اُن کے سوالات کے جوابات دیے جائیں ۔

newsletter, n. اطلاع نامہ ؛ خبر نامہ ؛ رپورٹ یا تجزیے کا حامل خصوصی نوعیت کا مراسلہ جو چندہ دہندگان یا اسامیوں کے لیے میعادی طور پر تقسیم کے لیے طبع کیا جاتا ہے ۔

newsman, n. نامہ نگار ؛ خبرنگار ؛ صحافی ؛ وہ شخص جو خبریں جمع کرتا ، بہم پہنچاتا یا ان کی تشریح کرتا ہے ؛ وہ شخص جو اخبارات اور رسائل بیچتا ہے ؛ اخبار فروش ۔

newsmonger, n. گپ باز ؛ لپاڑیا ؛ گپّی (غپّی) ؛ بے سروپا باتیں بنانے والا ۔

newspaper, n. اخبار ؛ جریدہ ؛ روزنامہ ؛ روزانہ یا ہفتہ وار چھپنے والا اخبار جس میں خبریں ، رائیں ، مضامین ، خبری کہانیاں اور اشتہار چھاپے جاتے ہیں ؛ وہ ادارہ جو اخبارات تیار ، شائع یا تقسیم کرتا ہے ؛ اخبار کی ایک کاپی ؛ سستا اخباری کاغذ ؛ ایک عدد اخبار ؛ پرچہ ۔

newspaperman, n. اخباری نامہ نگار ؛ اخباری نمایندہ ۔

newsprint, n. اخباری کاغذ ؛ سستا کاغذ جو لکڑی کے گودے سے مشینوں کے ذریعے تیار کیا جاتا ہے اور اکثر اخبارات چھاپنے کے کام آتا ہے ؛ نیوز پرنٹ ۔

newsreel, n. تصویری خبر نامہ ؛ نیوزریل ؛ خبریں پیش کرنے والی مختصر متحرّک تصویر ۔

newsstand, Brit. news stall, اخباری دُکانچہ ، چبوترا ، تھڑا ، مقام ، جگہ یا میز جہاں اخبارات و رسائل بیچے جاتے ہیں ؛ نیوز اسٹال ؛ نیوزاسٹینڈ ۔

New Style, a. نیو اسٹائل ؛ گریگورین (عیسوی) کیلنڈر کے مطابق یا اس سے متعلق ۔

newsworthy, a. قابلِ خبر ؛ اخباری اہمیت کا حامل؛ کوئی بات یا خبر اتنی اہم ہو یا دلچسپی کی حامل ہو جو رپورٹ کرنے کے لائق ہو ۔

newsy, a. (بول چال) پر خبر ؛ خبروں سے پُر ۔ (اسم) (بول چال) اخبار پہنچانے ، بیچنے والا لڑکا ۔

newt, n. نیوٹ ؛ وُرل ؛ آبی چھپکلی ۔

New Testament, n. عہد نامۂ جدید ؛ انجیل ؛ بائبل

کی وہ کتابیں جو ابتدائی نصرانی پادریوں نے ۴۰ء اور ۱۰۰عیسوی
کے درمیان لکھیں اورجو چار انجیلوں ، ۲۱ مکاتیب اور حواریوں کے
قوانین اور کشفِ یوحنا پر مشتمل ہیں ۔

newton, n. (طبیعیات) نیوٹن ؛ میٹر کلو گرام سیکنڈ
نظام میں قوّت کی معیاری اکائی جو اس قوّت کے مساوی ہوتی ہے
جو ایک کلو گرام کمیّت پر ایک میٹر فی سیکنڈ فی سیکنڈ اسراع کے لیے
درکار ہو اور ایک لاکھ ڈائن کی قوّت پیدا کرے ۔

Newtonian, a. [سر آئزک نیوٹن سے منسوب] نیوٹنی ؛
سرآئزک نیوٹن یا اس کی طبیعیات ، بصریات اور دوسرے شعبوں میں
دریافتوں اوراُن کے اصولوں کے متعلق (جیسے: the Newtonian telescope)۔

New World, n. نئی دنیا ؛ امریکا ؛ مغربی نصف کرہ
جس میں شمالی امریکا اور جنوبی امریکا شامل ہیں ،برعکس قدیم دنیا
کے جو یورپ،ایشیا ، افریقہ اور آسٹریلیا پر مشتمل ہے ۔

new year, n. سال نو ؛ نیا سال ؛ آنے یا شروع
ہونے والا نیا سال ۔ (بڑے N سے) سال کا پہلا یا اس کے ابتدائی دن ۔

New Year's Day, نوروز ؛ نئے سال کا پہلا دن ، گریگورین کیلنڈر
کے مطابق یکم جنوری ۔

next, a. اگلا ؛ جگہ ، وقت ، مرتبہ یا درجے میں
نزدیک ترین ؛ متصل ؛ برابر ؛ فوراً بعد کا ؛ نزدیک یا متصل ۔ (متعلِق
فعل) آئندہ وقت یا موڑ پر ؛ آئندہ ؛ اب سے پھر ؛ مابعد ؛ آس پاس ؛
نزدیک ؛ پرلا ؛ پیوستہ ؛ نیچے والا ؛ اوپر والا ؛ ملا ہُوا ؛ قریب
ترین ؛ دوسرے درجے کا ۔ (حرف جار) ملحق یا نزدیک ترین ۔

next friend, n. (قانون) مختار ؛ قانونی سرپرست کے
بجائے کوئی دوسرا شخص جو نابالغ یا قانونی طور پر معذور افراد کے
لیے کام کرتا ہے ، جیسے مقدمات وغیرہ میں ۔

next of kin, n. خونی رشتہ دار ؛ وارث ؛ قریب ترین رشتہ دار ؛
کسی شخص کے خون کے ناطے سے رشتہ دار ۔ (قانون) وصی کے خونی
رشتہ دار جو اس کے ورثے میں حصہ داری کا حق رکھتے ہوں ؛ قریبی
رشتہ دار ۔

next to, prep. فوری مابعد آنے والا ؛ ملحق ۔
(متعلق فعل) عملاً (جیسے : next to impossible) ۔

get next to someone, (عوامی) ؛ کسی کے دل میں گھر کرنا ؛
دوست ہونا ؛ معتمد یا بے تکلّف ہونا ؛ جنسی طور سے بے تکلّف ہونا ۔

nexus, n. بندھن ؛ رابطہ یا تعلّق ؛ رابطہ
پیدا کرنے والا ؛ مربوط سلسلہ ، رباط ؛ رشتہ ؛ تعلق ؛ لگاؤ ؛ واسطہ ؛
علاقہ ؛ کڑی ؛ اقرار ۔

niacin, n. (حیاتی کیمیا) نیا سین ۔ نکوٹینک ایسڈ ؛
تمباکو کا زہر ۔

niagara, n. [آبشار نیا گرا سے ماخوذ] نیا گرا ؛
آبشار ؛ بڑا جھرنا ؛ سیلاب ؛ سیل ۔

nib, n. نب ؛ نوک ؛ نوکِ قلم ؛ پرندے کی چونچ یا منقار ؛
کسی چیز کی نوک خصوصاً قلم کی ؛ کوئی نوکدار سِرا ؛ درانتی کا
پھل ؛ قلم کی زبان ؛ ڈنک ؛ قط یا نوک ۔ (فعل متعدی) (قلم میں) نب
لگانا ؛ نوک کو ٹھیک یا تیز کرنا جیسے قلم کی نوک ؛ قط لگانا ۔

nibble, v.t. کُترنا ، کُھٹکنا ؛ تھوڑا تھوڑا کرکے دانت
سے کاٹنا ؛ کھٹکارنا ؛ چھوٹے چھوٹے لقمے کھانا ؛ کاٹنا ؛ کُتر کے کھانا ؛
(فعل لازم) سہج سے کاٹنا (دانتوں سے)(بالعموم at کے ساتھ) ۔ (اسم)
چھوٹا نوالہ ؛ کاٹنے کا عمل ۔

nibbler, n. کاٹنے والا (دانت سے) ؛ چھوٹے چھوٹے
لقمے کھانے والا ۔

nibblick, number nine iron, n. (گالف) آہن چپٹی؛
گالف کھیلنے کے ڈنڈے کا نیچے کے سرے کی طرف سے ایک چپٹا ترچھا
آہنی حصّہ جس سے گیند کو ہوا میں اونچا اچھالا جاتا ہے ۔

nibs, n. (عوامی) متکبر ، تحکم پسند ، مغرور ، خودبین
(عموماً پہلے his یا her) ۔

niccolite, copper nickle, n. نکولائٹ ؛ ہلکے سرخ تانبے کے
رنگ کی چمکدار دھات جونکل آرسینائڈ پر مشتمل ہوتی ہے اور عموماً
نقلمی صورت میں پائی جاتی ہے ؛ مسی نِکل ؛ کچّا نِکل ۔

nice, a. خوشگوار ؛ عُمدہ ؛ مہربان ؛ معزز ، شایستہ ؛
مناسب (جیسے : not too nice an observation) ؛ ماہرانہ (جیسے : a
nice shot at the basket) ؛ باتدبیر (جیسو : a nice maneuver) ؛ لطیف
یا دقیق (جیسے a nice distinction) ؛ انتہائی درست یا جچا تلا
(جیسے : a nice measurement)؛ دلکش اور لذیذ (جیسے : a nice
meal) ؛ نفیس ۔

nicely, adv. نفاست سے ؛ عمدگی سے ۔

niceness, n. عمدگی ؛ نفاست ؛ ستھرائی ؛ عمدہ پن ؛
نزاکت ؛ باریک بینی ؛ نکتہ دانی ؛ باریکی ؛ خوبی ؛ موشگافی ۔

Nicence Creed, Nicaean Creed, n. آریانزم کی مزاحمت کے لیے
۳۲۵ء میں ابتدائی نیقیائی مجلس کا نصرانی عقائد کا بیان جو بعد میں
نظرثانی کے بعد رومن کیتھولک اور اکثر پروٹسٹنٹ عقائد کے کلیساؤں
میں تسلیم کیا گیا ۔

Nicene, a. نیقیائی عقائد رکھنے والے ۔

nicety, n. (عموماً جمع) باریکی ؛ نزاکت ؛ نازک
یا جچا تلا نکتہ ؛ نازک فرق یا لطیف امتیاز (جیسے : the niceties of
this book on Shakespeare) ؛ پرلطف ، خوش آئند خاصیّت (جیسے :
the niceties of living abroad,) ؛ لطیف ہونے کی کیفیت ؛ قطعیت ؛
جچا تلا ہونے کی کیفیت ؛ بہت زیادہ نزاکت یا نفاست پسندی ؛ نزاکت
جس کے لیے احتیاط درکار ہو (جیسے : a matter of the utmost nicety) ۔

to a nicety, درست طور پر ؛ صحیح طور پر ۔

niche, n. خلا ، جوف ، خالی جگہ ، طاقچہ ،
کھانچہ ، جیسے دیوار میں ؛ مجسمہ یا دوسری آرایشی چیزیں رکھنے کے
لیے ، ایسی جگہ ، مقام جو کسی شخص کے لیے موزوں اور مناسب ہو ؛
مقام ؛ مرتبہ ؛ آلہ ؛ جھروکا ۔ (فعل متعدی) طاق میں رکھنا ۔

nick, n. دندانہ ؛ دانتا ؛ لکڑی کی چھیلن
یا چھیٹی یا کسی سطح یا کنارے پر گہرا نشان ، قعر ۔ (طباعت)
ٹائپ ترتیب کار کی رہنمائی کے لیے ٹائپ کی ڈنڈی میں کٹاؤ کا
نشان ؛ عین موقع ؛ عین وقت ؛ شمار ؛ گنتی ۔ (فعل متعدی) دندانہ یا
دانتا بنانا ؛ نشان بنا کر اندراج کرنا یا گننا ، شمارکرنا ؛ دانتے یا نشان
ڈالنا ۔ (عوامی) لوٹنا یا دھوکا دینا ۔

in the nick of time, عین نازک وقت پر ؛
عین وقت پر ۔

nicker, n. دندانہ یا نشان بنانے والا ؛ اٹھائی گیرا ؛ اُچکّا ؛ لٹیرا ۔

nickel, n. نِکل ؛ ایک سخت نقری ، لوچدار ، ملائم تار پذیر دھاتی عنصر جو بھرت میں استعمال ہوتا ہے ۔ (امریکا) تانبے اور نکل کا ۵ سینٹ کا سکہ ۔ (فعل متعدی) نکل کی تہ چڑھانا ۔

nickelic, a. نکل سے متعلق ؛ جس میں نکل ہو خصوصاً سہ گرفتہ نکل ۔

nickeliferous, a. نکل دار ؛ نکل کا حامل ۔

nickelous, a. نکلی ؛ دوگرفتہ نکل کا حامل ۔

nickel-plating, n. دھاتوں پر نکل کا ملمّع کرنے کا عمل ؛ نکل کا ملمّع ۔

nickel silver, German silver, n. دھاتوں کا ایک مرکب جس میں تانبا ، جست اور نکل شامل ہو ؛ جرمن سلور ۔

nickelodeon, n. ایک قدیم مناظربین ڈبہ (juke box) ؛ اگلے زمانہ کا تھیئٹر جس میں داخلے کی قیمت ایک نکل ۵ سینٹ ہوتی تھی ۔

nicker, v.i. ہنہنانا ؛ ٹھٹھا یا قہقہہ لگانا ؛ ہنسنا ؛ ہلکا شگاف دینا ۔ (اسم) ہنہناہٹ ، ہنسی، قہقہہ ۔

nicknack, n. دیکھیے : Knickknack ۔

nickname, n. عُرف ؛ لاڈ پیار کا نام ؛ بگڑا ہوا نام ؛ ذاتی نام کی مانوس شکل (جیسے : Jim for james) ؛ مذاقاً یا بے تکلفی سے کسی شخص یا مقام کے اصل نام کی بجائے متبادل نام یا اضافہ ۔ (فعل متعدی) عرف رکھنا ؛ عرفیت یا کسی خاص لقب سے پکارنا ؛ غلط یا نامناسب نام سے مخاطب کرنا ؛ حقارت کا نام رکھنا ؛ غلط نام رکھنا ۔

nicotiana, n. (نباتیات) نکوشیانا ؛ نکوشیانا جنس کا کوئی پودا ، بالخصوص nicotiana tabucum اور nicotiana alata جو تزئین و آرایش کے لیے مقبول پودے ہیں ۔

nicotinamide, niacinamide, n. (حیاتی کیمیا) نکوٹینا مائڈ ؛ ناپاسینا مائڈ ؛ حیاتین بی کمپلیکس کا جزو جو مرض پیل گرا کے علاج یا اس سے بچنے کے لیے یا مویشیوں کی دواؤں میں استعمال ہوتا ہے ۔

nicotine, n. نکوٹین ، ایک نہایت زہریلی بخاراتی (بخار بن کر اُڑ جانے والی) القلی جو تمباکو سے حاصل کی جاتی ہے ؛ تمباکو کا زہر ۔

nicotinic, a. تمباکو کے زہر سے متعلّق ۔

nicotinic acid, n. نکوٹینی تیزاب؛ حیاتین بی کمپلیکس میں پائی جانے والی ایک حیاتین جو نکوٹین کی تکسید سے بنتی ہے اور قلمی مرکب پر مشتمل ہوتی ہے اور بالخصوص پیل گرا کی روک تھام میں کام آتی ہے ۔

nictitate, nictate, v.i. آنکھ جھپکانا ۔

nictitant, a. آنکھ جھپکتے ہوئے ۔

nictitation, n. آنکھ کی جھپک ۔

nictitating membrane, nictating membrane, n. پرندوں، رینگنے والے جانوروں اور غشائی حیوانوں کی آنکھوں کے اندرونی کونے میں ایک پُتلی ؛ متحرک جِھلّی جس سے تیسرا پپوٹا بنتا ہے؛ چشمک زن جِھلّی ۔

nidicolous, a. (طیوریات) آشیانہ گیر ؛ کچھ عرصے گھونسلے میں پالا ہوا ؛ بمقابلہ nidifugous ۔کسی دوسری نوع کے گھونسلے میں شریک ؛ آشیانہ باش ۔

nidificate, v.i. گھونسلا بنانا ؛ آشیانہ بنانا ؛ آشیانہ سازی کرنا ؛ آشیانہ بندی میں مشغول ہونا ۔

nidification, n. آشیانہ سازی؛آشیانہ بندی ۔

nidificational, a. آشیانہ سازانہ ۔

nidifugous, a. (طیوریات) آشیانہ گریز ؛ وہ پرندہ جو انڈے سے نکلنے کے فوراً بعد گھونسلے کو چھوڑ دے ، جیسے گھریلو چوزے ۔بمقابلہ آشیانہ گیر(nidicolous) ۔

nidus, n. بیضہ گاہ ؛ گھونسلا ؛ نشیمن ؛ مرکز ؛ نموگاہ ؛ خصوصاً وہ جس میں کیڑے یا مکڑیاں اپنے انڈے رکھتے ہیں ؛ کسی جسم نامی میں وہ مقام جو چھوت کا مرکز ہو ۔ (مجازاً) اصل یا نشوونما کا سرچشمہ ۔

nidal, a. بیضہ گاہی ؛ نشیمنی ۔

niece, n. بھتیجی ؛ بھانجی ؛ بھائی یا بہن کی بیٹی ؛ برادر زادی ، خواہر زادی یا سالے اور سالی کی بیٹی ۔

niello, n. سیاہ مینا کاری ؛ چاندی کی مرصّع پلیٹیں یا رکابیاں بنانے کا فن جن میں کُھدے ہوئے ڈیزائن یا نقش و نگار کو سیاہ دھات سے بھرا جاتا ہے ؛ چاندی ، تانبے ، سیسے اور گندھک سے تیار شدہ مرکب جو اس فن میں استعمال ہوتا ہے ؛ اس قسم کے فن کا نمونہ ؛ اس قسم کا فن پارہ ؛ سیاہ نقش کاری ۔ (فعل متعدی) سیاہ نقش کاری کرنا ۔

niellist, n. سیاہ قلم کار ؛ سیاہ نقّاشی کا کام کرنے والا ۔

nifty, a. (عوامی) کائیاں ، چلتا پرزہ ؛ طرحدار ؛ بانکا ؛ پھرتیلا ؛ پُرلطف ؛ کھرا ۔

niggard, n., a. کنجوس ؛ کمینہ ؛ لالچی شخص ؛ بخیل ؛ شوم ۔

niggardliness, n. کنجوسی ؛ بُخل ؛ کنجوس پن ۔

niggardly, a. خسیس ؛ بخیل ؛ لالچی ۔ (متعلق فعل) بخیلانہ ؛ خست سے ۔

niggle, v.i. خفیف الحرکتی سے کام لینا ؛ غیر مؤثر طریقے سے کام کرنا ؛ چھوٹی یا معمولی جزئیات پر بہت زیادہ توجہ کرنا یا وقت ضائع کرنا ؛ جزوی بات پر وقت ضائع کرنا ؛ بال کی کھال نکالنا ؛ مین میخ نکالنا ۔

niggler, n. خفیف الحرکت ، نکتہ چیں ۔

niggling, a. خفیف ؛ ادنیٰ ؛ غیر اہم ؛ پُرتصنُّع ؛ بہت مفصّل ۔

nigglingly, adv. حد سے زیادہ تکلف سے ؛ مین میخ نکالتے ہوئے ۔

nigh, adv. (قدیم ، بولی) نزدیک ؛ قریب ؛ جگہ ، وقت یا تعلق میں نزدیک ، تقریباً یا بڑی حد تک ۔ (حرف جار، قدیم ، بولی) کے قریب ، کے نزدیک ، نزد ۔ (صفت ، قدیم ، بولی) قریب؛جو دور نہ ہو ؛ قریبی ؛ رشتے میں قریب؛ حیوانات یا گاڑیوں کی نسبت سے ، پاس یا قریب ، چھوٹا یا راست ، بلا واسطہ ۔ (فعل متعدی و لازم) (قدیم ، بولی) قریب کرنا ، پاس آنا ، لگ بھگ ہونا ۔

night, n. رات ؛ شب ؛ لیل ؛ ۲۴ گھنٹے کے دن رات کا وہ حصہ

حِس و حرکت کر دیتا ہے۔

nightlong, a. جو رات بھر برقرار رہے ؛ شب بھر۔
(متعلق فعل) پوری رات میں ؛ رات بھر۔

nightly, a. شبینہ ؛ لیلی ؛ شبانہ ؛
رات کو واقع یا رونما ہونے والا ؛ ہر رات واقع یا رونما ہونے والا۔ (متعلق فعل) رات کو ؛ ہر شب۔

nightmare, n. کابوس ؛ ڈراؤنا یا خوفناک خواب جس سے شدید تشویش ، اذیّت اور بے بسی کا احساس ہوتا ہے ؛ ایسا خیال ، تجربہ یا افتاد جو کابوس کی طرح دہشت پیدا کرے ؛ وہ خبیث روح جس کے بارے میں کبھی یہ خیال کیا جاتا تھا کہ وہ لوگوں کا دم گھونٹ دیتی ہے اور سوتے میں اذیت پہنچاتی ہے۔

nightmarish, a. کابوسی ؛ بھیانک ؛ ہولناک ؛ کابوس سا ؛ دہشت انگیز۔

night owl, n. (بول چال) وہ شخص جو رات کو دیر گئے تک جاگنے کا عادی ہو ؛ شب بیدار ؛ شب زندہ دار۔
دیکھیے : nighthawk۔

night raven, n. غرابِ شب ؛ ایک پرندہ جو رات بھر چلّاتا ہے بالخصوص رات کا بگلا۔

nightrider, n. (جنوبی امریکا) ان سوار دستوں کا آدمی جو رات کو تشدد کی وارداتیں کرتے ہیں ، جیسے مرعوب کرنے یا انتقام کے لیے ؛ شب سوار ؛ شب گرد۔

nightriding, n. شب سواری ؛ شب گردی۔

nights, adv. رات کو یا رات کے وقت۔

nightshade, مکو ؛ عنب الثعلب ؛ سلانیشیا (Solanaceae) نوع کی ترکاریوں میں شامل ترکاریاں : آلو ، ٹماٹر ، سیاہ مکو ، بالخصوص سلانم (Solanum) جنس میں سے کوئی جس میں بَلادُر اور تُرش و شیریں مکو شامل ہیں۔

nightshirt, n. شبینہ قمیص ؛ لمبا پُل اوور یا سلی ہوئی شب خوابی کی قمیص جسے مرد اور لڑکے پہنتے ہیں۔

night soil, n. غلاظت ؛ بول و براز ؛ انسانی فضلہ جسے جمع کرکے بطور کھاد استعمال کیا جاتا ہے۔

night stick, Brit. truncheon, n. پولیس ڈنڈا ؛ وہ بھاری چھڑی یا لمبا ڈنڈا جو پولیس والے ہاتھ میں رکھتے ہیں ؛ لاٹھی۔

nighttime, n. رات ؛ ہنگامِ شب ، شام اور صبح کا درمیانی وقت۔

nightwalker, n. شب شکاری ؛ شب گرد ؛ شب رَو ؛ وہ شخص جو رات کو گھومتا پھرتا ہے بالخصوص مجرمانہ مقاصد کے لیے۔

nigrescent, a. تھوڑا سا کالا ، کچھ کچھ سیاہ ؛ سیاہی مائل ؛ کلجھواں۔

nigrescence, n. سیاہی ، سیاہی مائل کیفیت۔

nigritude, n. اندھیرا ؛ مکمل تاریکی ، سیاہی ، ظلمت۔

nigritudinous, a. کالا سا ؛ سیاہی مائل۔

nigrosine, nigrosin, n. (کیمیا) کوئی بلیو بلیک (گہرا نیلا) رنگ جو نیل سے حاصل ہوتا ہے اور تجارتی طور پر رنگنے ، رنگ چڑھانے یا رنگریزی میں کام آتا ہے۔

nihilism, n. فنائیت ؛ انکار کل ؛ عَدمیّت ؛ لاشیئت

جب سورج افق سے نیچے ہو یا غروب آفتاب سے لے کر طلوع آفتاب تک کا وقت ؛ تاریکی کی حالت یا وقت ، بدحالی ، بدنصیبی وغیرہ ؛ جہالت یا ظلمت کی حالت ؛ موت یا قبر کی تاریکی۔ (صفت) رنج و غم کا وقت۔

night blindness, n. شب کوری ؛ رتوندھا ؛ آنکھوں کی وہ حالت جب انسان دن میں ٹھیک دیکھ سکتا ہو اور رات کو یا دھندلی روشنی میں کم یا بالکل نہ دیکھ سکتا ہو۔

night-blind, a. شب کور ؛ رات کو نہ دیکھ سکنے والا۔

night-blooming cereus, n. رات کو کِھلنے والے ناگ پھنی کی کوئی قسم جس کے بڑے بڑے سفید خوشبودار پھول ہوتے ہیں۔

night cap, n. شب خوابی کی ٹوپی۔ (بول چال) سونے سے پہلے کا جام شراب ؛ مئے شبینہ ؛ بادۂ شبینہ ؛ بادۂ شبانہ۔

night clothes, n. شب خوابی کا لباس ؛ سونے سے پہلے پہنے جانے والے کپڑے۔

night club, n. شبینہ کلب ؛ قہوہ خانہ ؛ کیفے یا ریستوران جہاں رات سے فجر تک اکل و شرب اور نغمہ و دیگر تفریحات پیش کی جاتی ہیں ؛ نائٹ کلب۔

night crawler, n. (بول چال) مکوڑا ، کرم بالخصوص رات کا بڑا کیڑا۔

nightdress, n. شبینہ لباس ؛ گون ؛ رات کے کپڑے۔

nightfall, n. شام ؛ رات کی آمد ؛ دن کا اختتام ؛ آغاز شب۔

nightgown, nightdress, n. جامۂ شب ؛ نائٹ گون ؛ ایک ڈھیلا ڈھالا گون جو سوتے وقت پہنا جاتا ہے ؛ رات کا لبادہ۔

nighthawk, n. ظلیم ؛ پشّہ خوار ؛ شمالی امریکا کا ایک قسم کا پرندہ goatsucker یا nightjar کے خاندان سے تعلق رکھنے والا ؛ ابابیل کی قسم کا امریکی پرندہ جس کے متعلق مشہور ہے کہ رات کو بکریوں کا دودھ پی جاتا ہے۔ (بول چال) رات کو چلنے پھرنے والا شخص ؛ شب گرد۔

night heron, n. خاص نوع کا شبینہ بگلا اور اس سے ملتے جُلتے دوسرے پرندے جو پرانی دنیا اور متحدہ امریکا میں پائے جاتے ہیں۔

nightingale, n. بُلبُل؛ عندلیب؛ ایک ہجرت کرنے والا پرندہ جو خوش الحان پرندوں کے خاندان سے تعلق رکھتا ہے ، بالخصوص وہ نوع ، جو رات کے وقت نر کے میٹھے نغموں کے لیے مشہور ہے ؛ ہزار داستان۔

nightjar, n. (طیوریات) پشّہ خوار ؛ عاطِفُ الریاح ؛ یورپ کے عام رات کے وقت بکریوں کا دودھ پی جانے والے ابابیل کی نوع میں سے کوئی۔

night latch, n. دروازے کی اسپرنگ دار کنڈی جو باہر سے چابی اور اندر سے گھنڈی کے ذریعے کھلتی ہے۔

night letter, n. شبینہ تار ؛ رات کو بھیجا ہوا تار جو اگلی صبح پہنچایا جاتا ہے ، جس پر عام تار سے کم خرچ ہوتا ہے۔

nightlighter, n. (کینیڈا) شکاری ، عموماً ہرنوں کا ، جو خلاف قانون تیز روشنی کے ذریعے شکار کو حیرت زدہ کرکے بے

یا لاوجودیت ۔ (فلسفہ) تشکک کی انتہائی قسم جس میں ہر قسم کے وجود حقیقی سے انکار کیا جاتا ہے ؛ مذہب یا اخلاقی اصولوں اور ذمہ داریوں یا مسلّمہ قوانین اور اداروں میں مکمل بے اعتقادی ۔ (بعض اوقات بڑے N سے) ایک رُوسی انقلاب پسند جماعت کے اُصول جو انیسویں صدی کے نصف ثانی میں فعّال تھی اور جس کے مطابق موجودہ سماجی اور سیاسی اداروں کو تباہ کر دیا جانا چاہیے تاکہ ایک نئے معاشرے کے لیے راستہ صاف ہو ؛ یہ جماعت انتہائی اقدامات کے طور پر دہشت گردی اور قتل و غارت گری سے کام لیتی تھی ؛ کوئی بھی انقلابی کارروائی یا پروپیگنڈا جو دہشت گردی کو فروغ دے ۔

nihilist, n., a. پیرو عدمیت ؛ لاوجودیت کا قائل ؛ منکر مذہب و اخلاق ؛ منکر کُل ۔

nihilistic, a. لاوجودیتی ؛ عدمی ؛ فنائی ۔

nihility, n. معدومیت ؛ فنائیت ؛ لاشیئیت ؛ عدم ؛ نیستی ؛ کم قدری ؛ اعدام ۔

nihil obstat, n. کلیسائی منظوریٔ اشاعت ؛ کسی کتاب یا تصنیف کا معائنہ کرنے کے بعد اور یہ دیکھ کر کہ اس میں دین یا اس کے اخلاقیات کے خلاف کچھ نہیں ہے ، اس کی اشاعت کے لیے رومن کیتھولک کلیسا کی طرف سے سرکاری منظوری ۔

Nike, n. نایک ؛ زمین سے آسمان/فضا کی طرف مار کرنے والا راکٹ/میزائل جس کی برقی ذریعے سے رہنمائی کی جاتی ہے اور جو کافی بلندیوں پر بمباروں کو روک کر تباہ کر سکتا ہے ۔

nil, n. صفر ؛ ندارد ؛ نہیں ۔

Nile green, Nile, n. پیلا سبز رنگ ؛ زردی مائل سبز ۔

nill, v.t., v.i. (قدیم) خلاف یا نا رضامند ہونا ؛ راضی نہ ہونا ؛ انکار کرنا ؛ ناراض ہونا ۔

nimble, a. پھرتیلا ؛ چُست ؛ حرکت میں سُبک اور تیز ؛ آسانی اور چستی سے متحرک ؛ تیز ذہن ؛ چالاک ۔

nimbleness, n. پھرتی ؛ تیزی ؛ زود فہمی ؛ سبک رفتاری ۔

nimbly, adv. پھرتی سے ؛ تیزی سے ؛ جلدی سے ؛ چالاکی سے ۔

nimbostratus, n. (موسمیات) بارشی طبقِ ابر ؛ ایک نیچا گہرا بھورا بادل یا بادلوں کی تہ جو دیر تک جاری رہنے والی بارش یا برفباری لاتے ہیں ۔

nimbus, n. ہالۂ نور ؛ ہالہ ؛ ایک تابناک یا نُوری ہالہ جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ وہ ربّانی یا مقدس اشخاص کو گھیرے رہتا ہے ؛ اس ہالے کی مصوری میں فنکارانہ پیش کش ؛ کسی شخص یا شے کے گرد تعیش یا رومان کی فضا ۔ (سابق) گھنگھور گھٹا ۔

nimbused, a. ہالہ دار ۔

nimiety, n. تجاوُز ؛ کثرت ؛ زیادتی ؛ افراط ؛ زائدپن ۔

niminy piminy, a. زنخا ؛ پُرتصنُّع ؛ چباچبا کر گفتگو کرنے والا ۔

Nimrod, n. (اکثر چھوٹے n سے) شکار میں ماہر یا اس کا دلدادہ ۔

nincompoop, n. بیوقوف ؛ کودن ؛ مادھو ؛ کوڑھ مغز ؛ ضعیف العقل ؛ بھوندو ، سادہ لوح ؛ بُدھو ؛ گاؤدی ؛ موڑھ ؛ کمزور ۔

nincompoopery, n. کُوڑھ مغزی ؛ سادہ لوحی وغیرہ ۔

nincompoopish, a. احمقانہ ؛ سادہ لوح ۔

nine, n. نو ؛ آٹھ اور دس کا درمیانی عدد؛ نو (۹) کی علامت ؛ نو اشخاص یا اشیا کا مجموعہ ۔ (کھیل) بیس بال ٹیم ۔ (بڑے N کے ساتھ) نو بہنیں جو فنونِ لطیفہ کی دیویاں سمجھی جاتی تھیں ۔ (صفت) نو؛ اعداد میں ۸ سے ایک زیادہ ۔

ninth, a. نواں ۔

ninepins, n. نائن پنز ؛ نو کھونٹے ؛ گیندوں کا ایک کھیل جوٹین پنز سے ملتا جلتا ہے اور جو نو بڑے چوبی کھونٹوں سے کھیلا جاتا ہے ۔

nineteen, n. اُنیس ؛ نوزدہ ؛ اٹھارہ کے بعد کا عدد یا اس کی علامت ؛ انیس اشخاص یا اشیا کا مجموعہ ۔ (صفت) اُنیسواں ؛ اعداد میں اٹھارہ سے ایک زیادہ ۔

nineteenth, a. انیسواں ؛ انیس کی صفت ترتیبی ۔ (اسم) انیس مساوی حصوں میں سے ایک ؛ جو شمار میں اٹھارھویں کے بعد آتا ہے ۔

ninety, n. نوّے ؛ نواسی (۸۹) کے بعد کا عدد ؛ دس کا نو گنا ؛ اس کی علامت ؛ نوّے (۹۰) اشخاص یا اشیا کا مجموعہ ۔ (صفت) نوّے واں ؛ نواسی سے ایک زیادہ ، نوّے ۔

ninetieth, a. نوّے واں ؛ نوّے مساوی حصوں میں سے ایک ؛ شمار میں نواسیویں کے بعد ۔

ninja, n. ننجا ؛ کرائے کا جاپانی سپاہی ، جو غائب ہونے اورجاسوسی کرنے میں مہارت رکھتا ہے ۔

ninny, ninny hammer, n. ابلہ ؛ احمق ؛ سادہ لوح ؛ بدھو ؛ فاتر العقل ؛ ناقص العقل ؛ بگلا ؛ گاؤدی ؛ مورکھ ؛ بیوقوف ۔

ninon, n. شفاف باریک کپڑا جیسے شیفون جو پردوں ، آرایش اور زنانہ لباس میں استعمال ہوتا ہے ۔

ninth, a. نواں/نویں ؛ نہم ؛ آٹھ کے بعد نواں ؛ نو مساوی حصوں میں سے ایک ، جس میں کوئی چیز تقسیم ہو ۔ (اسم) نو مساوی حصّوں میں سے ایک ؛ شمار میں آٹھویں کے بعد ۔ (موسیقی) آکٹیو (سرگم) اور ایک سُر پر مشتمل وقفہ ۔

ninthly, adv. نواں ؛ نہم ؛ نویں نمبر پر (شمار میں) ۔

noibium, n. (کیمیا) نیوبیم ؛ پلاٹینم کی طرح خاکستری رنگ کا ایک نادر فلزاتی عنصر ، جو پہلے کولمبیم کہلاتا تھا اور خواص میں ٹینٹالم سے ملتا ہے اور خاص قسم کے فولادوں میں زیادہ تر بھرت کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

niobic, a. نیوبیمی ۔

niobous, a. نیوبس ؛ سہ گرفتہ نیوبیم پر مشتمل یا اس سے متعلق ۔

nip, v.t. دو سطحوں یا نُقطوں کے درمیان سختی سے دبانا ؛ چٹکی لینا ، مسوسنا ؛ اچانک کاٹ کھانا ؛ چٹکی لے کر ، کاٹ کر یا بکٹّا مار کر اُڑ جانا ؛ توڑنا (عموماً off کے ساتھ جیسے : to nip off buds or shoots from a plant) ؛ نشوونما کو روکنا (جیسے کلیاں توڑ کر) ؛ سختی سے یا صدمہ پہنچا کر متأثر کرنا ، جیسے سردی سے ؛ تنگ یا دق کرنا ۔ (بول چال) جھپٹ لینا ؛ چھین لینا ۔ (فعل لازم ، برطانوی ، بول چال) اچانک یا تیزی سے جانا یا حرکت کرنا (away یا off

اور up کے ساتھ)۔ (اسم) تکلیف دینے یا چٹکی لینے کا عمل جیسے سردی یا ٹھنڈ میں ؛ طعن ، طنز ، چوٹ ، تیکھا یا چبھتا ہوا فقرہ ؛ تیز ذائقہ یا چاشنی ، بُکٹا ؛سرما زدگی ۔

nip and tuck, ایک مقابلے میں حصہ لینے والے کا دوسرے کی رفتار یا کوششوں میں برابری ؛ بے حد قریب (جیسے : They ran nip and tuck for five miles)۔

nip in the bud, ابتدائی مرحلوں میں روک دینا ۔

nip, n. کسی چیز کی چُسکی یا تھوڑی سی مقدار ، بالخصوص شراب آمیز مشروب کی ؛ جُرعہ ؛ گھونٹ ۔ (فعل متعدی و لازم) چُسکیاں لے کر پینا ، چسکی لینا، چسکنا ۔

nipa, n. نیپا ؛ نخلِ ملایا ؛ ایک پھل دار کھجور یا نخیل ؛ تاڑ ؛ جزائر شرق الہند ، فلپائن اور آسٹریلیا کا پھل دار تاڑ جس کے پتے چھت ڈالنے اور چٹائیاں اور ٹوکریاں بنانے میں بہت کام آتے ہیں ؛ اس پھل دار تاڑ سے بنایا گیا محلول ، تاڑی ۔

nipper, n. پنجۂ سرطان ؛ وہ شخص یا شے جو تکلیف دے یا نوچے ۔ (عموماً جمع) نوچنے کی ترکیب یا ذریعہ جیسے موچنا ، سنسی ، دسپنا یا چمٹی ۔ (جمع) (عوامی) ہتھکڑی ؛ بڑے قشریہ (خول دار جانوروں) کے بڑے پنجوں میں سے کوئی ؛ گھوڑے کے اگلے دانتوں میں سے کوئی ۔ (برطانوی،بول چال) چھوکرا ۔ (جہازرانی) لنگر ؛ لنگر انداز ہونے کے لیے رسایا شکنجہ۔

nipping, a. اس شے کے متعلق جو کاٹتی یا نوچتی ہے ؛ سخت ، تیز ، چبھتی ہوئی ، جیسے سردی یا ہوا ؛ طنز آمیز ، کٹیلی (جیسے : nipping speeches)۔

nippingly, adv. تکلیف دہ طریقے سے کاٹتے ہوئے ؛ چبھتے ہوئے ۔

nipple, n. بھٹنی ؛ گات ؛ حلمہ ؛ سرپستان ؛ چُوچی ؛ زنانہ چھاتی پر مُنھ دار گُھنڈی جس کے ذریعہ دودھ کی نالیوں میں سے دودھ خارج ہوتا ہے ؛ شکل یا فعل میں اس سے ملتی جُلتی چیز جیسے دودھ کی بوتل کا نپل ؛ چُسنی ؛ دو چیزوں کو ملانے کے لیے دھاگے کی طرح باریک نلکی ۔

Nipponese, a., n. نپن یا جاپان سے تعلق رکھنے والا ؛ جاپانی ؛ نپونی ۔

nippy, a. تکلیف پہنچانے کی طرف مائل ؛ تیز ؛ کٹیلا جیسے سخت سرد ، ٹھٹھرتا ہوا موسم ۔ (برطانوی،بول چال) پھرتیلا ، چست و چالاک ؛ تیز۔

nirvana, n. (سنسکرت) (اکثر بڑے N سے) (بدھ مت) نروان : روح کی نجات جو ذات کی فنا سے حاصل ہوتی ہے ؛جس سے تمام دکھ درد دور ہو جاتے ہیں ، بالخصوص آواگون کے چکر سے روح کی نجات ؛ جذبہ اور تکلیف سے آزادی ۔

Nisei, n. جاپانی تارکین وطن والدین کا امریکا میں پیدا ہونے والا بیٹا یا بیٹی ۔

nisi, conj. (قانون) تا وقتیکہ ؛سوائے اس صورت کے : فیصلہ یا حکم کے بعد مستعمل ہے ؛ یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ یہ کسی خاص تاریخ کو مؤثر ہو گا ، تاوقتیکہ کسی امر اتفاقی کی وجہ سے اس میں ترمیم نہ کر دی جائے ؛ بجز اس کے ؛ بجز آنکہ ۔

Nissen hut, n. پہلے سے تیار شدہ لمبوتری نیم اسطوانی عمارت جو عارضی مکان یا جھونپڑی (کونسٹ) سے ملتی جلتی ہے اور فوج کی رہائش یا اسٹور کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

nisus, n. کوشش ، سعی ، جِدوجہد بالخصوص جِبلّی خواہش ؛ ہیجان ۔

nit, n. جُوں یا کسی قسم کے طفیلی کیڑے کا انڈا ؛ لیکھ ؛ جوں ، ناپختہ حالت میں ؛ جوں کا انڈا ۔

nitty, a. لِیکھ دار ؛ لیکھ یا جوں سے متعلق ؛ لیکھوں سے پُر۔

niter, Brit. nitre, saltpeter, n. پوٹاشیم یا سوڈیم نائٹریٹ ۔

nitid, a. روشن ؛ چمکیلا ۔

nitidity, n. چمک ؛ روشنی ۔

nit-pick, v.i. (عوامی) غیر اہم تفصیلات میں حد سے زیادہ الجھے رہنا ؛ شدید تنقید کرنا ، نُکتہ چینی کرنا ۔

nitrate, n. (کیمیا) نائٹریٹ ؛ شورہ ؛ شورے کے تیزاب کا نمک ۔ (زراعت) پوٹاشیم یا سوڈیم نائٹریٹ جو کھاد کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) شورے کے تیزاب یانائٹریٹ سے آمیز کرنا ؛ نائٹریٹ میں تبدیل کرنا ۔

nitration, n. شوریت ۔

nitrator, n. شورہ ساز ؛ قلمی شورہ بنانے والا ۔

nitric, a. (کیمیا) نائٹرک ؛ شوروی ؛ نائٹروجن کا یا اس سے متعلق ، بالخصوص اس مرکب سے جس میں نائٹروجن کی گرفت دوسرے شوروی مرکبات سے زیادہ ہو ؛ شورے دار۔

nitric acid, aqua fortis, n. (کیمیا) شورے کا تیزاب ؛ گلا دینے والا مائع جس میں شدید تکسیدی خصوصیات پائی جاتی ہیں اور جسے رنگ سازی ، بھک سے اُڑ جانے والے مادّوں ، دھات سے بنی ہوئی مصنوعات اور دواؤں کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

nitric oxide, n. (کیمیا) نائٹرک آکسائڈ : ایک بے رنگ گیسی مرکّب جو بعض دھاتوں جیسے تانبے کو شورے کے تیزاب میں گھلانے سے بنتا ہے ۔

nitride, n. (کیمیا) نائٹرائیڈ ؛ نائٹروجن کا کسی اور زیادہ برقی مثبت عنصر یا اصلیے سے بنا ہوا مرکب ، جیسے فاسفورس ، بورون (غیر دھاتی عنصر) یا کوئی دھات ۔

nitrify, v.t. تکسید کرکے نائٹرائٹ یا نائٹریٹ بنانا جیسے امونیا مرکبات کا خصوصاً جرثومی عمل سے ؛شورہ بنانا ؛ زمین میں نائٹریٹ رچانا ؛ نائٹروجن یا اس کے مرکبات ملانا ۔

nitrification, شورہ بننے یا بنانے کا عمل ؛ شورہ سازی ؛ شورزدگی ۔

nitrifier, n. شورہ بنانے والا ۔

nitrile, n. (کیمیا) ان مرکبات میں سے کوئی جنھیں ہائیڈروکاربن اصلیہ کے سایانائڈ خیال کیا جاتا ہے اور جس کا فارمولا $Rc \equiv N$ ہے ۔

nitrite, n. (کیمیا) نائٹرائٹ ؛ شورے کے تیزاب کا نمک ۔

nitro, a. (کیمیا) نائٹرو ؛ No_2 گروپ کا حامل ۔

nitrobacteria, n. ٹائٹرو بیکٹیریا ؛ شور زا جراثیم : زمین کی شورہ زائی میں شامل بعض جراثیم ۔

nitrobenzene, n. (کیمیا) نائٹرو بینزین ؛ بینزین کے ماخوذات

nitrous, a. (کیمیا) نائٹرس ؛ شوروی ؛ نائٹروجن سے حاصل شدہ یا اس کا حامل ؛ اس کا اطلاق ان مرکبات پر ہوتا ہے ، جن میں نائٹرک مرکبات کی نسبت آکسیجن کی مقدار کم ہو۔

nitrous acid, n. (کیمیا) نائٹرس تیزاب ؛ ایک غیر قیام پذیر تیزاب جو صرف محلول کی شکل میں ملتا ہے۔

nitrous bacteria, n. (کیمیا) شوروی جراثیم ؛ نائٹرسی جراثیم ؛ زمینی جراثیم جو تکسید کے ذریعہ امونیا کے مرکب کو نائٹریٹ بنا دیتے ہیں۔

nitrous oxide, laughing gas, n. (کیمیا) نائٹرس آکسائیڈ ؛ نائٹروجن اور آکسیجن کا مرکب N_2O جو بعض اوقات سونگھنے پر بشاشت پیدا کرتا ہے اور جو دندان سازی یا جرّاحی میں نشے یا عارضی بے حسی کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ خندہ آور گیس۔

nitty gritty, n. (عوامی) روح ، جوہر (جیسے : the nitty gritty of life) ؛ رُوحِ رواں۔

nitwit, n. کُوڑھ مغز یا احمق شخص ؛ بُدھو ؛ بیوقوف ؛ پگلا۔

nival, a. برفانی ؛ برف کے بارے میں یا اس سے متعلق ؛ ان پودوں کے بارے میں جو برف میں یا اس کے آس پاس اُگتے ہیں ؛ برف نمو۔

niveous, a. برف فام ؛ برف کی طرح خصوصاً رنگ میں (جیسے : Snow-white niveous) ؛ سفید۔

nix, n. (عوامی) ہیچ ؛ لَا شَے۔ (متعلق فعل) (عوامی) نہیں۔(فجائیہ) (عوامی) بس ، مت کرو ، تنبیہہ کا کلمہ۔(فعل متعدی) (عوامی) اختلاف کرنا ، روکنا یا منع کرنا (جیسے : to nix our plans)۔

nix, n. (ٹیوٹانی اساطیری) آبی روح ، چھوٹی ،خواہ اچھی یا بُری ؛ غول آبی ؛ آبی چڑیل۔

nizam, n. [تُرکی ، اردو] ترکی کی باقاعدہ فوج کے سپاہی یا ایک سپاہی۔ (بڑے N سے) حیدرآباد (دکن) کے حکمران کا آبائی لقب ، جن کا دورِ حکومت اٹھار ویں صدی سے ۱۹۵۰ء تک تھا۔

no, adv. نہیں ، انکار، نفی کے موقع پر جیسے سوال کے جواب میں یا انکاری بات پر زور دینے کے لیے جیسے کبھی نہیں ؛ ہرگز نہیں ؛ نہیں پھر کبھی نہیں ؛ کسی طرح بھی نہیں (تفضیل بعض کے ساتھ مستعمل ،جیسے : working no faster) ؛ اس سے زیادہ نہیں۔ (اسم) نفی یا انکار (جیسے : No was his response) ؛ منفی ووٹ یا ووٹر (جیسے : 50 noes) ؛ نہ ؛ نا ؛ ناہ ؛ اونہوں ؛ اہاں ؛ قطعاً نہیں۔

no, a. نہیں ؛ قطعاً نہیں ؛ بیکار (جیسے : of no use) ؛بالکل نہیں (جیسے : He is no genius)۔

no one, کوئی نہیں ؛ کوئی شخص نہیں۔

no, noh, nō, Nō, Nogaku, n. (بعض اوقات بڑے N کے ساتھ) جاپان کا روایتی کلاسیکی ڈراما جسے شجاعانہ المیہ موضوعات پر خوبصورت ملبوسات اور رواجی ناچ گانوں کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔

Noachian, Noachic, Noachical, Noahic, a. نُوحی : حضرت نوح سے متعلق ؛ اُن کے زمانے کا (جیسے : Noachian deluge)۔

nob, n. (عوامی) کلّہ ؛ سر ؛ گھنڈی۔ (تاش کے ایک کھیل cribbage میں) اسی رنگ کا غلام جس کا پتّہ

میں سے ایک زہریلا پیلے رنگ کا روغنی مادّہ جو اینیلین بنانے کے کام آتا ہے۔

nitro-cellulose, n. (کیمیا) نائٹرو سیلولوز ؛ متعدد آتشگیر تھرمو پلاسٹک پولیمرز (کثیر سالمی مرکبات) میں سے کوئی جو سیلولوز اور شورے کا تیزاب ملانے سے پیدا ہوتا ہے یا شورے اور نمک کے تیزاب کا آمیزہ ، مختلف کیمیاوی تناسب اور طریقوں سے تیّار شُدہ ، جو مختلف خواص کے مادے پیدا کرتا ہے ، جیسے گن کاٹن (بھک سے اُڑ جانے والی روئی) ؛ جلدی خشک ہونے والے الکحلی محلول اور راکٹ انداز۔

nitrocellulosic, a. نائٹرو سیلولوزی۔

nitrogen, n. نائٹروجن ؛ شورین ؛ ایک بے رنگ و بو ، بے ذائقہ گیس جو فضا میں ۴/۵ حصہ ہے اور حیات کے لیے ضروری ہے۔

nitrogenous, a. نائٹروجنی ؛ شورہ زا ؛ شورینی ؛ نائٹروجن کا یا اس سے متعلق ؛ نائٹروجن دار۔

nitrogen balance, nitrogen equilibrium, n. نائٹرو جنی توازُن ؛ شورینی توازن ؛ کسی جاندار یا زمین میں نائٹروجن کے اخذ کرنے اور ضائع کرنے کی مقدار میں برابری یا توازن۔

nitrogen cycle, n. نائیٹروجنی دَور ؛ شورینی دَور ؛ بار بار واقع ہونے والا عمل جس سے فضا اور زمین میں موجود نائٹروجن بدلتی رہتی ہے جیسے تثبیت نائٹروجن جو ایسے مادّے کی صورت اختیار کر لیتی ہے جسے پہلے پودے ، پھر جاندار استعمال کرتے ہیں اور پھر گل سڑ کر نائٹروجن براری سے فضا یا زمین میں چلی جاتی ہے۔

nitrogen fixation, n. تثبیت نائٹروجن ؛ شورینی تثبیت ؛ فضائی نائٹروجن کا بعض زمینی بیکٹیریا کی مدد سے مختلف شورینی مرکبات میں تبدیل ہونے کا عمل جس سے نائٹروجن ، میزبان کیڑوں کے حامل پودوں میں مل جاتی ہے ؛ صنعتی عمل سے آزاد نائٹروجن کو شورینی مرکبات میں تبدیل کرنے کا عمل تاکہ وہ بھک سے اڑ جانے والی چیزوں اور کھاد میں استعمال ہو سکے۔

nitrogen-fixing, a. شورینی تثبیت کُنندہ۔

nitrogenize, v.t. شورینی بنانا ؛ نائٹروجن ملانا یا بھرنا ؛ نائٹروجنی بنانا۔

nitrogen mustard, n. (کیمیا) زہریلے آبلہ خیز مرکبات میں سے کوئی ایک ، جو بعض امراض کے علاج میں اہمیت رکھتے ہیں۔

nitroglycerin,
nitroglycerine, glyceryl trinitrate, n. (کیمیا) نائٹروگلیسرین ؛ انتہائی آتش گیر دھماکو مائع جو شورے اور گندھک کے تیزاب کو گلیسرول پر ڈالنے سے پیدا ہوتا ہے جو بنیادی طور پر ڈائنامائٹ بنانے یا راکٹ چلانے والے مادے کے طور پر اور رگوں یا شریانوں کو ڈھیلا کرنے یا کھولنے کے لیے بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔

nitroparaffin, n. (کیمیا) نائٹروپیرافین ؛ پیرافین یا ہائیڈرو کاربن کا کوئی نامی ماخُوذ ، جس میں ایک یا زیادہ ہائیڈروجن ایٹم کو نائٹرو گروپ سے بدل دیا گیا ہو۔

nitrosamines, n. سرطان زا نائٹروجنیات ؛ ایسے مرکبات جو نمک لگا کر سکھائے گئے سور یا کسی اور جانورکے گوشت میں پائے جانے والے نائٹرائٹ اجزا کے ساتھ ثانوی امائن ملنے سے پیدا ہوتے ہیں۔

کُھلے، جو حامل کے لیے یکّے کے برابر ہوتا ہے۔

nob, n. (برطانوی،عوامی) مالدار ؛ صاحب امتیاز ، صاحب اثر ؛ جو مالدار اور سماج میں امتیازی حیثیت اور اثر رکھتا ہو۔

nobble, v.t. (برطانوی،عوامی) گُھڑ دوڑ کے گھوڑے کو کچھ کھلا کر یا کسی اور طرح ناکارہ کرنا تاکہ وہ دوڑ میں جیت نہ سکے ؛ بیجا طریقوں سے جیتنا ؛ بددیانتی سے حاصل کرنا ؛ دھوکا دینا؛ پکڑنا ؛ جھپٹنا ، دبوچنا جیسے گرفتار کرنے کے لیے۔

nobbler, n. سازباز کرنے والا ؛ بددیانتی سے حاصل کرنے والا۔

nobby, a. (برطانوی،عوامی) تیز طرار ؛ خوش پوش ؛ شاندار ؛ شایستہ ؛ اوّل درجے کا۔

nobbily, adv. شاندار طریقے سے ؛ ٹھاٹ دار انداز سے۔

Nobelist, n. نوبل پرائز (انعام) جیتنے والا۔

Nobelity, n. نوبل انعامات جیتنے والوں کی برادری ؛ ان سب کا مجموعی نام جنھوں نے نوبل انعامات جیتے ہیں۔

nobelium,n. (کیمیا) نوبیلیم ؛ ایکٹی نائڈ سلسلے کا ایک تابکار مصنوعی عنصر جو سب سے پہلے نوبل طبیعیاتی انسٹیٹوٹ میں کیوریم کی کاربن ۱۳ آنسوٹوپ (ہمجا) کی تیز رفتار بارش سے تیار کیا گیا۔

Nobel prize,n. نوبل انعام ؛ سویڈن کے صنعت کار الفریڈ نوبل کی وصیت کے مطابق پانچ انعامات مں سے کوئی ایک جو کیمیا ، طبیعیات ، طِب ، ادب اور فروغِ امن کے لیے نمایاں خدمات کے اعتراف میں دیے جاتے ہیں۔

nobiliary, a. اشرافی ؛ اُمرائی ؛ امیروں یا اشراف کے بارے میں یا اُن سے متعلق۔

nobility, n. طبقۂ امرا ؛ معاشرے کا ایک طبقہ جو خاص موروثی القابات ، مراتب اور مراعات کا حامِل ہو ؛ اشرافیہ۔ (برطانوی) لارڈ شپ ؛ امیری ؛ نوابی ؛ اعلیٰ موروثی خاندان یا درجہ ؛ اعلیٰ اخلاق ؛ قابل تعریف وقار ؛ شان و شوکت یا برگزیدگی ؛ شرافت ؛ بزرگی ؛ عالی منشی ؛ نجابت ؛ عالی خاندانی۔

noble, a. مشہور ؛ نامی گرامی ، عالی مرتبہ یا عظیم المرتبت اشخاص یا اُن کے کارنامے ؛ ایسے افرادکے بارے میں جو اعلیٰ خاندان ، مرتبے اور خطابات کی وجہ سے ممتاز ہوں یا اُن سے متعلق ؛امرا کا طبقہ یا اس طبقہ سے متعلق ؛ اعلیٰ اخلاقی کردار یا فضیلت والا ؛ اعلیٰ تصور یا اندازِ بیان ، اظہار یا تصنیف کی وجہ سے قابل تعریف ؛ شکل و صورت میں وجیہہ اور پر شکوہ ؛ مہتم بالشان یا قابلِ فوقیت اعلیٰ وصف ، نوع یا درجے کا حامل ؛ عمدہ ، منتخب یا نمایاں طور پر ممتاز ؛ گراں یا ایسی بیش بہا دھاتیں یا معدنیات سے متعلق۔ (کیمیا) غیر متحرّک ، غیر عامِل ، غیر مؤثّر۔ (اسم) اعلیٰ خاندان یا مرتبہ کا شخص ؛ معزز شخص۔ (برطانوی) لارڈ ؛ قدیم انگریزی طِلائی سکّہ ، جس کی قیمت ٦ شلنگ ٨ پنس ہوتی تھی۔

nobleman, n. امیر زادہ ، امیر۔

nobleness, n. شریف النفسی ؛ عالی ظرفی ؛ بڑائی ؛ شان و شوکت ؛ عظمت۔

noblewoman, n. عالی خاندان یا عالی مرتبہ عورت۔

nobly, adv. شرافت سے ؛ عالی ظرفی سے۔

noblesse, n. اشراف ؛ اعلیٰ درجہ کے لوگ (مجموعی طور پر)۔

noblesse oblige, n. متموّل اورعالی مرتبت اشخاص پر باوقار طرزِ عمل کی ذمہ داری ؛ زیادہ وسیع معنی میں عالی ظرفی کا رویّہ اختیار کرنے کا فرض۔

nobody, pron. کوئی شخص بھی نہیں ؛ ہیچ کس ؛ کم حیثیت۔ (اسم) کم حیثیّت شخص ؛ کم مرتبہ شخص۔

nocent, a. اذیت رساں ؛ ضرر رساں ، نقصان دہ یا مضر۔ (قدیم) مجرم۔

nock, n. سُوفار ؛ تیر کے نچلے حصّے میں ایک ٹکڑا جس میں تیر کو تانت پر رکھنے کے لیے دندانہ بنا ہوتا ہے ؛ تیر کا دندانہ زہ گیر ؛ کمان کے دونوں ناکوں میں سے کوئی ایک جن کے ذریعے تانت تنی ہوتی ہے۔ (فعل متعدی) سوفار مہیّا کرنا جیسے کمان یا تیر کو؛ تیر کو تانت پر جمانا ، چلانے کے لیے۔

noctambulation, noctambulism, n. خواب خرامی ؛ مشیٌ فی النوم ؛ سوتے میں اُٹھ کر چلنا ؛ نیند میں چلنے کا مرض۔

noctambulist, n. خواب خرام ؛ ماشی فی النوم ؛ خواب رَو ؛ وہ شخص جو سوتے میں اُٹھ کر چلنے لگتا ہے۔

noctiluca, n. جگنو ؛ پٹ بیجنا ؛ شب تاب (کِرم) ؛ اسی نام کی جنس کا ایک بحری نخز حوینی (پروٹوزوان) جو اپنی فاسفوری چمک کے لیے معروف ہے۔

nocturn, n. (اکثر بڑے N سے) (رومی کیتھولک کلیسا) مقررہ دعائے سَحَر کا حصّہ۔

nocturnal, a. شبانہ ؛ شبینہ ؛ لیلی ؛ ساعت اللیل ؛ رات یا اس سے متعلق ؛ جو رات کو واقع ہو۔ (حیوانیات) رات کو فعال۔ (نباتیات) ان پھولوں سے متعلق جو دن کو بند اور رات کو کھلتے ہیں۔

nocturnality, n. شب خیزی ؛ شب رَوی ؛ شبانگی۔

nocturnally, adv. رات کو ؛ شبانہ طور پر۔

nocturne, n. (موسیقی) نغمۂ شب ؛ خواب آور نغمہ ؛ ایک نغمہ جو خواب کی سی کیفیت پیدا کرتا ہے جس کی مختلف صورتیں ہوتی ہیں۔ (مصوری) منظرِ شب ؛ تصویر جو رات کا منظر پیش کرتی ہے۔

nocuous, a. مضر ؛ مضرت رساں ، مخرب اخلاق۔

nocuously, adv. مضر طور پر ؛ مخربانہ۔

nocuousness, n. ضرر ؛ مضرت۔

nod, v.i. جھو کے لینا نیند سے ؛ سربلانا جیسے اثبات ، حکم ، بلاوے اور سلام کے طور پر ؛ بے دھیانی کے لمحے میں غلطی کرنا ؛ سَر کا جُھکنا یا ہلنا جیسے کلغی یا پھولوں کا ؛ خم دینا یا لہرانا۔ (فعل متعدی) خم کرنا جیسے سر کا ؛ اشارہ ظاہر کرنا ؛ سر کے اشارے سے بلانا۔ (اسم) قبولیت ، تصدیق ، سلام کے لیے یا غنودگی میں سر کی تیز نیچی جنبش۔

noder, n. سر ہلانے والا ؛ سر جھکانے والا ؛ انیندا ؛ نیند وسا۔

noddle, n. (بول چال) سر ؛ کھوپڑی ، چندیا ؛ قفا ؛ گُدی ؛ منکا ؛ کلّہ ؛ مُنڈیا۔ (فعل متعدی و لازم) ہلکا سا سر ہلانا ؛ اکثر سربلانا۔

noddy, n. احمق ؛ گاؤدی ؛ سادہ لوح ؛اسٹرنینی کی ذیلی

نوع کا ایک بڑا سیاہی مائل دریائی پرندہ (جس کا قد معمولی مرغابی سے چھوٹا مگر چونچ بڑی ہوتی ہے) جو گرم سمندروں کے ساحل پر پایا جاتا ہے جس کی مسکینی کو اس کی حماقت سمجھا جاتا ہے ۔

node, n. گانٹھ ؛ گھنڈی ؛ اُبھار ؛ گرہ ؛ گومڑی ۔ (امراضیات) سوجن ؛ ورم ؛ گلٹی ۔ (نباتیات) تنے پر وہ گانٹھ جہاں سے پتیاں پھوٹتی ہیں ۔ (طبیعیات) مرتعش چیز کا وہ حصہ جس میں بہت کم یا کوئی ارتعاش نہیں ہوتا ۔ (جیومیٹری) خط منحنی پر وہ نقطہ جس پر دو تماسی دائرے بنائے جا سکتے ہیں ۔ (فلکیات) ان دو نقطوں میں سے ایک جہاں طفیلی سیارے کا مدار دائرۃ البروج کو قطع کرتا ہے ؛ دائرۃ البروج اور سیر قمر میں تقاطُع کا عُقدہ یا نقطہ ؛ راس ؛ عقدہ ۔

nodal, a. گرہ یا گلٹی سے متعلّق ؛ نُقطۂ تقاطُع کے بارے میں ؛ گھٹیلا ؛ گرہ دار۔

nodality, n. گرہ داری ۔

nodical, a. (فلکیات) عقدی ؛ عقدوی ؛ دائرۂ بروج کے نقطۂ تقاطع سے متعلق ۔

nodose, a. گرہ دار ؛ گانٹھ والا ؛ گلٹی دار ؛ متورم ؛ کریب دار ؛ گٹھیلا ۔

nodosity, n. گرہ داری ؛ گانٹھ ۔

nodule, n. گرہک ؛ چھوٹی سی گرہ ؛ گومڑی ۔ (نباتیات) درخت کی چھال میں چھوٹی سی چوبی گانٹھ ؛ بیخ دانہ ؛ کنکر ؛ ڈلا ؛ عقدہ ؛ دنبل ؛ گلٹی ۔

nodular, a. گانٹھ یا اس سے متعلق ؛ کنکریلی ؛ گرہ دار ؛ گانٹھ کی صورت میں ۔

nodulose, nodulous, a. گرہ دار ؛ گانٹھ دار ؛ گرہک دار ؛ گرہ گرہ ۔

nodus, n. مسئلہ ؛ مشکل یا پیچیدہ صورت حال ؛ پیچیدہ نُکتہ ؛ عُقدہ ۔

noel, n. بڑے دن (کرسمس) کا گیت ۔ (بڑے N کے ساتھ) بڑا دن (کرسمس ڈے) ؛ ہنگام کرسمس ۔

noetic, a. ذہنی ؛ عقلی ؛ معقول ؛ ذہن یا عقل سے متعلق ؛ جو محسوسات کے بغیر ذہن میں ابھرے ۔

nog, n. چوبی کھونٹی ، میخ ، اینٹ ؛ پن ؛ اینٹ کی شکل کا چوبی ٹکڑا جو کیل ٹھونکنے کے لیے دیوار میں چنا گیا ہو ۔ (فعل متعدی) کھونٹی کے ذریعے محفوظ کرنا ؛ لکڑی کے چوکھٹے کا خلا اینٹوں سے پُر کرنا ۔

nog, Brit. nogg, n. انگور کی شراب ؛ برانڈی ۔ (زیادہ تر برطانوی) ایک قسم کی تیز بوزہ یا بیر شراب ۔

nog gin, n. چھوٹا سا مگ یا چوبی پیالہ ؛ شراب کی ایک پیمایش جو عام گلاس کے نصف یا پنٹ کا چوتھائی ہوتی ہے ۔ (بول چال) سر۔

nogging, n. درز بھرائی ؛ دھجّی بھرائی ؛ چوبی چوکھٹے کو پُر کرنے کے لیے اینٹوں کی چنائی ؛ دیوار میں گاڑا یا چنا ہوا لکڑی کا ٹُکڑا (کیل گاڑنے کے لیے) ۔

no-hitter, n. (بیس بال) ایک کھیل جس میں گیند پھینکنے والا سارے کھیل کو بلا تکان آگے بڑھاتے ہوئے دوسری ٹیم کو ہٹ نہ لگانے دے ۔

nohow, adv. (بولی) کسی طرح نہیں ؛ قطعاً نہیں ۔

noil, n. اُون ، سُوت یا ریشم کا چھوٹا سا ریشہ ، جو دھنتے وقت لمبے ریشے سے الگ ہو گیا ہو ؛ بُھرسڑا ۔

noise, n. شور ؛ غُل ؛ اونچی ، گڈ مڈ یا بے ہنگم آوازیں ؛ کسی بھی قسم کی آواز (جیسے : the noises of the meadow) ۔ (برقیات) غیر مطلوب آوازیں یا گڑ بڑ جو ترسیلی نظام میں خرابی پیدا کریں ۔ (فعل متعدی) خبر یا افواہ پھیلانا ۔ (فعل لازم) شور کرنا ؛ چیخنا ، غل غپاڑہ کرنا ؛ ہُلڑ بازی کرنا ؛ زیادہ باتیں کرنا ؛ سرعام باتیں کرنا ۔

noiseless, a. بے آواز ؛ خاموش ، بے آہٹ ۔

noiselessly, adv. خاموشی سے ؛ بے آوازانہ ۔

noiselessness, n. خاموشی ، بے آوازی ۔

noisemaker, n. شور مچانے والا شخص یا چیز ، بالخصوص ایسا آلہ جو جلسوں یا پارٹیوں میں استعمال کے لیے اس مقصد کے لیے بنایا گیا ہو۔

noisome, a. ناگوار خصوصاً قُوّتِ شامّہ کے لیے ؛ بدبودار ؛ مضرِ صحت ؛ ضرررساں ؛ مضر ؛ تکلیف دہندہ ؛ نقصان دہ ۔

noisomely, adv. ناگواری سے ، نامعقولیت سے ۔

noisomeness, n. مضرت رسانی ؛ تعفُّن ؛ نامعقولیت ، ناشایستگی ؛ ناگواری ؛ کراہت ؛ گِھن ۔

noisy, a. بہت شور مچانے والا ؛ پُر شور۔

noisily, adv. شور مچا کر ؛ شور و غوغا کے ساتھ ؛ دھوم دھڑکے سے ۔

noisiness, n. دنگا ، دنگئی پن ؛ ٹیپ ٹاپ ؛ غُل غپاڑہ ۔

noli metangere, n. یہ انتباہ کہ کسی شخص یا کسی چیز کو ہرگز نہ چھوا جائے یا دخل دیا جائے ؛ ایسی تصویر جس میں حضرت مسیح کو دوبارہ مبعوث ہونے کے بعد میری میگڈ الین پر ظاہر ہوتے دکھایا گیا ہو ۔ (نباتیات) چُھوئی موئی ۔

nolle prosequi, n. (قانون) ترکِ دعویٰ ؛ عدالتی ریکارڈ میں یہ اندراج کہ مدعی یا مستغیث مقدمے کی ساری یا کچھ کارروائی کو روک دینا چاہتا ہے جس کا اس نے آغاز کیا تھا ۔

nolo contendere, n. (قانون) صفائی میں مدعا علیہ کا عُذر جو اعترافِ جرم نہ ہو لیکن عدالت اسے ایسا قرار دے اور مدعا علیہ کو یہ حق دے کہ وہ کسی مزید کارروائی میں الزامات کا انکار کرے ۔

nol-pros, v.t. (قانون) ترکِ دعویٰ کرنا ؛ قانونی ریکارڈ پر یہ اندراج کرنا کہ مستغیث یا مُدّعی ایک یا زیادہ مدعا علیہم کے خلاف یا مقدمے میں ایک یا دونوں پر قانونی کارروائی جاری نہیں رکھنا چاہتے ۔

nomad, n., a. خانہ بدوش ؛ ان لوگوں میں سے کوئی جو چراگاہ کی حالت ، خوراک کی فراہمی یا موسمی عوامل کی وجہ سے اپنا ٹھکانا بدل دیتے ہیں اور ان کا کوئی مستقل ٹھکانا نہیں ہوتا ؛ بنجارہ ؛ بدو ؛ آوارہ گرد ۔

nomadic, a. خانہ بدوشانہ ؛ بدویانہ ؛ خانہ بدوشوں کی طرح ۔

nomadically, adv. خانہ بدوشانہ طور پر ؛ بدویانہ ۔

nomadism, n. بدویت ؛ خانہ بدوشی ؛ صحرا نوردی ؛ بادیہ پیمائی ۔

no man's land, n. بچولی زمین ؛ غیر مملوکہ زمین ؛ غیر آباد یا وہ زمین جس کا کوئی دعویدار نہ ہو ؛ انسانی جدوجہد کا وہ میدان جو غیریقینی اور پُر خطر ہو۔ (عسکری) دو مخالف فوجوں کے درمیان خالی جگہ۔

nomarch, n. نومارک ؛ قدیم مصری صوبے یا بادشاہت کا فرمان روا یا عامل۔

nomarchy, n. صوبہ ؛ ان صوبوں میں سے ایک جس میں جدید یونان منقسم ہے۔

nom de guerre, n. فرضی نام جس سے کوئی شخص کوئی پیشہ یا اورکام اختیار کرتا ہے ؛ قلمی نام ؛ جنگی نام ؛ دوسرا نام۔

nom de plume, n. تخلّص ؛ قلمی نام ؛ تصنیفی نام۔

nomen, n. قدیم روما میں کسی شہری کے تین ناموں میں سے دوسرا نام جس سے اس کی برادری ، قبیلے یا خاندان کا اظہار ہوتا ہے۔دیکھیے : praenomen, cognomen agnomen.

nomenclator, n. نام دہندہ ؛ اسم خواں ؛ وہ شخص جو چیزوں کے نام ایجاد کرتا ہے جیسے سائنس یا آرٹ میں ؛ تسمیہ کار۔

nomenclature, n. نظامِ تسمیہ ؛ باقاعدہ یا بااُصول تسمیہ؛ اسم بندی ؛ سائنس ، آرٹ یا کسی اور شعبے میں موزوں فنی اصطلاحات کی لغت یا مجموعہ ؛ فرہنگ اصطلاحات علمیہ ؛ فہرست اسما۔

nomenclatural, a. تسمیہ کے متعلق۔

nominal, a. برائے نام ؛ نام یا ناموں کے متعلق یا اُن پر مشتمل ؛ نام دار ؛ نام کا حامل ؛ کسی چیز کی حقیقی قیمت یا کسی کے نام سے منسوب ؛ عوض کے بجائے محض رسمی قیمت ؛ نام یا ناموں کا حامل ، کسی شخص کے نام سے موسوم۔ (گرامر) اسمی ؛ اسم کے متعلق ؛ اسم یا اس کے مانند۔

nominally, adv. برائے نام ؛ محض نام کے لیے۔

nominalism, n. (فلسفہ) اسمائیت ؛ قُرونِ وُسطیٰ کے فلسفے کا ایک نظریہ جو معاصر منطقی اثباتیت کی مختلف شاخوں میں بحال کرکے دوبارہ بیان کیا گیا ہے اور اس بات کا قائل ہے کہ کلیات یا عالمگیر تصوُّرات فقط نام ہی نام ہیں جن کا معروضی حقیقت میں کوئی وجود نہیں ؛ صوریت ؛ اسمیت۔

nominal price, n. (معاشیات) مفروضہ قیمت ؛ کسی چیز کی تخمینی قیمت ، اُن دنوں جب حقیقی فروخت نہ ہوئی ہو ، جو آخری بولی اور مطالبے کی رقم کا اوسط ہو ، عموماً اجناس کے کاروبار میں ؛ وضعی قیمت ؛ عُرفی قیمت ؛ قیمتِ اسمی ؛ قیمتِ مفید ؛ برائے نام قیمت۔

nominal wages, n. (معاشیات) ظاہری اُجرت ؛ اُجرت کا اندازہ جو محض موصول شدہ رقم کی نسبت سے بلالحاظ اس کی قوّت خرید کے ہو ؛ اُجرتِ متعارضہ۔ بمقابلہ:real wages۔

nominate, v.t. نامزد کرنا ؛ کسی کارِ منصبی یا فرض کے لیے نام زد کرنا ؛ کسی عہدے یا مقام کے لیے اُمیدوار کا نام پیش کرنا ؛ مقرر کرنا ؛ تاریخ یا مقام کا تعیُّن کرنا۔ (صفت) کسی مختص نام کا حامل۔

nomination, n. نامزدگی ؛ نام زدگی کا عمل؛ کسی حیثیت کے لیے نام زدگی کا عمل؛ نامزدگی کی حالت۔

nominator, n. نام زد کرنے والا؛ تجویز کنندہ ؛ نامزد کُنندہ۔

nominative, a. نامزدہ ؛ نام زدگی سے تجویز یا مقرر کردہ۔ (گرامر) وہ اصطلاح جوکسی اسم یا ضمیر کی اس شکل کے لیے استعمال ہو جب یہ اسم یا ضمیر کسی جملے کا فاعل ہو۔ (اسم) حالتِ فاعلی ؛ لفظِ فاعلی۔

nominee, n. نام زد شخص ؛ نام زدہ شخص ؛ وہ جسے کسی مقام یا منصب کے لیے نام زد یا تجویز کیا گیا ہو ؛ منتخب شدہ ؛ مسمّی۔

nomism, n. مذہبی اور اخلاقی اُصولوں پر مبنی رویّہ ؛ شرع ؛ شریعت۔

nomistic, a. شرعی ؛ شریعت کے بارے میں۔

nomogram, nomograph, n. ترسیم ریاضی ؛ ایک گراف/ ترسیم جس میں تین متوازی خطوط، مستقیم یا منحنی، جوان مقداروں کو ظاہر کرتے ہیں جن کی قیت متعین نہ ہو بلکہ بدلتی رہے ، اس طرح کھینچے جاتے ہیں کہ دو قدروں کو ایک سیدھا خط ملا کر تیسرے کی قدر اس نقطہ پر ظاہر کرتا ہے جہاں وہ خط مذکورہ مقدار کو قطع کرتا ہے۔

nomography, n. ترسیم نگاری۔

nomology, n. عمومیات ؛ قانونیات ؛ عِلمِ قانون یا قانون سازی ؛ وہ عِلم جو براہِ راست توجیہہ یا استدلال کے قانون سے تعلق رکھتا ہے ؛ عِلم کی وہ شاخ جو تجربات سے اخذ شدہ عمومی اصولوں سے قانون وضع کرتی ہے ، جیسے نفسیات میں ؛ عِلم کلیات عمومی۔

nomological, a. قانونیاتی؛ عمومیاتی۔

nomologist, n. قانونیات کا ماہر؛ ماہرِ عمومیات۔

nomothetic, a. کُلیاتی؛ شارع؛ قانون دینے والا؛ قانون ساز ؛ قانون یا نظام قانون پر مبنی ؛ وضع قوانین کے عمل یا مطالعے میں مشغول یا اس میں شریک۔

nonabrasive, a. ناخراشندہ ؛ رگڑ سے چھیلن یا فرسودگی نہ پیدا کرنے والا۔

nonabsorbent, a. غیر جاذب ؛ جو مائعات کو جذب نہ کرے یا اس کا اہل نہ ہو۔ (کیمیا) سالماتی یا کیمیاوی عمل سے جذب کرنے کا نااہل۔

nonacceptance, n. عدم قبولیت ؛ قبول کرنے میں ناکامی ؛ قبول کرنے سے احتراز ؛ نامنظوری ؛ عدم منظوری ؛ عدم تسلیم۔

nonadhesive, a. غیر ملتصق ؛ نہ چپکنے والا ؛ چپکنے یا چپکانے کی خاصیت سے عاری۔

nonadjacent, a. غیر ملحق ؛ غیر مقرون ؛ غیر متصل۔

nonadministrative, a. غیر انتظامی ؛ جو کسی ادارے کے انتظامی کام یا انتظامی عملے میں شامل یا اس سے متعلق نہ ہو۔

nonage, n. عدم بُلوغ ؛ عدم بُلوغت ، نابالغی ؛ قانوناً بالغ ہونے سے پہلے کا زمانہ ؛ بالعموم نابالغی کا زمانہ ؛ کَمسنی ؛ صغرسنی ؛ لڑکپن ؛ خُرد سالی ؛ بالک پن ؛ کم عُمری ؛ ناپختگی ؛ ابتدائی منزل۔

nonagenarian, n. نوّے سالہ ؛ نوّے یا نوّے یا سو کے درمیانی عمر والا شخص؛ پیرنوَد سالہ۔ (صفت) نوے اور سو سال کے درمیان کا۔

nonaggression, n. عدم جارحیت ؛ فوجی حملے سے اجتناب ، جیسے بین الاقوامی معاہدے کے مطابق ۔

nonagon, enneagon, n. نوگوشہ شکل ؛ ذُوتسعۃ الزاویہ ؛ نو گوشوں اور نو زاویوں والی اقلیدسی شکل ؛ نو ضلعی شکل ۔

nonalcoholic, a. غیر الکحلی ؛ جس میں الکحل نہ ہو ، جیسے مشروب ۔

nonappearance, n. غیر حاضری ؛ حاضر نہ ہونا ؛ عدم موجودگی ؛ عدمِ پیروی ؛ غیاب ۔

nonbeliever, n. کافِر ؛ مُنکِر ؛ مُلحِد ؛ جو عقیدہ نہ رکّھے ؛ جو معتقد نہ ہو ؛ جو مذہبی تعلیمات سے انکار کرے ؛ جس کا خدا پر عقیدہ نہ ہو ۔

nonbelligerent, n. غیر متحارب ؛ وہ شخص یا قوم جو باضابطہ بر سرجنگ نہ ہو لیکن جنگ کرنے والوں میں سے کسی ایک کو مدد دے ۔ (صفت) باضابطہ برسرجنگ نہ ہونے والا ؛ سرکاری طور پر غیر متحارب ۔

nonce, n. موجود موقع یا مقصد (زیادہ تر for the nonce ترکیب میں مستعمل)۔

nonchalant, a. لاتعلُّق ؛ سردمہر ؛ بے پروا ؛ بے تعلُّق ؛ چپ چاپ ؛ غرض واسطہ نہ رکھنے والا ۔

nonchalance, n. بے پروائی ، بے غرضی ؛ لاتعلُّقی ؛ غیر جانبداری ۔

nonchalantly, adv. ٹھنڈے دل سے ؛ بے پروائی سے ؛ سرد مہری سے ؛ لاتعلقی سے ، غیر جانبدارانہ طور پر ۔

noncollegiate, n. غیر کالجی ؛ جو کسی کالج سے متعلق نہ ہو ؛ ایسی جامعہ جو کالجوں پر مشتمل نہ ہو ۔ (برطانوی) ایسی جامعہ کے طلبہ کی جماعت سے تعلق رکھنے والا جو کسی کالج یا ہال سے وابستہ نہ ہو ۔

noncom, (بول چال) نان کمیشنڈ افسر ۔

noncombatant, a. غیر محارب ؛ فوج کا ایسا رُکن جس کی براہ راست ذمہ داری میں جنگ کرنا شامل نہ ہو جیسے پادری ، ڈاکٹر، زمانۂ جنگ میں غیر فوجی محکمہ کا ملازم یا سویلین ؛ غیر لڑاکا ۔

noncombustible, a., n. جو جلد آگ نہ پکڑے ؛ غیر آتش گیر ۔

noncommissioned officer, n. غیر کمیشنی افسر ؛ غیر کمیشنی عہدیدار ؛ فوج کا ماتحت افسر جسے بھرتی شدہ افراد سے چنا جائے اور بہت سے درجوں میں سے کسی ایک درجہ کا حامل ہو جیسے کارپورل ، سارجنٹ نیز نائک اور حوالدار ۔

noncommittal, a. غیر وابستہ ؛ ناپابند ؛ بے وعدہ ؛ جو کسی پابندی وغیرہ کا حامل نہ ہو ؛ غیر مقید ؛ جس سے وابستگی کا اظہار نہ ہو ؛ پابندی گریز ۔

noncommittally, adv. غیر وابستہ طور پر ؛ پابندی سے گریز کرتے ہوئے ۔

noncommunicant, n. غیر شریک ؛ عَشائے ربّانی میں باقاعدگی سے شریک نہ ہونے والا ؛ جماعت میں شامل نہ ہونے والا ، جیسے مذہبی اجتماع ، نماز ، دُعا وغیرہ ۔

noncompliance, n. تعمیل سے بے پروائی ؛ انکار یا عدم تعمیل ؛ عدول حکم ؛ سرتابی ؛ نافرمانی ۔

noncompliant, n. نافرمان ؛ حکم کی تعمیل نہ کرنے والا ۔

non compos mentis, n. (قانون) فاتر العقل ؛ جو ذہنی طور پر اپنے معاملات انجام نہ دے سکے ؛ مختل الحواس ؛ دیوانہ ؛ غیر صحیح دماغ ۔

nonconductor, n. غیر موصل شے ؛ ایسی چیز جو بجلی،حرارت اور آواز کی مزاحم ہو یا انھیں بمشکل گزرنے دے ۔

nonconducting, a. غیر موصل ۔

nonconform, v.i. طرز و روش کے رسمی قواعد سے انحراف کرنا ۔

nonconformist, n. غیر مقلّد ؛ جو کردار اور فکر و عمل کے مروجہ شعائر کا پابند نہ ہو ۔ (اکثر بڑے N کے ساتھ) وہ جو قائم شُدہ چرچ،خصوصاً چرچ آف انگلینڈ کی پابندی سے انکار کرے ؛ منحرف ۔

nonconformity, n. عدم مطابقت ؛ پابندی سے اغماض یا تغافل ؛ عدم اتفاق ؛ عدم توافق ؛ قائم شدہ چرچ ، اس کے شعائر اور طریق عبادت سے بے پروائی یا موافقت سے انکار ۔ (اکثر بڑے N سے) انگلینڈ میں پروٹسٹنٹ منحرفین ؛ (غیر مقلدوں) کا موقف ؛ عدم تقلید ؛ اختلاف ؛ انحراف ؛ نامطابقت ؛ برگشتگی ۔

noncontagious, a. (طب) غیر متعدی ؛ غیر متعدی مرض جو چھوت سے نہ لگے ؛ چھوت سے نا قابلِ انتقال ۔

noncooperation, n. عدمِ تعاوُن ؛ ترک موالات ؛ کسی فرد یا جماعت یا ادارے کے ساتھ تعاون سے اجتناب یا انکار ؛ خصوصاً سیاسی یا انقلابی مقاصد کے لیے سرکاری اقدامات سے عدم تعاون کا عمل یا پالیسی ۔ دیکھیے : Passive resistance; civil disobedience ۔

noncooperationist, n. ترکِ موالات کرنے والا ؛ غیر معاوِن ۔

noncooperative, a. نامساعد ؛ غیر معاون ۔

noncooperator, n. اشتراک سے گریزاں ؛ غیرمعاون ۔

noncorrosive, a. غیراکّال ؛ جن میں گلا دینے کی صلاحیت نہ ہو ، جیسے کچھ تیزاب ؛ غیر قارض ۔

noncommunicable, a. ناقابلِ اِبلاغ ؛ ناقابلِ ترسیل جیسے اطلاع ؛ جو چھوت سے منتقل نہ ہو سکے جیسے بیماری ؛ غیر متعدی ۔

nondeductible, a. ناقابلِ تفریق ؛ جو منہا نہ ہو سکے ؛ رشتہ داروں کو تحائف جن کی قیمت قابلِ ٹیکس آمدنی سے وضع نہ ہو سکے ؛ غیر وضعی ؛ نا قابل منہائی (جیسے : Gifts to relatives are nondeductible from taxable income) ۔

nondelivery, n. عدم تقسیم ؛ عدم حوالگی ؛ پہنچانے یا تقسیم کرنے میں ناکامی ؛ وہ جو معاہدے یا توقُع کے مطابق حوالے نہ کیا جائے ۔

nondescript, a., n. انوکھا ؛ نرالا ؛ ناقابل بیان یا تشخص ؛ بے صورت؛ دوغلا ؛ آدھا تیتر آدھا بٹیر ؛ ایسا شخص یا چیز جس کی بآسانی کیفیت نہ بیان کی جا سکے یا اس کی قسم مقرر نہ ہو سکے ؛ ناجنسہ ۔

nondestructive, a. غیر تخریبی ؛ جس کی وجہ سے تباہی ، قطع و برید ، شکست یا تخریب نہ ہو سکے ۔

nondisjunction, n. (حیاتیات) عدمِ انفصال ؛ جُڑنے والے لونیوں کا پہلے مرحلے میں جُدا نہ ہو سکنا جس سے دونوں لونیوں کے پاس ایک دُختری خلیہ رہ جاتا ہے اور دُوسرا کسی کے پاس نہیں ہوتا ؛ ناعلیحدگی ۔

nondistinctive, a. (صوتیات) غیر ممیز ؛ خفیف نُطقی فرق جس کی تلفظ میں کوئی حیثیت نہ ہو جیسے پوز (pose) اور ری پوز (repose) میں p ۔

nondistinctively, adv. غیر ممّیز طور پر ؛ غیر مخصوص طریقے سے ۔

none, pron. کوئی نہیں ؛ ایک بھی نہیں ؛ کوئی بھی نہیں ؛ ان چیزوں میں جو بیان کی گئی ہوں ؛ نہ کوئی ؛ کچھ نہیں ، کوئی حصّہ نہیں ۔ (متعلق فعل) کسی حد تک نہیں ؛ کسی طرح نہیں ؛ قطعاً نہیں (جیسے : The supply is none too great) ۔

noneffective, a. غیر مؤثر ، اثر پیدا کرنے کی اہلیت سے بیگانہ یا عاری ۔ (عسکری) (فرض) کو فعال طور پر بجا لانے سے قاصر یا ناقابل ادائے فرض ؛ ناکارہ ۔ (اسم) فوج یا بحریہ میں نااہل شخص ۔

nonego, n. (استعارہ) غیرانا ؛ ماورائے شعور ؛ وہ شے جو شعور سے خارج ہو ؛ معروضی دنیا ، خارجی دنیا ۔

nonentity, n. غیر حقیقی ؛ عدم وجود ؛ لاوجود شے یا محض خیالی شے ؛ غیر اہم شخص یا چیز ؛ اہمیّت یا حیثیت سے قطعاً معرّا شخص ؛ غیر موجود ؛ عدم ؛ نیستی ؛ ہیچ ؛ فناءِ محض ؛ معدوم الوجود ؛ ناپید ؛ مفقود الوجود ؛ لَا شَے ؛ فرضی یا خیالی چیز ؛ بے حقیقت شے ۔

nones, n. (اکثر بڑے N سے) (کلیسیات) پانچویں کلیسائی ساعت جو ہر روز دوپہر سے تین بجے تک عبادت کے لیے مقرر ہے ؛ اس کے لیے مقررہ عبادتیں ۔

nones, n. نونز ؛ رُومی تقویم میں جنوری ، فروری ، اپریل جون ، اگسٹ ، ستمبر ، نومبر اور دسمبر کا پانچواں دن اور مارچ ، مئی ، جولائی ، اکتوبر کا ساتواں دن کیونکہ یہ آیڈز ides سے پہلے نویں دن واقع ہوتا ہے اور جس میں دونوں ایّام شامل ہیں ۔

nonessential, a. غیر ضروری ؛ غیر اہم ؛ جو مطلق ضروری نہ ہو ۔ (اسم) ایسا شخص یا چیز جو قطعی ضروری نہیں ۔

nonesuch, nonsuch, n. ایسا شخص یا چیز جس کا کوئی حریف یا ثانی نہ ہو اور جس کا کسی اور سے مقابلہ نہ ہو ؛ لاثانی ؛ لاجواب شخص یا چیز ۔

nonetheless, none the less, adv. باوجود اس کے ، تاہم ، پھر بھی ۔

non-Euclidean, non-Euclidian, a. غیر اقلیدسی ؛ جو اقلیدس کے قائم کردہ نظام ہندسہ میں شامل یا اس سے ہم آہنگ نہ ہو ۔

nonexempt, a. غیر مستثنیٰ ؛ جو مُستثنیٰ نہ ہو سکے ؛ ذمّہ داری سے غیر مستثنیٰ ؛ ناقابلِ استثنیٰ ۔

nonexistence, n. عدم ؛ عدم وجود ؛ لاوجودیت ؛ نیستی ؛ عدم موجودگی ۔

nonexistent, a. معدوم ؛ جس کا کوئی وجود نہ ہو ؛ بے وجود ؛ نیست ؛ غیر موجود ۔

nonexportation, n. برآمد کرنے میں کوتاہی یا اس سے انکار ؛ نابرآمد ؛ نابرآمدگی ۔

nonfattening, a. جو موٹا /فربہ نہ کرے ؛ جس میں زیادہ حرارے نہ ہوں (جیسے : proteins are generally nonfattening) ۔

nonfeasance, n. (قانون) ترکِ فعل ؛ عائد فرض ادا کرنے میں ناکامی ۔ بمقابلہ : malfeasance, misfeasance ۔

غفلت ؛ ادائے فرض میں کوتاہی ؛ فرض ناشناسی ۔

nonferrous, a. غیر فولادی ؛ جس میں فولاد نہ ہو یا کم ہو ؛ لوہے یا فولاد کے سوا کسی اور دھات سے منسوب ۔

nonfiction, n. غیر افسانوی ؛ کوئی نثری تصنیف جو افسانوی نہ ہو جیسے انشائیے ، سوانح یا تواریخ ۔

nonformal, a. (تعلیم) نیم رسمی ؛ وہ نظام جو رسمی طریقوں سے قائم نہ ہو لیکن باقاعدہ ہو جیسے تعلیم ۔

nonhereditary, a. غیر وراثتی ؛ جو والدین سے بچے کو منتقل نہ ہو ؛ جو وارث کو مورث سے وراثت میں نہ ملے ، غیر موروثی ۔

nonillion, n., a. (حساب) امریکا و فرانس میں وہ عدد جس کے بعد ۳۰ (تیس) صفر ہوں ؛ برطانیہ اور جرمنی میں وہ اکائی جس کے بعد ۵۴ (چون) صفر ہوں ۔

nonimportation, n. درآمد کرنے میں کوتاہی یا اس سے انکار ؛ نادرآمدگی ۔

noninductive, a. (برق) غیر امالی ؛ جس میں امالیت مفقود ہو ۔

noninductively, adv. غیر امالی طور پر ۔

noninductivity, n. غیر امالیت ۔

noninflammable, a. غیر آتش گیر ؛ جو جل نہ سکے ؛ جسے آسانی سے آگ نہ لگے ؛ غیر شعلہ پذیر ۔

nonintervention, n. عدم مداخلت ؛ مداخلت سے احتراز ۔ (سیاسیات) کسی دوسری قوم یا قوموں کے معاملات میں عدم مداخلت کی پالیسی ۔

noninterventional, a. عدم مداخلتی ؛ عدم مداخل ۔

noninterventionalist, n. مداخلت نہ کرنے والا ؛ عدم مداخلت کی پالیسی کا ؛ عدم مداخلت کا حامی ۔

nonintoxicant, n. غیر منشّی ؛ وہ مشروب یا دوا جو نشہ نہ دے ؛ غیرمُسکِر ۔

nonjoinder, n. (قانون) عدم شمول، اُس شخص کا جسے کسی معاملے میں فریق ہونا چاہیے تھا ۔

nonjuring, a. حلف وفاداری نہ اُٹھانے والا ، بالخصوص چرچ آف انگلینڈ کے وہ پادری جو انقلاب ۱۶۸۸ء کے بعد انگریزی حکومت کا حلفِ وفاداری اُٹھانے سے انکاری تھے ۔

nonjurant, nonjuror, n. (برطانوی تاریخ) حلف وفاداری نہ اٹھانے والا ۔

nonlegal, a. بے قانونی ؛ جس میں کوئی قانونی پہلو مضمر نہ ہو ؛ غیر قانونی illegal سے ممیز ۔

nonmetal, n. (کیمیا) غیر دھات ؛ غیر فلزّ ؛ ادھات ؛ ایسی چیز جو دھات کی نوع سے نہ ہو جیسے کاربن ، نائٹروجن یا اشعی اشیا/ہیلوجن ؛ ایسا عنصر جس کے خواص فلزی سے زیادہ تیزابی ہوں اور محلول میں زیر رواں (cations) پیدا کرنے کی اہلیت نہ ہو ۔

nonmetallic, a. غیر فلزّاتی ؛ غیر دھاتی ۔

nonmoral, a. بے اخلاقی ؛ جس کا اخلاق سے تعلق نہ ہو ؛ جس کا کوئی اخلاقی پہلو نہ ہو ؛ لفظ immoral (غیر اخلاقی) سے ممیز ۔

nonmorality, n. بے اخلاقیت ؛ عدم اخلاق ۔

nonobjective, a. (فنون لطیفہ)اشیاء کو قدرتی شکل میں بجنسہ پیش نہ کرنے کا عمل ؛ غیر ترسیمی ؛ تجریدی ؛ غیرمعروضی ۔

nonobjectivism, n. غیر واقعیت پسندی ؛ غیر معروضیت ۔

nonobjectivist, n. غیر واقفیت پسند ؛ غیر معروضیّت پسند ۔

nonobjectivity, n. غیرواقعیت ؛ غیر معروضیّت۔

nonobservance, n. ناپابندی ؛ عدم تعمیل یا نظراندازی، جیسے سرکاری فرمانِ کی ؛ تقریب منانے سے انکار ، جیسے کوئی دینی تعطیل ۔

nonpareil, n. بے نظیر ، بے مثال ؛ لاجواب خوبیوں کا حامل شخص یا شے ؛ جنوبی امریکا کی چھوٹی چڑیا ۔ (طباعت) چھوٹا ٹائپ ۔ (صفت) بے مثال ؛ لاثانی ؛ بے نظیر ؛ یکتا ؛ یگانہ ۔

nonpartisan, a., n. غیر طرفدار جماعت ؛ کسی باقاعدہ سیاسی پارٹی سے باضابطہ طور پر غیر وابستہ ؛ معروضی ؛ واقعیت پسند ۔

nonpartisanship, n. غیر وابستگی ؛ غیر طرفداری ؛ واقعیت پسندی ۔

nonplus, v.t. بری طرح گڑبڑانا ؛ بوکھلا دینا ۔ (اسم) تذبذب ؛ حیرت زدگی ؛ مبہوتیت ؛ حیرانی ؛ زیادہ کہنے یا کرنے سے معذوری (عموماً at a یا in a سے پہلے آتا ہے) ۔

nonproducer, n. (معاشیات) قابل مبادلہ مالیت اشیا کی پیداوار میں ، اپنی محنت اور سرمایہ سے حصہ نہ لینے والا ۔

nonproductive, a. غیر پیداواری ؛ کچھ پیدا نہ کرنے والا ؛ مال تیار کرنے میں براہ راست حصہ نہ لینے والا جیسے جمعیت مزدوراں کا کوئی حصہ ؛ پیش رفت نہ کرنے والا ؛ پیدا نہ کرنے والا ۔

nonproductively, adv. غیر پیداوارنہ ۔

nonproductiveness, nonproductivity, n. عدم پیداواریت ؛ غیر پیداواریت ۔

nonprofit, a. بلا منافع ؛ خیراتی ؛ کلیسیاؤں ، خیراتی اداروں ، ہسپتالوں اور فاونڈیشن جیسے محصول سے مُستثنی اداروں کے قانونی مقاصد اور سرگرمیاں ۔

nonproliferation, n., a. عدم پھیلاؤ ؛ عدم توسیع ؛ جوہری ہتھیار نہ رکھنے والی قوموں میں ان کی توسیع کو منضبط کرنے کا عمل ، خصوصاً عہد نامے یا بین الاقوامی معاہدوں کے ذریعے ۔

nonprosequitur, non pros, non-pros, n. (قانون) عدم پیروی کنِندہ ؛ پیروی نکنندہ ؛ ایسے مدعی کے خلاف فیصلہ جو اپنے مقدمے کی پیروی کے لیے حاضر عدالت نہ ہو ۔ (فعل متعدی) اپنے مقدمے کی پیروی نہ کرنے والے مدعی کے خلاف فیصلہ دینا ۔

nonrefillable, a. ناقابل باز بھرائی ؛ بعض ظُروف بالخصوص شراب کی ان بوتلوں سے متعلّق جنھیں فروخت کی غرض سے دوبارہ بھرنے کی قانونی ممانعت ہو ۔ (طِب) اُن مجوزہ دواؤں سے متعلق جو صرف ایک بار بھری جا سکتی ہیں ۔

nonremovable, a. ناقابلِ صفائی ؛ جنھیں مٹایا نہ جا سکے جیسے گھاس کے داغ ؛ جنھیں ہٹایا نہ جا سکے جیسے طاق یا تختے ۔

nonrenewable, a. ناقابلِ تجدید ؛ سابقہ شرائط پر ناقابلِ تجدید جیسے ٹھیکہ ، پٹّا ، بیمہ پالیسی یا کسی رسالے کا چندہ ۔

nonrepresentational, a. (فنون) جو فطرت کو ہو بہو پیش نہ کرے ؛ تجریدی ؛ غیر معروضی ؛ غیر نمائندہ ۔

nonrepresentationalism, n. تجریدیت ؛ غیر م ضیت ؛ غیر نمائندگی ۔

nonresident, a. غیراقامت پذیر ؛ جگہ پر غیر مقیم ؛ بالخصوص ان سرکاری فرائض قیام کا تقاضا کریں ؛ غیر سکونت پذیر سم) جو سکونت نہ رکھتا ہو ؛ غیر مقامی ۔

nonresidence, nonresidency, n. غیر اقامت پ ی ؛ غیر سکونت پذیری ؛ جہاں بودو باش نہ ہو ؛ جہاں کوئی مقیم نہ ہو۔

nonresidential, a. غیر اقامتی ؛ غیر سکونتی ؛ ایسے نواح کے متعلق جہاں کارکنوں کے لیے گھر نہ ہوں (جیسے : Factories are located in nonresidential areas.) ۔

nonresistance, n. عدم مزاحمت ؛ عدم مقاومت ؛ مخـالفت کے بغیر کسی اختیار ، طاقت اور غضب کی اطاعت کی پالیسی ؛ عدم ممانعت ۔

nonresistant, a., n. غیر مزاحم ؛ غیر مانع ۔

nonrestrictive, a. غیر مقید ؛ بے روک ٹوک ؛ آزاد ۔ (گرامر) تشریحی لفظ یا ترکیب سے متعلق جو بطورِ جُملہ صفت استعمال کیا گیا ہو اور جو اصل جملے کو محدود یا اُس میں تبدیلی نہ کرے اور جسے حذف کرنے سے خیال کی اصل روح متأثّر نہ ہو (جیسے The Irish, who wore green, won the game میں who wore green)۔

nonreturnable, a. ناقابلِ واپسی ؛ ایسی تجارتی چیز کے متعلق جسے لوٹا کر قیمت واپس نہ لی جا سکے ؛ ایسے ظروف خصوصاً بوتلیں جن پر کوئی زرِ ضمانت نہیں لیا جاتا اور جنھیں استعمال کے بعد واپس کرنے کی پابندی نہیں ہوتی ۔

nonrigid, a. غیر استوار ؛ جو سخت نہ ہو ۔ (طیرانیات) اس قسم کے ہوائی جہاز کے متعلق جس میں گیس کے لچکدار ظرف کو سہارا دینے والا کوئی ڈھانچا نہ ہو اور وہ اندرونی دباؤ ہی سے استوار ہو ؛ معلّق ۔

nonscheduled, a. غیر جدولی ؛ غیر فہرستی ؛ جس میں عمل کے وقت اور مقام کا پہلے سے طے شدہ منصوبہ نہ ہو ؛ جو شیڈول میں درج نہ ہو ؛ ایسی ائر لائن سے متعلق جسے شیڈول کے بغیر پرواز کرنے کی اجازت ہو ۔

nonsectarian, a. غیر فرقہ وارانہ ؛ جس کی کسی فرقے یا جماعت سے وابستگی نہ ہو ۔

nonsegregated, a. جو علیٰحدہ نہ ہو ؛ متصل ؛ مدغم ؛ سالم ۔

nonsense, n. مُہمل ؛ مہملات ؛ ایسے الفاظ یا خیالات جن میں کوئی معنی نہ ہوں یا مہمل ہوں ؛ احمقانہ یا بے معنی افعال یا رویّہ ؛ کوئی چیز جو غیر اہم اور بے فائدہ ہو ؛ بے فائدہ ، مہمل بات ؛ لغویات ۔

nonsensical, a. لُغو ، مہمل ؛ بے معنی ؛ بیہودہ ۔

nonsensically, adv. لغو یا مہمل طریقے سے ۔

nonsensicalness, n. اہمال ؛ لغویت ؛ غیر افادیت ۔

nonsequitur, n. ایسا استنباط یا نتیجہ جو مقدمات

سے اخذ نہ ہو ؛ نتیجہ بالعکس ۔

nonsked, n. (بول چال) باضابطہ پروگرام کے بغیر پرواز کرنے والی ہوائی کمپنی ۔

nonskid, a. پھسلنے سے بچاؤ کے لیے شکن دار اور دندانے دار روک جیسے گاڑی کے ٹائروں پر ۔

nonsmoker, n. غیر تمباکو نوش ؛ جو حقہ یا سگریٹ پینے کا عادی نہ ہو ۔

nonstandard, a. غیر معیاری ، تحریری یا تقریری زبان سے متعلّق جو عام طور پر مسلّمہ چلن کے مطابق نہ ہو ۔

nonstop, a., adv. غیر مؤقّف ؛ جو راستے میں نہ رکے ؛ بِلا رُکے ۔

nonstriated, a. غیر مخطّط ؛ بغیر دھاری کے ۔

nonstriated fiber, n. وہ نسیج جو اضطراری اعصاب پر مشتمل ہو ۔

nonsuch, n. دیکھیے : Nonesuch ۔

nonsuit, n. (قانون) نامسموع دعویٰ ؛ اس مدعی کے خلاف فیصلہ جو کارروائی پر دھیان نہ دے ؛ بنائے دعویٰ ثابت نہ کر سکے یا کافی شہادت نہ فراہم کر سکے ؛ اخراجِ دعویٰ ۔ (فعل متعدی) دعویٰ خارج کر دینا ۔

nonsupport, n. (قانون) حُکمِ عدالت کے بموجب قانونی طور پر زیرِ کفالت شخص کی کفالت میں ناکامی ؛ عدمِ کفالت ۔

nonsymmetrical, a. غیر متناسب ؛ غیر متوازن ؛ جسے متناسب یا متوازن نہ بنایا گیا ہو ۔

nontaxable, a. ناقابلِ محصول ؛ مستثنیٰ از محصول/ٹیکس ؛ ایسے کاروبار ، جائیداد یا آمدنی سے متعلق جس کو خاص طور پر ٹیکس معاف قرار دیا جائے ۔

nontransferable, a. ناقابلِ انتقال ؛ غیر منقولہ ؛ ایسی چیز جس کی ملکیت منتقل نہ کی جا سکے جیسے خطابات ، تمسکات یا کوئی اور جائیداد ۔

non troppo, a., adv. (موسیقی) تھوڑی حد تک/کسی قدر تیز ؛ جو زیادہ تیز نہ ہو ؛ درمیانی لے کا ۔

nonunion, a. غیر یونینی ؛ غیر انجمنی ؛ جو کسی صنعتی مزدوروں کی انجمن کے قواعد و ضوابط سے تعلق نہ رکھے یا اس کے مطابق نہ ہو ؛ جو اِن انجمنوں کو تسلیم نہ کرے یا ان کے حق میں نہ ہو ؛ یونین ورکروں کی طرف سے ناساختہ یا غیر قائم کردہ ۔ (اسم) (طِب) ٹوٹی ہوئی ہڈّی کا نا درست جوڑ ۔

nonunionism, n. غیر یونین پسندی ؛ غیر اتحادیہ پسندی ۔

nonunionist, n. غیر یونین پسند ؛ غیر اتحادیہ پسند ۔

nonuser, n. (قانون) حق یا مراعات کا عدم استعمال ۔

nonverbal, a. غیرلفظی ؛ جس میں زبان کم یا بالکل ہی نہ برتی جائے یا درکار نہ ہو ؛ الفاظ کے سمجھنے یا برتنے میں عدم استعداد ؛ اس چیز سے متعلّق جو لفظی یا زبانی نہ ہو ۔ بمقابلہ : verbal ۔

nonviable, a. غیر ثابت ؛ ناقابلِ حیات ؛ جو جینے ، نشوونما یا عمل کی کم صلاحیت رکھتا ہو ۔

nonviolence, n. عدم تشدُّد ؛ تشدُّد کی تمام صورتوں سے باز رہنے کا رویّہ یا اُصول ؛ احتجاج کے لیے غیر فعال مزاحمت کا طریقہ ۔

nonviolent, a. غیر متشدد ؛ جس میں تشدد سے کام نہ لیا جائے ۔

nonviolently, adv. غیر تشدد آمیز طور پر ۔

nonvolatile, a. غیر بُخاراتی ؛ غیر متغیّر ؛ جو جلد بخارات میں تبدیل نہ ہو ؛ غیر متبدّل ۔

nonvoter, n. غیر ووٹر ؛ جو ووٹ نہ ڈالے ؛ جسے ووٹ دینے کے لیے نااہل قرار دیا جائے ؛ رائے نادہندہ ۔

nonwhite, n., a. غیر سفید فام ۔

noodle, n. انڈے ملے بے خمیر آٹے سے بنی ہوئی سوئیاں/ٹکڑیاں ، اکثر ابال کر پیالوں میں اور شوربے کے ساتھ پیش کی جاتی ہیں ۔ (عوامی) سر ۔ (عوامی) گاؤدی ؛ سادہ لوح ۔ نیز : noodlehead ۔

nook, n. کونہ ، گوشہ ؛ الگ تھلگ ؛ گوشۂ عزلت ؛ کُنجِ تنہائی ؛ تنگ جگہ ۔

noon, n. دوپہر ؛ نیم روز ؛ نصف النہار ؛ ۱۲ بجے ۔ (مجازاً) انتہائی روشنی اور قوت کا وقت ، عروج ، نصف النہار ۔ نیز: noonday ۔ (صفت) دوپہری ؛ دوپہر کے بارے میں ۔

noontide, n. دوپہر کا وقت ؛ نیم روز ، کسی کا زمانۂ عروج ۔

noon time, n. دوپہر کا وقت ۔

no one, no-one, pron. کوئی بھی نہیں ؛ کوئی شخص نہیں ۔

noose, n. سَرک پھندا ؛ ایک پھندا جس میں سرکتی گانٹھ لگی ہو ، جیسے جال ، کمند یا پھانسی کے پھندے میں جو کھینچنے سے کسا جاتا ہے ۔ (مجازاً) گانٹھ ؛ حلقہ ، پھندا ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کو باندھنا یا پھندے میں کسنا ؛ پھندے سے پھنسانا یا پکڑ لینا ؛ پھانسی دے کر ہلاک کرنا ۔ (مجازاً) عقد سے پابند کرنا ؛ پھندا بنانا ؛ گانٹھ ڈالنا جیسے رسّی میں یا رسّی سے ۔

nopal, n. صُبار ؛ کیکٹس کا پودا ؛ ناگ پھنی جسے قرمزی کیڑوں کی خوراک تیار کرنے کے کام میں لایا جاتا ہے ؛ خاردار نارنگی ۔

no-par, no-par value, a. جس کی کوئی واضح قدرِ عُرفی نہ ہو : عموماً اس کا اطلاق ، سرمایۂ حصص کے سرٹیفیکیٹوں کی خاص قسم پر ہوتا ہے ۔

nope, adv. (عوامی) نہیں ؛ نہ ؛ لا ۔

nor, conj. ایک لفظ جو جُملے کے دوسرے یا بعد کے حصے یا فقرے یا جملے کی نفی کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ خصوصاً neither (نہ ، نہ تو) کے بعد اور دیگر نفی کے جملوں میں تاکیدی نہ کے طور پر ؛ and not (اور نہیں) کے مترادف ، اور اس صورت میں ہمیشہ سابقہ نفی کے مطابق نہیں ہوتا (جیسے : He is happy, nor need we be concerned) ۔

Nordic, a. (بشریات) ناروی نسل ؛ کاکیشیائی (سفید) نسل کی اس نوع کا یا اس سے متعلق ، جن کی رنگت سفید ، بال سنہرے اور کھوپڑی لمبوتری ہوتی ہے ؛ شمالی یورپ خصوصاً اسکینڈی نیویا کے سنہرے بالوں والے لوگوں سے متعلق ۔ (اسم) ایسا شخص جس میں ناروی خصوصیات پائی جائیں یا اس کی اصل ناروی ہو ۔

Norfolk jacket, Norfolk coat, n. ایک پیٹی دار سنگل بریسٹ جاکٹ یا کوٹ جس میں سامنے اور پشت کی طرف بکلس ہوں ۔

noria, n. رہٹ؛ ایسا پہیّہ جس کے محیط کے گرد ڈول لگے ہوتے ہیں اور جو ہسپانیہ ، مشرقِ وُسطیٰ اور ایشیا میں پانی کھینچنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ دولاب؛ ایرانی چرخی؛ناعُور ۔

norland, n. (اکثر بڑے N سے) ارض ِشُمالی؛ شُمالی علاقہ یا رقبہ؛ شُمالی سرزمین ۔

norm, n. معیار؛ قاعدہ ؛ سانچا ، مثالی نمونہ ۔ (نفسیات) کسی جماعت کی اَوسَط کارگزاری میں سے اخذ شدہ مستند معیار ۔

normal, a. حسبِ معمول ؛ معمولی ؛ حسبِ قاعدہ ؛ قاعدے ، اصول یا نمونے کے مطابق ؛ کسی مثال یا معیار کے مطابق جسے عموماً تسلیم کیا جاتا ہو ؛ فطری ؛ جو غیر معمولی نہ ہو؛ باقاعدہ۔ (جیومیٹری) عمودی ۔ (نفسیات) ذی شعُور؛ اَوسَط (جیسے : of normal intelligence) ۔ (اسم) عام یا معمول کی حالت؛ معیار؛ تناسُب ۔ (جیومیٹری) خطِّ مستقیم جو مماسی سطح سے کسی خم یا خمدار سطح کے کسی نُقطے پر زاویہ قائمہ بنائے ؛ عمود ۔

normality, n. باقاعدگی؛ طبعی حالت؛ معمولیت ۔

normally, adv. معمولاً؛ حسبِ قاعدہ؛ طبعاً ۔

normal curve, Gaussian curve, n. (شماریات) معیاری انحنا ؛ ایک گھنٹی کی شکل میں گراف/ترسیم یا منحنی خط جو کسی تغیُّر پذیر شے کی مختلف قدروں کو ظاہر کرتا ہو۔

normalcy, n. باقاعدگی؛ حسبِ معمول ہونے کی حالت ۔

normal distribution, n. (شماریات) معیاری تقسیم؛ تعدُّدی تقسیم جس میں معیاری انحنا کی خصوصیات ہوں؛ طبعی تقسیم ۔

normalize, v.t. نارمل بنانا ، طبعی حالت میں لانا؛ معمول پر لانا؛ معیار یا نمونے کے مطابق بنانا ۔ (فعل لازم) دوبارہ طبعی حالت میں آنا ۔

normalization, n. معمول پر لانے کا عمل؛ نارمل حالت پرلانے کا عمل ؛ طبعی حالت میں رجوع ۔

normalizer, n. طبعی یا باقاعدہ حالت پر لانے والا ؛ معمول کار ۔

normal school, n. نارمل اسکول ؛ معلّمین کا تربیتی اسکول ؛ مدرسة المُعلّمین ۔

Norman, n. نارمن ، نارمنڈی کا باشندہ ۔ (صفت) نارمنڈی یا نارمنوں سے متعلّق ۔

Norman architecture, گول محرابی تعمیرات ؛ رومی طرزِ تعمیر کی ایک قسم ؛ نارمن طرز تعمیر۔

Norman French, نارمن فرانسیسی ؛ نارمنی فتوحات کے وقت نارمنوں کی زبان ؛ نارمنڈی کی فرانسیسی بولی ۔

Norman-French, a. نارمن فرانسیسی (چیز یا شخص) ۔

normative, a. معیاری ؛ معیار بندی سے متعلق ؛ معیاروں سے متعلق ؛ معیار کے مطابق (جیسے : ,normative conduct (normative grammar)۔

normatively, adv. معمولاً ؛ باقاعدگی سے ؛ حسبِ معیار ۔

normativeness, n. معیار سے مطابقت ؛ معیار بندی ۔

Norse, n. ناروژی ؛ اسکینڈی نیویا کے قدیم باشندے ، بالخصوص مغربی اسکینڈے نیویا کے باشندے ؛ ناروے کے باشندے ۔ (واحد) ناروے کی زبان ۔ (صفت) قدیم اسکینڈی نیویا سے تعلق رکھنے والے ناروے کے متعلق ۔

Norse-man, n. اسکینڈے نیویا کا قدیم باشندہ ؛ ناروے کا باشندہ ۔

north, adv. شُمالاً ؛ شمالاً ؛ نکلتے سورج یا مشرق کی طرف مُنہ کر کے کھڑے ہوئے شخص کے بائیں طرف کی سمت ؛ شمال کی طرف یا شمال میں ؛ شمال سے ،جیسے ہوا ۔ (اسم) شمال ؛ پرکار کا وہ بنیادی نقطہ جو سمت الرّاس کی سیدھ میں اس شخص کے بائیں، جانب ہو جس کا رخ نکلتے سورج یا مشرق کی طرف ہو ؛ وہ سمت جس میں وہ نقطہ واقع ہے ۔ (بڑے N کے ساتھ) وہ طبقہ یا علاقہ جو اس سمت میں واقع ہو ۔ (صفت) شمالی ؛ شمال کی طرف یا شمال میں واقع ؛ شمال رخ یا اس طرف بڑھتا ہوا؛ شمال سے آنے والا یا والی ، جیسے ہوا ۔

northbound, a. شمال کی سمت رواں ۔

north by east, n. شمال به مشرق ؛ جہازراں کے قطب نُما پر وہ سمت جو ایک درجہ شمال کی جانب دائیں یا مشرق کی طرف واقع ہو ۔

north by west, n. شمال به مغرب ؛ قطب نُما کا وہ نقطہ جو ٹھیک شمال کے بائیں طرف یا مغرب میں واقع ہو ۔

northeast, n. شمال مشرق؛ جہازراں کے قطب نما کا وہ نقطہ جو عموماً ٹھیک شمال اور مشرق کی درمیانی سمت واقع ہو؛ اس سمت میں کوئی علاقہ ؛ گوشۂ شمال مشرق ۔ (صفت) شمال مشرق کی طرف رخ کردہ (جیسے : to take a northeast course) ؛ شمال مشرقی ۔ (متعلّق فعل) شمال مشرق سے ، شمال مشرق کی طرف یا شمال مشرق میں ۔

northeast by east, n. شمال مشرق به مشرق ؛ قطب نُما پر وہ نقطہ جو ٹھیک مشرق سے تین پوائنٹ شمال کی سمت رخ ظاہر کرتا ہے ۔

northeast by north, n. شُمال مشرق به شمال ؛ قطب نُما میں وہ نقطہ جو ٹھیک شمال میں تین پوائنٹ مشرق کی سمت رُخ ظاہر کرتا ہے ۔

northeaster, n. بادِشمال مشرقی ؛ شُمال مشرق سے آنے والی تند ہوا یا طوفان جو اکثر سخت سرد بارش یا برف باری لاتے ہیں اور عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ یہ تین روز جاری رہیں گے ۔

northeasterly, a. شمال مشرقی ؛ شمال مشرق کی سمت میں یا ادھر سے ۔ (متعلق فعل) شمالی مشرق کی سمت سے یا اس طرف سے ۔

northeastern, a. (جہازرانی) شمال مشرقی ؛ شمال مشرق سے متعلقہ یا اس سَمت میں واقع ۔

northeasterner, n. (اکثر بڑے N سے) شمال مشرقی علاقے کا باشندہ یا باسی ۔

northeastward, northeast wardly, northeastwards, a., adv. شمال مشرق کی سمت ۔ (اسم) شمال مشرق ۔

norther, n. شمالی ہوا ؛ بادِ شمال ؛ شمال سے تند ہوا یا طوفان خصوصاً خزاں یا سرما کا طوفان جو متحدہ امریکا کے جنوب مغربی علاقہ میں برپا ہوتا ہے ۔

northerly, a. شمالی ؛ شمال یا شمال سے متعلق ؛ شمال کی طرف یا شمال میں واقع ؛ شمال سے آنے والی ، جیسے ہوا۔ (متعلق فعل) شمال کی سمت یا اس طرف سے ۔ (اسم) شمال کی طرف

سے آنے والی ہوا؛ پُروا۔

northern, a. شمالی؛ شمال کا؛ شمال کی طرف/جانب؛ شمال کی سمت سے آنے والی/والا ؛ شمال میں واقع ۔ (اکثر بڑے N سے) اُس علاقے کے باشندوں سے مختص جو شمال کی طرف واقع ہو ؛ شمال کی اصلیت رکھنے والا (جیسے : a northern variety of plant) ۔ (فلکیات) آسمانی خط استوا کے شمال میں واقع ؛ شمال کی طرف کا ۔ (اسم) شمالی علاقے کا رہنے والا ۔

northernmost, a. انتہائی شمالی ۔

Northern Cross, n. (فلکیات) دُجاجہ جُھرمٹ کے چھ ستارے جو صلیب کی شکل بناتے ہیں ۔

Northern Crown, n. (فلکیات) اکلیلِ شمالی ؛ کارونا بوریلس ستاروں کا جھرمٹ ۔

northerner, n. (بعض اوقات بڑے N سے) شمالی باشندے ۔

Northern Hemisphere, n. نصف کرۂ شمالی ؛ خطِّ استوا کے شمال میں زمین کا نصف حصّہ ۔

northern lights, n. انوارِ شمالی ؛ شُمالی قطبِ روشنی ؛ شمالی روشنیاں ۔

North Germanic, n., a. شُمالی جرمانی ؛ زبانوں کا ایک ذیلی گروہ جس میں ناروے ، سویڈن ، ڈنمارک ، آئس لینڈ اور فیرو کی زبانیں شامل ہیں ۔

northing, n. شمالیت ؛ انحراف جانبِ شمال ؛ خطِ استوا سے شمالی جانب کسی سیّارے کا فاصلہ (جو آفتاب کے گرد گھومتا ہے) ۔ (فلکیات) شمالی انحنا ۔ (جہاز رانی) آخری نقطۂ شمار سے بجانب شمال عرض البلد کا فرق (خط استوا سے شمالی جانب عرض البلد کا فرق) ؛ میلانِ شمالی ؛ شمالیہ ؛ شمالی عرض البلد ؛ عرض شمالی ۔

northland, n. شمالی علاقہ ؛ شمال میں واقع زمین یا علاقہ ، کسی ملک کا شمالی علاقہ ۔ (بڑے N سے) (کینیڈین) صوبوں کے شمالِ میں واقع علاقے ؛ شمال بعید ؛ اسکینڈے نیوین باشندوں کی سرزمین یا علاقے ۔

northlander, n. شمالی باشندہ ؛ کسی ملک کے شمالی خِطّہ کا باشندہ ؛ اسکینڈے نیویا کی سر زمین کا باشندہ ۔

Northman, Norseman, n. ناروے کا باشندہ ؛ اسکینڈے نیویا کے لوگوں میں سے کوئی جو جہازرانی میں مہارت ، شجاعت اور بحری ڈاکہ زنی میں مُمتاز رہے اور جنھوں نے تقریباً ۷۰۰ عیسوی سے ۱۰۰۰ عیسوی تک روس سے لے کر فرانس تک یورپی براعظم کے علاقوں نیز برطانیہ ، آئرلینڈ، آئس لینڈ ، گرین لینڈ پر حملے کرکے بستیاں قائم کیں اور اُن پر حکومت کرتے رہے ؛ نیز انھوں نے شمالی امریکا کا کھوج لگانے کے لیے سفر کیے ۔

north-northeast, n. شمال شمال مشرق ؛ ملاّحی قطب نُما پر شمال ۳۰َ ,۲۲° اور شمال مشرق کے درمیان کی سمت؛ شمال سے مشرق کی جانب ۳۰َ ,۲۲° زاویے پر واقع سمت ۔(صفت ، متعلق فعل) اس سمت سے یا اس کی طرف ؛ شمال شمال مشرق میں ۔

north-northwest, n. شمال شمال مغرب ؛ ملاحی قطب نما پر شمالی اور شمال مغرب کے درمیان واقع سمت جو شمال سے مغربی جانب ۳۰َ ,۲۲° کے زاویے پر ہو ۔ (صفت ، متعلق فعل) اس سمت سے یااس کی طرف ؛شمال شمال مغرب میں ۔

North pole, n. (فلکیات) قطب شمالی ؛ شمال کی طرف آسمان کا وہ نُقطہ جو زمین کے عمودی محور کو بڑھاتے ہوئے شمالی فلکی کرُے کو نُقطۂ تقاطع پر جو قُطب تارے سے ایک درجہ بیس منٹ پر واقع ہے ، قطع کرتا ہے ۔ (جغرافیہ) زمین کے محور کا شمالی سرا۔ (چھوٹے n کے ساتھ) مقناطیس کا سِرا جو زمین کے شمالی مقناطیسی سرے کی طرف مائل ہے ۔

North Star, n. قطب تارہ ؛ قطبی ستارہ ۔ دیکھیے : Polaris ۔

northward, adv., a. شمال کی طرف ؛ جانبِ شمال ۔ (صفت) شمال کی طرف شمال میں ، شمال کے نزدیک یا اس کے رخ پر ۔ (اسم) شمالی حصّہ ، علاقہ یا نقطہ ۔

northwards, adv. شمالی کی طرف ۔

northwardly, a., adv. شمال کی طرف سے ؛ شمال کی سمت میں ۔

northwest, n. شمال مغرب ؛ شمال اور مغرب کے درمیان کی سمت ؛ شمال اور مغرب کے درمیان قطب نُما کا نقطہ ۔ (بڑے N سے) اس سمت میں واقع علاقہ ؛ گوشۂ شمال مغرب ۔ (صفت) شمال مغرب کی طرف سے شروع یا اس کی طرف مائل ؛ شمال سے یا شمال کو ۔ (متعلق فعل) شمال کی طرف ؛ شمال کی طرف سے ۔

northwest by north, n. شمال مغرب ؛ بہ شمال ؛ قطب نُما کا نقطہ ۱۵َ ,۱۱° یا شمال مغرب کے مغرب کی طرف ایک درجہ ؛ N۳۳°,۴۵َW ۔

northwest by west, n. شمال مغرب بہ مغرب ؛ قطب نُما کا نقطہ ۱۵َ ,۱۱° یا شمال مغرب کے مغرب میں ایک درجہ ، N ۵۶°,۱۵َ W ۔

northwester, n. شمال مغربی ہوا ؛ شمال مغرب سے تیز ہوا یا سخت طوفان ۔ دیکھیے : norwester ۔

north-westerly, adv., a. شمال مغربی ؛ شمال مغرب کی طرف یا شمال مغرب سے جیسے ہوا ۔

northwestern, a. شمال مغربی ؛ اس علاقے سے متعلق یا اس علاقہ میں جسے شمال مغرب کہا جاتا ہے ؛ اس نقطہ سے آنے والی (جیسے ہوا) ۔

northwesterner, n. (اکثر بڑے N سے) شمال مغربی باشندہ ؛ شمالی مغربی خطّوں کا رہایشی یا پیدایشی ۔

northwestward, northwestwardly, adv., a. شمال مغرب کی طرف ؛ شمالی مغربی ۔ (اسم) شمال مغرب ۔

northwestwards, adv. شمال مغرب کی طرف ۔

Norwegian, a. ناروی ؛ ناروے ، اس کے باشندوں یا زبان سے متعلّق ۔ (اسم) ناروے کا قدیمی باشندہ یا رہنے والا ؛ ناروے کی زبان جو اسکینڈے نیوین گروہ کی زبان ہے ۔

nor'wester, north wester, n. شمال مغربی ؛ شمال مغرب سے تند ہوا یا طوفان ؛ ملاحوں کا بھاری اُوپری لباس جو عموماً جاڑے میں پہنا جاتا ہے؛ ایک چکنا چرمی ہیٹ ؛ موم جامے کی ٹوپی ۔

nose, n. ناک ؛ بینی ؛ انف ؛ انسانی چہرے پر نمایاں عضو جس میں نتھنے ہوتے ہیں ؛ وہ عضو جس میں انفی گڑھے ، نتھنے ، سونگھنے کے اعصاب کے سرے ہوتے ہیں اور جو بولنے ، سانس لینے اور سونگھنے میں استعمال ہوتے ہیں ؛ سونگھنے کی

حِس (شامّہ) ؛ سونگھنے کا عضو جو فقری حیوانات میں پایا جاتا ہے ؛ کسی چیز کو سونگھ کر محسوس یا معلوم کرنے کی صلاحیت ؛ کوئی چیز جسے کسی حیوان یا انسان کی ناک سے مشابہ تصور کیا جائے ؛ کسی چیز کا اُبھرا ہوا حصہ ، جہاز یا طیارے کا اگلا حصہ ۔ (مجازاً) انسانی ناک ایک ایسے آلے کی حیثیت سے جو کسی بات کو بھانپنے یا دخل دینے کے کام آئے ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کو محسوس یا دریافت کرنا، ناک سے یا سونگھنے کی حِس سے ؛ ناک سے ٹھوکا دینا یا دھکیلنا (جیسے : ;The mare nosed her colt away from the fence) ناک سے چھونا یا رگڑنا ؛ ناک کسی چیز کے قریب لانا، جیسے سونگھنے یا جانچنے میں ؛ناک سے سوں سوں کرنا ؛سُڑکنا ؛ کڑے/سخت مقابلے میں کسی کو شکست دینا (جس کے بعد out آتا ہے)؛ آگے بڑھنا ۔ (فعل لازم) سونگھنا یا سُڑکنا ؛ جھانکنا یا دخل دینا (اس کے بعد into ، about آتا ہے) ؛ بڑھنا ۔

by a nose, (عوامی) تھوڑی کسر سے ؛ تھوڑے فرق سے ۔

count noses, (بول چال) کسی گروہ یا مجمع میں آدمیوں کا شمار ۔

cut off one's nose to spite one's face, دوسروں سے کدورت کے باعث خود کو نقصان پہنچانا ۔

follow one's nose, ناک کی سیدھ میں جانا ؛ سونگھنے یا جبلی حِس سے کام چلانا ۔

lead by the nose, (مجازاً) پوری طرح قابو میں یا تابع رکھنا ؛ کسی کو اُلّو بنا کر جو چاہنا کرنا ؛ نکیل ہاتھ میں ہونا ؛ ہاتھ میں باگ ہونا ؛ ناک پکڑ کر چلانا ۔

look down one's nose at, (عوامی) کسی کو رعونت یا حقارت سے دیکھنا ۔

nose to the grindstone, بے تحاشا کام میں جُت جانا ۔

on the nose, (عوامی) صحیح طور پر ؛ قطعیت سے ؛ مِن و عن ۔

pay through the nose, بہت بھاری قیمت دینا ۔

put someone's nose out of joint, کسی شخص کو تکلیف دہ طور پر کسی اور کے لیے نکال دینا ۔

turn up one's nose at, حقارت سے دیکھنا ۔

under one's nose, بآسانی دیکھ لیا جانا ؛ زیر نظر ہونا ۔

noseless, a. نکٹا ؛ بے ناک کا ؛ بے دہانے کا ۔

noselike, a. انفی ؛ مثلِ بینی ، ناک کی طرح ۔

noseband, n. ناک پٹا ؛ زین کا وہ حصّہ جو جانور کی ناک کے اوپر سے گزرتا ہے ؛ پوزی پٹا ؛ موہری ۔

nosebleed, epistaxis, n. بوما وران ؛ نکسیر ، ناک سے بہتا ہوا خون ۔

nosecone, n. (طیرانیات) تھوتھنی؛ میزائل یا راکٹ کا مخروطی شکل کا حرارت مزاحم حصّہ جو گاڑی کے سامنے کے سرے پر لگا ہوتا ہے اور جس میں آلات ، سامان رکھنے اور مسافر بٹھانے جا سکتے ہیں ۔

nosedive, n. (طیرانیات) ناک ڈُبکی ؛ طیارے کے مُنھ کے بل غوطہ لگانے کی حالت ؛ کوئی بھی اچانک نیچے کی طرف گرنے ، جھکنے ، غوطے کھانے کا عمل ؛ سر کے بل غوطہ ۔ (فعل لازم) سر کے بل غوطے کھانا ۔

nosegay, n. چھوٹا سا گُلدستہ ، پھولوں کا گچھا ۔

nosepiece, n. انفیہ ؛ ٹونٹی ؛ خود پر لگا ہوا چھوٹا سا ٹکڑا جس سے ناک ڈھانکی جاتی ہے ؛ عینک پر لگا ہوا وہ ٹکڑا جو ناک کے بانسے پر جمایا/رکھا جاتا ہے ؛ خُرد بین میں لگا ہوا وہ ٹُکڑا جس سے عدسہ باندھا جاتا ہے ؛ پوزی پٹا ۔

no-show, n. وہ شخص جو ہوائی جہاز ، ریل گاڑی یا بحری جہاز میں جگہ مخصوص کرانے کے بعد نہ اسے منسوخ کرائے نہ اس کا دعویٰ کرے ۔

nosing, n. (فن تعمیر) چھجے کا باہر نکلا ہوا حصّہ یا زینے کی سیڑھی ؛ اُبھرا ہوا یا آگے نکلا ہوا حصّہ یا کنارا ۔

nosology, n. علمِ تقسیمُ الامراض ؛ امراض کی باقاعدہ درجہ بندی یا توضیح ؛ طِب کی وہ شاخ جس کا تعلّق امراض کی درجہ بندی سے ہو ۔

nosologic, nosological, a. علمِ تقسیم امراض کا یا اس سے متعلق ۔

nosologist, n. ماہر علمِ تقسیمِ امراض ۔

nostalgia, n. عارضۂ یادِ وطن ؛ یادِایام ؛ پرانے زمانے یا لوٹ کر نہ آنے والے واقعات کی طرف بازگشت کی تمنا ؛ یاد وطن کا عارضہ ؛ وطن واپس جانے کی خواہش جو بیماری کی شکل اختیار کرلے ؛ ماضی پرستی ؛ دردِ وطن ۔

nostalgically, adv. یادِ وطن کے تعلق سے ؛ ماضی پرستانہ طور پر ۔

nostril, n. مِنخَر ؛ نتھنا ؛ ناک کے دو سوراخوں (نتھنوں) میں سے ایک جن سے سانس لیا جاتا ہے ؛ سوراخِ بینی ۔

nostrum, n. چٹکلہ ؛ ٹوٹکا ؛ اتائی دوا؛ غیر مستند معالج کی دوا ؛ کوئی منصوبہ یا طریقہ جو کسی صیغہ میں موجودہ خرابیاں دور کرنے کے لیے تجویز کیا جائے ؛ ہر درد کی دوا؛ لٹکا ؛ اتائی نسخہ ۔

nosy, nosey, a. (بول چال) تاک جھانک کرنے والا؛ متجسّس ؛ کھوجی ؛ رازجُو ۔

nosily, adv. متجسّسانہ ؛ راز جوئی سے ۔

nosiness, n. راز جوئی ، تجسُّس ؛ کھوجی پن ۔

not, adv. حرف نفی ؛ نہیں ؛ نہ ؛ مَت ؛ قطعی نہیں ؛ کسی حد تک بھی نہیں ؛ نفی کے لیے نہیں میں تردید ، انکار یا ممانعت ؛ منفی ، الٹ یا کسی چیز کا مکمل فقدان (جیسے : It is not an easy step to take, you may not drive.) ۔

notability, n. اِمتیاز ؛ ممتاز ہونے کی خُصوصیت ؛ ممتاز یا نمایاں شخصیت یا چیز ؛ قابل دید چیز ؛ قابلِ ذکر شے ۔

notable, a. قابلِ توجُّہ ؛ غیر معمولی ؛ مشہور و معروف یا ممتاز ؛ یاد رکھنے کے قابل ۔ (اسم) کوئی قابلِ توجُّہ یا ممتاز شخص یا چیز ؛ قابلِ یاد گار ۔ (عموماً بڑے N سے) (تاریخِ فرانس) ان اعیان یا اکابر میں سے کوئی شخص جسے قبلِ انقلاب فرانس بادشاہ پارلیمنٹ کے لیے منتخب کرتا تھا ۔

notableness, n. امتیاز ؛ قابلِ توجّہ یا نمایاں ہونے کی خاصیت ۔

notably, adv. خاص طور پر ؛ نمایاں طور پر ؛ ناموری سے ؛ یادگاری کے طور پر ؛ مشہور طور پر ۔

notarial, a. تصدیقی ؛ نوٹری پبلک سے متعلّق ؛ اس عہدے دار سے متعلق جسے تمسّکات کی صحت و تصدیق کرنے کا اختیار ہو ؛ ناظر رجسٹری ۔

notarially, adv. ناظرِ رجسٹری کی حیثیت سے ۔

notarize, v.t. مندرجات کی تصدیق کرنا یا کرانا جیسے کسی عہد نامے یا دستاویز کی،نوٹری پبلک کے ذریعے تصدیق کرانا ۔

notarization, n. تصدیق بذریعہ نوٹری پبلک ۔

notary, n. مُصدّق الاسناد ؛ وہ شخص جسے قانوناً اختیار دیا جائے کہ وہ حلف اُٹھوائے اور اقرار ناموں اور معاہدوں کی تصدیق کرے ۔ نیز: notary public – (فعل متعدی). تصدیق کرنا ؛ توثیق کرنا ۔

notation, n. علامتی ترقیم ؛ طریق کتابت ؛نوٹ کرنے، مارک کرنے اور ضبط تحریر میں لانے یا قلمبند کرنے کا عمل ؛ اشارات یا علامات کے خصوصی نظام کے ذریعے ریکارڈ کرنا، نوٹ کرنا یا لکھنا، جیسے الجبرائی اشارات ، کیمیائی اشارات یا علامتیں ؛ رسمِ اعداد ، ترسیم اعداد ۔

notational, a. ترقیمی ؛ اعداد وغیرہ کی ترسیم سے متعلق ۔

notate, v.t. ترقیم میں لانا ؛ اشارات یا علامات سے ظاہر کرنا ؛ ترسیم کرنا ۔

notch, n. دانتا ؛ کٹکھنا ؛ کٹاؤ ؛ شگاف ؛ جوف ؛ کسی سطح یا کنارے پر حرف V کی شکل کا دندانہ یا دانتا ؛ بندوق کے بتے ، چھڑی یا ایسی ہی کسی چیز پر کھودا ہوا دندانہ (جیسے ریکارڈ یا شمار کے لیے)؛ایک تنگ گھاٹی یا درّہ ۔ (بول چال) قدم ، اکائی یادرجہ (جیسے : falling a notch behind his class) ۔ (فعل متعدی) نشان یا نشانات گودنا ؛ دندانے بنانا ، شمار کرنا یا ریکارڈ کرنا ؛ حاصل کرنا (جیسے : notching his first victory) ۔

notched, a. دانتے دار ؛ نشان شدہ ؛ دندانے دار ؛ نشان زدہ ۔

notchback, n. چپٹی پُشت (کار یا چھت) ؛ ڈھلواں چھت کی کار جس کا عقبی بمپر چپٹا ہوتا ہے ؛ اس قسم کی کار کی چھت ۔

note, n. (اکثر جمع) نوٹ ؛ کیفیت نامہ ؛ یادداشت ؛ مختصر یادداشت یا خلاصہ جس کا مقصد حافظہ کی مدد یا حوالہ یا مزید توسیع و ترقی ہو ۔ (جمع) نوٹس ؛ مشاہدات یا تاثرات کا خلاصہ ؛ کسی کتاب یا مخطوطے کے متعلق توضیحی یا تنقیدی نوعیت کی عبارت ؛ مختصر تحریر جس میں مناسب معلومات فراہم کی جاتی ہیں ؛ مختصر بے تکلف خط ؛ باضابطہ یا تحریری سفارتی یا سرکاری اطلاع ؛ مسلّمہ قرض کی ادائیگی کا تحریری وعدہ (جیسے : a promissory note) ؛ ہنڈی ؛ زرکاغذی سُکارنے کے قابل سرکاری یا بنک سرٹیفیکیٹ ؛ ناموری ، شہرہ یا امتیاز (جیسے : a lecturer of note) ؛ پروا یا توجہ (جیسے : taking note of his remarks) ؛ نمایاں نشان یا علامت جس سے کوئی چیز یا حالت متعارف ہو (جیسے :the note of anxiety in her voice) ۔ (موسیقی) تحریری حرف جو خاص عرصے یا شدّت کو ظاہر کرے؛ نشان نغمہ ؛ اشارہ موسیقی ؛ آواز یا ساز کی لے ؛ پیانو کی کلید ؛ نغماتی آواز جیسے پرندے کی چہکار ؛ پرندے یا جانور کی مخصوص چہک یا آواز ؛ اعراب یا کسی اور چیز کو ظاہر کرنے کے لیے علامت یا حرف جو طباعت یا تحریر میں ظاہر کیا جائے ۔ (دفتری) کیفیت نامہ ؛ وہ مختصر سی عبارت جو کسی تبصرے یا رائے کا اظہار کرے ۔ (فعل متعدی) احتیاط سے ملاحظہ کرنا ؛ توجہ یا التفات کرنا؛ خاص طور پر ذکر کرنا ؛ تحریر میں لانا ؛ یادداشت مرتب کرنا ؛ مفہوم یا مراد ہونا ؛ تشریح کرنا ؛ موسیقی کی علامت میں سُر ظاہر کرنا ؛ کیفیت نویسی کرنا ۔

noter, n. نوٹ کرنے والا ، متوجّہ ۔

notebook, n. بیاض ؛ کتابِ یادداشت ؛ خالی/سادہ کاپی جس میں نوٹ یا یادداشتیں تحریر کی جاتی ہیں ؛پرامیسری نوٹ یا ہنڈیوں کے اندراجات کرنے کی کاپی ۔

noted, a. معروف ؛ شہرت یا چرچے کی بنا پر معروف ؛ مُمتاز ؛ مشہور ؛ نامی گرامی ؛ موسیقی کے سُر یا ترقیم نغمہ کے ذریعے واضح کیا ہوا ۔

notedness, n. شہرت ، امتیاز ؛ معروف ہونے کی حالت ۔

notedly, adv. معروف طریقے سے ۔

noteless, a. جو جاذبِ توجّہ نہ ہو ، غیر نمایاں ؛ غیر مشہور ؛ غیر مُمتاز ؛ بے وقر ؛ بے قدر ؛ ناقابلِ لحاظ ۔

note of hand, n. پرامیسری نوٹ ، ہُنڈی ۔

notepaper, n. چھوٹے سائز کا کاغذ ، یادداشتیں یا خط لکھنے کے لیے پرچی ؛ فرد کیفیت ۔

noteworthy, a. نمایاں ، قابلِ ملاحظہ یا توجہ ، درخورِ اعتنا ؛ قابلِ ذِکر ؛ قابلِ غور ؛ قابلِ توجہ ۔

noteworthily, adv. اعتنا یا توجہ سے ۔

noteworthiness, n. قابلِ توجہ ہونے کی حالت ؛ درخورِ اعتنا ہونے کی کیفیت ۔

nothing, n. کچھ نہیں ؛ ہیچ ؛ کوئی چیز نہیں ؛ لَا شَے ؛ کچھ بھی نہیں (جیسے : to see,do or say nothing) ؛ کوئی خصوصیت ، حِصّہ یا علامت نہ ہونا (جیسے : There is nothing of his father about him)؛ لاموجود ؛ عدم (جیسے : to create a world out of nothing)؛ کسی‌چیز کو ہیچ کر دینا ؛ کوئی غیراہم یا غیر نمایاں چیز ؛ بے حقیقت عمل، معاملہ یا حالت یا چیز؛ ہیچ پوچ شخص ؛ جس کی کوئی وقعت یا امتیاز نہ ہو ؛ ادنیٰ ، حقیر ، ناچیز ۔ (حساب) جس کی کوئی مقدار یا قدر نہ ہو ؛ صفر ۔ (متعلق فعل) کسی درجے میں نہیں ؛ خاک نہیں ؛ قطعاً نہیں (جیسے : It was nothing like what we expected) ۔

nothing doing, (بول چال) قطعاً ہیچ ؛ حتمی طور پر ہیچ ۔

nothingness, n. عدم ؛ فنا ؛ ہیچ ہونے کی کیفیت ؛ عدمِ وجود یا جس کا وجود نہ ہو ، معدوم ہو ؛ لاشیئیت ؛ مدہوشی ، بے خبری ؛ عدم اہمیت ؛ خالی پن ، بے وقعتی ، فضول (جیسے تقریر یا

بغیر کھیلی جانے والی بازی سے متعلق ۔

notwithstanding, prep. باوجودیکہ ؛ رکاوٹ کے باوجود (جیسے : He went fishing notwithstanding the rainy weather) ؛ باوجود ؛ برخلاف ۔ (متعلّق فعل) تاہم ، بہرحال ، پھر بھی (جیسے : He will go not with standing) ۔ (عطف) اگرچہ ، ہرچند ؛ تاہم ؛ ازبسکہ ؛ اس کے باوجود کہ ؛ باوجودیکہ ۔

nougat, n. [فرانسیسی] شکر، شہد یا مکئی کے شربت سے تیّار کی ہوئی چپائی جانے والی مٹھائی ، جس میں گریوں کی کترن یا پھلوں کے ٹکڑے شامل ہوتے ہیں ؛ چبینہ ۔

nought, n., a., adv. دیکھیے : Naught ۔

noumenon, n. (فلسفہ) علّتِ مظہر ؛ مظاہر کی بنیاد جن کا حواس سے ادراک نہیں کیا جا سکتا لیکن جسے عملی شعور لازماً تسلیم کرتا ہے ؛ مظاہر کے برعکس کوئی چیز بذاتِ خود یعنی ذات شے ؛ عمانوئل کانٹ کے مطابق خالص ، غیر حسّی وجدان کا موضوع ؛ حقیقت شے ۔

noumenal, a. حقیقتِ شے کے متعلق ۔

noun, n. (گرامر) اسم وہ لفظ جو کسی شخص ، جگہ ، چیز ، حالت ، عمل ، خاصیت ، مقصد کو ظاہر کرتا ہے ، زیادہ تر کسی جملے یا فقرے کے لیے مناسب فعل یا لاحقے کے ، مفعول کے فاعل کی حیثیت سے ؛ نام ۔

nourish, v.t. کِھلا پِلا کر بڑا کرنا ؛ پرورش کرنا ؛ غذا بہم پہنچانا ؛ پالنا ، سہارا دینا ۔ (مجازاً) حوصلہ افزائی کرنا ؛ پرورش یا حفاظت کرنا ؛ آرام دینا ؛ فروغ دینا ۔

nourisher, n. پرورش کرنے والا ، قُوّت بخشنے والا ۔

nourishing, a. قُوّت بخش ، مقوی ۔

nourishment, n. غذا ، پرورش ، مقوی ؛ غذائیت ؛ تغذیہ ۔ (مجازاً) وہ جو کسی قسم کی نشوونما یا بالیدگی کو ترقی دے یا بڑھائے (جیسے : .intellectual nourishment) ۔

nous, n. (یونانی فلسفہ) ناؤس ؛ فراست ؛ ذہن اور دماغ ؛ بالخصوص ذہنی ادراک اور وجدان بخلاف حِسی ادراک کے ۔ (نوافلاطونیت) ادراکِ الٰہی ۔

nouvean riche, n. نو دولتیا ؛ جسے نئی نئی دولت ہاتھ آئے (بالعُموم بُرے معنی میں) ۔

nova, n. (فلکیات) نجم جدید ؛ وہ ستارہ جس کی شِدّت یکایک بڑھ جائے اور پھر کئی ہفتے بعد بتدریج دھیمی پڑ جائے ؛ نیا تارا ؛ نوتارا ؛ نیا ستارہ ۔

novaculite, n. (صخریات) سِلّی پتّھر ؛ ایک سخت ، گٹھی ہوئی چٹان جو غالباً گارے ، دُرد یا تلچھٹ سے بنتی ہے اور سِلّی یا سان بنانے کے کام آتی ہے ۔

novation, n. (قانون) تجدید ؛ سابقہ ذمہ داری کے بدلے میں نئی ذمہ داری ؛ بالعُموم اس طرح کہ کسی اور کو نیا مقروض یا نیا قرض خواہ بنانا ؛ استبدالِ مدیون ۔

novel, n. (ادب) ناول ؛ خاصا طویل افسانوی نثری قصہ جس میں کم و بیش پیچیدہ پلاٹ کے ساتھ حقیقی زندگی کے کردار، افعال اور مناظر پیش کیے جائیں ۔ (صفت) نئی قسم سے متعلق یا پہلے سے سُنی دیکھی چیز سے مختلف ؛ انوکھا ؛ نادِر ؛ غیر

تحریر) ۔

notice, n. اطلاع نامہ ؛ نوٹِس ؛ مشاہدہ کرنے ، دیکھنے یا رائے زنی کا عمل ؛ توجُہ (جیسے : a play worthy of notice) ؛ آگاہی ؛ اطلاع ؛ ہدایت ؛ حکم ؛ تحریری اعلان ؛ تنبیہ ؛ قبل از وقت اطلاع ؛ مطبوعہ خبر نامہ ؛ بورڈ یا پوسٹر ، توجہ یا اعتنا ؛ التفات ؛ معاہدے یا اقرار کے خاتمے کا رسمی اظہار یا بیان ؛ مختصر تنقیدی جائزہ ۔ (فعل متعدی) حیطۂ توجہ میں لانا ؛ مشاہدہ کرنا ؛ آگاہ ہونا ؛ تذکرہ کرنا ؛ کسی چیز کے بارے میں مشاہدات بیان کرنا ؛ توجہ اور اکرام سے سلوک کرنا ۔

noticeable, a. قابلِ توجُہ ، نمایاں ۔

noticeably, adv. نمایاں طور پر ۔

notification, n. اعلان نامہ ؛ اعلان ؛ اعلان کرنے یا نوٹس دینے کا عمل ؛ زبانی یا تحریری نوٹس ؛ وہ چیز جو اطلاع دے ، جیسے خط ،تار یا اشتہار ۔

notify, v.t. نوٹس دینا ؛ زبانی یا تحریری طور پر مطلع کرنا ۔ (زیادہ تر برطانوی) اظہار کرنا ، مطلع کرنا ؛ مشتہر کرنا ؛ اعلان کرنا ؛ اعلان میں درج کرنا ۔

notifier, n. اِطّلاع دینے والا ، معلِن ؛ مُشتہِر ۔

notion, n. عام تصور ؛ مبہم یا نامکمل تصور ، رائے ، نقطۂ نظر یا عقیدہ ؛ ارادہ (جیسے : the notion to go to town) ؛ انوکھا یا احمقانہ خیال یا وہم ؛ ترکیب ایجاد یا بدیع چیز ۔ (جمع) چھوٹی مفید اشیا جیسے پن ، سوئیاں ، ربن برائے فروخت جن کی نمایش کی گئی ہو ۔

notional, a. نظری ؛ تصوُری ؛ خیالی ، تجریدی ؛ تخمینی ؛ اوہام یا خیالات میں محو ؛ حوالہ دینے ، اظہارِ خیالات ، تصورات یا عقائد کے بارے میں ۔ (معنویات) ایسے لفظ سے متعلق جو مکمل اور واضح خیال ادا کرے ؛اظہاری ،برعکس علامتی ۔ (گرامر) لسانی طور پر لفظ کے بیانیہ معانی پر مبنی ؛ جس کے نسبتی کے بجائے مکمل لغوی معنی ہوں ؛ وہمی ؛ وسواسی ۔

notionality, n. تصوّریت ؛ تخیُل پرستی ، تجریدیت ؛ وہم پرستی ۔

notionally, adv. نظری طور پر ؛ تخیلانہ طور پر ؛ وہم پرستانہ انداز میں ۔

notochord, n. (حیاتیات) حبلِ ظہر ؛ چھڑی کی طرح جنینی عضو جو اعلیٰ قسم کے ریڑھ کی ہڈی رکھنے والے جانوروں کی قدیمی ریڑھ کی ہڈی ہے لیکن بعض ادنیٰ قسم کے حیوانات میں عمر بھر برقرار رہتی ہے ، جیسے ایمفی آکسَس نامی مچھلی میں ؛ پشت حبل ؛ پشت ریسمان ۔

notochordal, a. پُشت حبلی ؛ قدیمی ریڑھ کی ہڈّی رکھنے والے ۔

notorious, a. بدنام ؛ نامی؛ معروف یا عام طور پر معلوم لیکن جسے ناپسندیدہ خیال کیا جاتا ہے ۔

notoriously, adv. علانیہ ؛ بدنامی سے ۔

notoriousness, n. بدنامی ۔

notoriety, n. تشہیر ؛ بدنامی ۔

no-trump, n. (برج) بے ترُپ ؛ بدرنگی ؛ ایسی کوئی بھی بازی یا ہاتھ جو ترپ مقرر کیے بغیر کھیلا جائے ۔ (صفت) کوئی ترپ مقرر کیے

معمولی، نیا ، نرالا ، خصوصاً نمایاں یا دلچسپ پیرائے میں ۔

novelist, n. ناول نگار ؛ ناول نویس ۔

novelistic, a. ناول نویسی کا ؛ نرالے انداز کا ۔

novelette, novella, n. ناولٹ ؛ مختصر ناول ۔

novelize, v.t. ناول کی شکل میں مرتب یا پیش کرنا ۔

novelization, n. ناول کی شکل دینے کا عمل ؛ ناول کی تشکیل و ترتیب ۔

novella, n. (ادب) نثر میں ایک مختصر بیانیہ ، اکثر طنزیہ یا ناصحانہ ،بکیشیو (Boccaccio) کا Decameron ؛ ناولٹ ؛ چھوٹا ناول ۔

novelty, n. نُدرت ؛ انوکھا کردار ؛ نیا پن یا غرابت ؛ کوئی انوکھی بات یا چیز ؛ انوکھا تجربہ ؛ اختراع ؛ انوکھی کارروائی ؛ ابداع ، جدت ؛ نئی تجارتی چیز خصوصاً مزاحیہ یا آرایشی ، عموماً عارضی کشش کی حامل ؛ بدعت ۔

November, n. نومبر ؛ سال کا گیارہواں مہینہ جس کے تیس دن ہوتے ہیں ؛ اکتوبر کے بعد کا مہینہ ۔

November, n. مواصلات کے لیے اشارتی لفظ جو حرف N کو معیّن کرتا ہے ۔

novemdecillion, n. ایک بہت بڑا عدد جو امریکا اور فرانس میں اس طرح لکھا جاتا ہے جس میں ۱ کے بعد ۶۰ (ساٹھ) صفر ہوتے ہیں اور برطانیہ اور جرمنی میں ۱ کے بعد ۱۱۴ صفروں کے ساتھ لکھا جاتا ہے ۔

novena, n. (رومی کیتھولک کلیسا) نووینا ؛ ایسی عبادات یا خدمات جو مسلسل نو دن یا مسلسل نو مہینوں کے کسی خاص روز ادا کی جائیں (جیسے : a novena of nine first Fridays) ؛ نودنا ۔

novice, n. نوآموز ؛ نووارد ؛ نومرید ؛ کوئی شخص جو کسی ماحول میں نیا ہو ؛ جو کاروبار میں نووارد ہو ؛ مبتدی ۔ (کلیسیات) جس نے نیا نیا نصرانی مذہب اختیار کیا ہو ؛ نوعیسائی ؛ جو کسی مذہبی سلسلے میں نیا داخل ہوا ہو لیکن حلف نہ اٹھایا ہو ؛ اُمّیدوار راہب یا پادری ؛ اُمّیدوار ؛ مُبتدی ؛ ناآزمودہ کار ۔

novitiate, noviciate, n. نووارد ہونے کی حالت یا زمانہ ؛ کار آموزی ؛ نوآموزی ؛ اُمّیدواری ۔ (کلیسیات) کسی مذہبی سلسلے میں نووارد ہونے کا ایک سال یا کوئی اور مدت ؛ وہ مکان جس میں مذہبی نوآموز مقیم ہوں ۔

Novocain, n. (علمِ ادویہ) نووکین ؛ مخدر دوا ؛ جسم کے کسی حصے کو سُن کر دینے والی دوا ؛ پروکین ہائیڈروکلورائڈ (تجارتی نشان) ۔

now, adv. اب ؛ اس وقت یا اس لمحہ ؛ فوراً یا ایک دم ؛ جو لمحہ ابھی گزرا ہے ؛ اسی وقت یا موقع پر جو زیر نظر سلسلۂ کار کے دوران گزرا ہے (جیسے : night was now approaching) ؛ موجودہ اوقات میں یا آجکل ؛ موجودہ یا حالیہ حالات میں ؛ موجودہ صورت حال میں ؛ نہیں ، جبکہ حکم یا التماس پر زور دینا مقصود ہو (جیسے : Now, please don't) ۔ (عطف) اب جبکہ ؛ چونکہ ؛ یہ دیکھتے ہوئے کہ ۔ (اسم) زمانۂ حال ؛ موجودہ وقت ، موجودہ حالت ۔

now and again, ایک وقت اور اس کے بعد کے وقت ؛ اب اور پھر ؛ بار بار ۔

now that, چونکہ ؛ اب جبکہ ؛ یہ دیکھتے ہوئے کہ ۔

NOW account, کا مخفف Negotiable order of withdrawal account] سُودی بینکاری کھاتہ ، جو ذاتی کھاتے کا بدل ہوتا ہے ۔

nowadays, adv. اس وقت ، موجودہ وقت پر ؛ ان دنوں ، آج کل ۔

noway, noways , adv. کسی طرح نہیں ؛ کسی لحاظ سے بھی یا کسی حد تک بھی نہیں ؛ ہر گز نہیں ۔

nowhere, nowheres, adv. کہیں نہیں ؛ کسی جگہ پر/میں نہیں ؛ کسی طرف نہیں ؛ کہیں بھی نہیں (جیسے : a plant found nowhere else) ۔

nowither, adv. کسی مخصوص جگہ کو نہیں ؛ کہیں کو بھی نہیں ۔

nowise, adv. کسی طرح نہیں ؛ قطعاً نہیں ؛ ہر گز نہیں ۔

noxious, a. فاسِد ؛ مُضِر ؛ صحت یا جسمانی تندرستی کو نقصان دہ ؛ مضرت رساں (جیسے : noxious vapors,) ۔ ناموافق صحت ؛ اخلاقی طور پر نقصان دہ یا مذموم (جیسے : noxious teachings,) ۔

noxiously, adv. فاسدانہ ؛ مضر طور پر ؛ مخربانہ طور پر ۔

noxiousness, n. ضرر رسانی ؛ مضرت ، تخریب ؛ ناقص پن ۔

noyade, n. ڈبو کر ہلاک کرنے کا عمل ؛ غرقابی ؛ ہلاکت یا سزائے موت کا ایک طریقہ جو انقلاب فرانس کے عہد خُونریزی کے دوران رائج تھا ، خصوصاً Nantes کے مقام پر ۔

nozzle, n. ٹونٹی ؛ مُنہ ؛ کسی چیز کے آگے بڑھی ہوئی ٹونٹی ؛ نلکی کا سرا یا آخری حصہ جس سے کوئی چیز خارج ہوتی ہے ۔ (عوامی) ناک ؛ تھوتھنی ۔

nth, a. کسی سلسلہ کا اخیر یا انتہائی حصّہ ؛ بعید ترین ؛ بے حد ، پرلے سرے کی ۔

nu, n. یونانی حروف تہجی کا تیرھواں حرف ۔

nuance, n. درجہ ؛ وہ درجہ بندی جس میں کوئی رنگ ہلکی سے ہلکی صورت سے گہری سے گہری صورت تک پہنچتا ہے ؛ رنگ کا تاؤ بھاؤ ؛ رنگ کا درجہ یا تدریجی کیفیت ؛ معنی ، لہجہ یا احساس کا نازک یا دقیق درجہ ۔

nub, nubble, n. موٹھ یا ابھار ؛ آگے نکلی ہوئی کوئی چیز ؛ چھوٹا سا ٹکڑا یا ڈھیلا ۔ (بول چال) نقطہ یا لُبِّ لباب ؛ مغز ۔

nubbly, a. جس میں ٹکڑے یا ڈھیلے ہوں ؛ مغز دار ۔

nubbin, n. چھوٹا سا ڈھیلا ، گانٹھ یا کوئی اور چھوٹی شے ۔ (نباتیات) چھوٹی یا نامکمّل بالی یا خام پھل ۔

Nubian, a. نوبیائی ؛ نوبئی ؛ مصر کے جنوب میں بحیرۂ احمر کے کنارے افریقہ کے ایک علاقے نوبیا کے بارے میں یا اس سے متعلق ؛ اس علاقے کے باشندوں یا اُن کی زبان کا ۔ (اسم) نوبیا میں آباد مخلوط نسل کے

زنگی ؛ ان لوگوں کی بولی ؛ نوبیا کا باشندہ یا زنگی غلام ؛ نوبیا کا گھوڑا۔

nubile, a. بالغ (لڑکی) ؛ جسمانی بلوغ کی وہ عُمر یا درجہ جس میں کوئی کنواری لڑکی یا عورت شادی کے لائق ہو ؛ قابلِ ازدواج۔

nubility, n. بُلُوغت ؛ اُٹھان ؛ قابلِ شادی ہونے کی حالت۔

nubilous, a. ابر آلود ؛ غبار آلود ؛ کہرِیلا ؛ کہر آلود ؛ مبہم ؛ غیر معیّن۔

nucellus, n. (نباتیات) پوپلیا ؛ پوپلچہ ؛ تُخم کا مرکزی حصّہ جس میں جنین کی تھیلی ہوتی ہے ؛ جِسم مبیّض ؛ قلب ؛ اصل ؛ مغز ؛ گُودا ؛ گری۔

nucellar, a. مبیّضی۔

nucha, n. گردن کی پشت ؛ گُدی ؛ نخاع ؛ قفا۔

nuchal, a. قفائی ؛ گُدی کا ؛ پشت گردن کا۔ (حشریات) سینہ کی پشت پر واقع جیسے بعض نشانات۔

nuciform, a. (نباتیات) جوز شکل ؛ سخته نُما ؛ جوز یا سخته سے مشابه ؛ جوز یا کسی گِری دار میوے ، اخروٹ وغیرہ کی شکل کا۔

nuclear, nucleal, a. (حیاتیات) نیوکلیائی ؛ نواتی ؛ مرکزائی؛ جوہری؛ مرکزے کے بارے میں یا اس پر مشتمل۔ (طبیعیات) ایٹمی/جوہری مرکزے کے استعمال یا عمل سے متعلق (جیسے : nuclear fission)؛ وہ جو جوہری قُوّت سے چلتا ہے (جیسے : a nuclear power station)؛ ایٹمی /جوہری ہتھیاروں کے بارے میں یا ان کے استعمال یا مِلکیت سے متعلق۔

nuclear energy, n. دیکھیے : atomic energy۔

nuclear family, مرکزی خاندان ؛ بنیادی خاندان ؛ شوہر بیوی اور بچوں پر مشتمل خاندان۔

nuclear force, n. جوہری قُوّت ؛ نیوکلیونوں کے مابین دھماکا خیز تعامل جو جوہری مرکزوں کو آپس میں جوڑے رکھتا ہے۔

nuclear physics, n. جوہری طبیعیات ؛ نووی طبیعیات ؛ نواتی طبیعیات ؛ طبیعیات کی ایک شاخ جو ایٹمی مرکزوں ، ان کی خاصیتوں ، ہیئت اور اجزائے ترکیبی اور ان قوتوں سے تعلق رکھتی ہے جو جوہری تبدیلیوں سے رونما ہوں۔

nuclear physicist, atomic physicist, n. ماہرِ جوہری طبیعیات ؛ عالِمِ جوہری طبیعیات۔

nuclease, n. (حیاتی کیمیا) نوکلیز ؛ وہ خامرہ (enzyme) جو نیوکلائی تیزابوں کو توڑ دیتا ہے یا آب پاشیدگی کرتا ہے۔

nucleate, v.t. مرکزے کی شکل دینا ؛ مرکزہ بنانا ؛ نوات دار بنانا ؛ مرکزہ دار کرنا۔ (فعل لازم) مرکزہ بننا یا اس کے گرد جمع ہونا۔ (صفت) نوات دار ؛ مرکزہ دار ؛ نواتی ؛ مرکزیائی۔

nucleation, n. مرکزہ بنانے کا عمل ؛ تشکیلِ مرکزہ۔

nucleation particles, n. مرکزی ذرات ؛ خُرد بینی نمکی ذرات یا فضا میں دوسرے ذرات جو بارش کے قطروں کا مرکز بنتے ہیں۔

nucleic acid, n. نیوکلیک/مرکزائی تیزاب ؛ ایک پیچیدہ نامیاتی مرکب جو توریث کے عمل میں اور زندہ خلیوں کے استحالے کے انضباط میں اہم ہوتا ہے ، یہ فاسفورسی تیزابوں ، پیورائن یا پائیرو میڈائن اور کاربوہائیڈریٹ خصوصاً شکری مادّوں پر مشتمل ہوتا ہے یا ان سے ترکیب پاتا ہے۔

nuclein, n. (حیاتی کیمیا) نکلین ؛ نووین ؛ خلیاتی مرکزوں میں فاسفورس کے حامل لحمی مادوں کی کوئی بھی قسم۔

nucleic, a. نووینی ؛ نکلینی۔

nucleolus, nucleole, n. (حیاتیات) درنوات ؛ نوات درنوات ؛ نواتک ؛ نوات صغیر؛لونیے کے علاوہ کسی خلیہ کے مرکزے میں ایک منظم ، نمایاں گول جسم۔

nucleolar, nucleoloid, a. درنواتی ؛ درمرکزائی ؛ نواتیتی۔

nucleolate, nucleoated, a. درنوات دار ؛ قطرۂ تیل دار۔

nucleon, n. (طبیعیات) نوویہ (قلبیہ یا عدلیہ) ؛ نیوکلیون : ایٹمی مرکزے میں ایک عنصری ذرہ خصوصاً پروٹون یا نیوٹرون۔

nucleonics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) عِلم نواتات ؛ نواتیات ؛ مرکزیات یا جوہری طبیعیات کے متعلق سائنس۔

nucleoplasm, n. (حیاتیات) نوات مایہ ؛ خلیاتی مرکز کا نخزمایہ یا مادۂ اولیہ۔

nucleoplasmatic, nucleoplasmic, a. نوات مائی ؛ نخزمائی ؛ مادۂ حیاتی۔

nucleoprotein,nuclein, n. (حیاتیات) نوات لحمیہ ؛ نوات پروٹین ؛ ایک تزویجی لحمیہ جو پروٹین اور کسی مرکزائی تیزاب کا آمیزہ ہوتا ہے اور زندہ خلیوں میں پایا جاتا ہے ، جین اور وائرسوں کا اہم جزو۔

nucleoside, n. (حیاتی کیمیا) نیوکلیو سائیڈ ؛ پائری میڈائن یا پیورین کی اساس ، فاسفورسی گروہ اور پینٹوز نیوکلیک ایسڈ کا مُرکب۔

nucleosynthesis, n. مرکزی ترکیب ؛ جوہری ترکیب ؛ ہائیڈروجن کے مرکزوں یا پروٹانوں سے کیمیائی عناصر پیدا کرنے کا عمل۔

nucleotide, n. (کیمیا) نیوکلیو ٹائیڈ ؛ فارسفوری لیٹڈ ایسٹر یا نیوکلیوسائیڈ سے ماخوذ۔

nucleus, n. مرکزہ ؛ نوات ؛ مرکز ؛ مرکز عصبی ؛ گودا ؛ گری ؛ مغز ؛ کسی چیز کا مرکزی حصہ جس کے گرد دوسرے حصے مجتمع ہوں ، کوئی چیز جو مرکزی ، اساسی یا ابتدائی حیثیت رکھتی ہو ؛ ارتقا ، نشوونما کا ماخذ یا مرکز ؛ مغز ، تخم۔ (حیاتیات) تمام زندہ خلیوں کے اندر موجود عموماً مادۂ اُولیٰ کا گول جسم جو خلیوں کی اہم سرگرمیوں جیسے نشوونما ، استحالہ ، مادہ حیات کے تحلیل و جذب ہونے اور توالُد کے لیے ضروری ہے ؛ نوات خلیہ مایہ۔ (تشریح الاعضا) دماغ اور ریڑھ کی ہڈی میں عروقی خلیوں پر مشتمل بُھورا مادّہ۔ (فلکیات) کہکشاں یا دُمدار ستارے کے سر کا زیادہ کثیف حصہ۔ (طبیعیات) ایٹم/جوہر کا سب سے کثیف حصہ جس پر مثبت بار ہوتا ہے اور جس کے گرد برقیے (الیکٹرون) مجتمع ہوتے ہیں جو منفی بار کے حامل ہوتے ہیں۔ (کیمیا) جوہروں (ایٹموں) کی ترتیب یا گروہ جیسے بینزین کا حلقہ جو دوسرے ایٹموں کے ساتھ مل کر اپنی اصلی ہیئت کھوئے بغیر مرکبات بناتے ہیں۔

nuclide, n. (طبیعیات) نیوکلائیڈ ؛ کسی خاص جوہری عدد ، کمیتی نمبر اور توانائی کا حامل ایٹم جو ایک قابل پیمایش یا قابل شمار مدت تک زندہ رہتا ہے اور واضح یا ممتاز مرکزی ساخت رکھتا ہے ۔

nude, a. ننگا ؛ عریاں ؛ برہنہ ؛ جو لباس یا پوشاک سے عاری ہو ؛ انسان کے بدن کا ہمرنگ ۔ (قانون) کسی قانونی تقاضے کی عدم موجودگی کا مظہر ؛ واضح ؛ باطل ۔ (اسم) فن کی کسی بھی شکل میں برہنہ جسم کی نقاشی ؛ لباس سے بیگانہ جسم انسانی ؛ عریانی ؛ جلد کا رنگ ۔

nudely, adv. برہنگی سے ؛ عریانی سے ۔

nudeness, n. ننگا پن ؛ برہنگی ؛ عریانی ۔

nudity, n. عریانی کی حالت ؛ برہنگی ؛ غیر پوشیدہ حصّہ ۔

nudge, n. ٹھوکا ؛ ہلکا سا ٹھیلا جیسے کہنی سے ۔ (فعل متعدی) ہاتھ ، کہنی یا پیر کے اشارے یا جُنبش سے سمجھانا ؛ ٹھوکا دینا ۔

nudger, n. کُہنی مارنے والا ؛ ٹھوکا دینے والا ۔

nudicaulous, nudicaul, a. (نباتیات) بغیر پتّوں کے تنوں کا حامل ؛ لُنڈ مُنڈ ؛ ٹُھنڈ ؛ عریاں ساقہ ؛ بے برگہ ۔

nudism, n. عریانیت ؛ نظریۂ عریانیت ؛ تندرست زندگی کے لیے برہنگی اختیار کرنے کا عمل ۔

nudist, n., a. برہنگی اختیار کرنے والا ؛ نظریۂ عریانیت کا پرستار ؛ عریانیت پسند ۔

nugatory, a. خفیف ؛ ناکارہ ؛ بیکار ؛ غیراہم ؛ فضول ، بودا ؛ لاحاصل ؛ ہیچ ؛ پوچ ؛ نکّما ؛ بے فائدہ ؛ بے اثر ؛ بے تاثیر ۔

nugget, n. ڈلا ؛ کسی چیز کا ڈھیلا یا ڈلا (خصوصاً کچّے سونے کا) ۔

nugetty, a. ڈلے دار ؛ ڈھیلوں والا ؛ ڈھیلوں کا حامل ۔

nuisance, n. مخل ؛ وبال ؛ کوئی چیز یا شخص جو دِق کرے یا ناگوار گزرے ؛ جو چیز نفرت انگیز اور جھلاہٹ پیدا کرنے والی ہو ؛ وبا ، بلا ۔ (قانون) ایسی پریشان کن بات جو کسی شخص یا جماعت کے قانونی حقوق میں دخل انداز ہو ؛ امر باعث تکلیف ؛ مضر شے ؛ ناگوار ؛ وبالِ جان ۔

nuisance tax, n. ناگوار محصول ؛ اشیائے صرف یا خدمات پر عائد کردہ قلیل ٹیکس/محصول ۔

nuisance value, n. ناگوار حیثیت ؛ وہ حیثیت جو دوسروں کے لیے ناگوار خاطر ہو ؛ وبال جان کے طور پر موجود ۔

null, a. معدوم ، باطل ؛ جس کی قانوناً یا لازماً پابندی واجب نہ ہو ؛ القط ، بے اثر ، باطل ، ساقط ، بے قیمت ، جس میں کوئی نمایاں وضع یا انفرادیت نہ ہو ؛ اظہار سے عاری ؛ صفر یا غیر موجود ۔

null and void, کالعدم ؛ بے اثر ؛ جس میں کوئی قانونی یا لازمی اثر نہ ہو ؛ ساقط ؛ منسوخ ۔

nullah, n. [اردو : نالہ] نالہ ، گھاٹی ، ندی کی خشک رہگزر ؛ ندی نالا ۔

nullification, n. تنسیخ ؛ ابطال ؛ منسوخی ؛ ساقط ، باطل یا کالعدم کرنے کا عمل ۔ (امریکی تاریخ) مطلق ریاستی حاکمیت کے مفروضہ کے تحت کسی ریاست کا اپنی حدود میں رہ کر کسی وفاقی قانون کو ساقط العمل/غیر نافذ قرار دینے کا عمل ؛ اعدام ؛ سقوط ؛ اسقاط ۔

nullificationist, n. ناسِخ ؛ منسوخ کرنے والا ؛ ریاستی حاکمیت کا قائل شخص ۔

nullify, v.t. ساقط کرنا ؛ قانوناً باطل/غیر نافذ کرنا یا قرار دینا ؛ غیر مؤثر ، ناکارہ یا غیراہم قرار دینا ؛ باطِل کرنا ؛ کالعدم قرار دینا ؛ باطِل قرار دینا ۔

nullifier, n. ساقط کرنے والا ؛ کالعدم کرنے والا ۔

nullity, n. معدومیت ؛ معدوم یا باطل ہونے کی حالت ؛ لا شیئیت ، نیستی ، لاموجودیت ؛ بے ضابطگی ؛ قانوناً بے ضابطہ یا بے اثر ہونے کی کیفیت ؛ کوئی چیز جو کالعدم ہو ؛ خصوصاً جس کا کوئی قانونی جواز یا اثر نہ ہو ۔

numb, a. سُن ؛ بے حِس ؛ جسمانی حِس یا احساس کے بغیر ؛ حرکت کرنے سے معذور ؛ سست ؛ ٹھٹھرا ہُوا ۔ (فعل متعدی) سُن یا بے حِس کرنا ۔

numbly, adv. بے حسّی کے ساتھ ۔

numbness, n. بے حسّی ، سُن ہونے کی کیفیت ۔

numbing, a. سُن کرنے والا یا بے حِس کرنے والا ۔

numbingly, adv. بے حس کرتے ہوئے ۔

number, n. عدد ؛ تعداد ؛ نمبر ؛ بہت سی اکائیوں کا کل مجموعہ یا اجتماع ؛ لفظ ، علامت یا الفاظ وعلامات کا مجموعہ جو گنتی یا میزان ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہو ؛ وہ تصوُّر جو کسی عددی نظام کی علامت سے وابستہ ہو ؛ کسی سلسلے میں مقام کے تعیُّن کے لیے کسی چیز کا مقرر کردہ عدد (جیسے : the license number of an automobile) ؛ بعض چیزوں کا سلسلہ جسے اعداد سے ظاہر کیا جائے ؛ کسی مجموعے یا گروہ کا کل شمار ؛ افراد کی کل مقدار یا تعداد ؛ ایسا مجموعہ ، گروہ یا مقدار جس کا پورا پورا شمار نہ کیا گیا ہو لیکن عموماً زیادہ ہو (جیسے : She has a number of hats) ؛ مقدار جو اکائیوں پر مشتمل ہو (The difference between many and few is a matter of number.) ؛ کسی جریدے کا ایک شمارہ یا سلسلے وار کتاب کا ایک حصہ ؛ نظموں اور گیتوں کے مجموعے میں سے کوئی ؛ وسیع موسیقانہ بندش کا ایک حصّہ ؛ کئی حصوں پر مشتمل پروگرام کا حصّہ ۔ (تھیٹر) اسٹیج شو میں واحد پیش کش یا معمول ؛ موسیقی یا فنِ رقّاصی کی ترتیب ، وزن جیسے شعر یا موسیقی میں ۔ (عوامی) تجارتی چیز یا شعبہ ؛ کوئی شخص ، خصوصاً کوئی عورت (جیسے : His girl is a cute number) ؛ ریاضی بحیثیت ایک نظام فکر ۔ (بعض اوقات جمع) عددی قُوّت یا فوقیت ۔ (گرامر) زبان کی خاصیت جو یہ بتاتی ہے کہ کوئی لفظ ایک ، دو یا دو سے زائد اعداد کی نشاندہی کرتا ہے اور انگریزی میں ایک یا زیادہ اعداد کی نشاندہی کرتا ہے ۔ (جمع) متعدد ؛ لوگوں یا چیزوں کا خاصا کثیر اجتماع ۔

number, v.t. تعداد معلوم کرنا ؛ (تعداد کا) تعیُّن کرنا ؛ جانچنا ؛ گننا ؛ نمبر لگانا ؛ یکے بعد دیگرے شمار کرنا ؛ شمار کرنا ؛ تعداد کو مقرر کرنا یا محدود یا کم کرنا ؛ کسی گروہ میں شامل کرنا ؛ عدد یا اعداد سے رہایش پذیری کی نشان دہی کرنا (جیسے : Grand father numbered 87 years in this valley) ؛ تعداد رکھنا یا اس پر مشتمل ہونا

(جیسے :- The city numbers a million inhabitants.) ؛ تعداد ہونا (جیسے : The crew number 50 man)-(فعل لازم)شمارکرنا ؛ شمار یا محسوب ہونا (جس کے بعد with یا among آتا ہے)؛ بلانا/پکارنا یا گننا جس کے بعد عموماً off آتا ہے ۔

any number of, بہت سے ؛ بڑی مقدار میں ۔

get one's number, have one's number, (عوامی) کسی شخص اوراس کے منشا/مقاصد کے پوشیدہ پہلوؤں کا پتا چلانا۔

number one, (اکثر بڑے N سے) (عوامی) اپنے تئیں ، خود۔

one's number is up, (عوامی) خوش قسمتی سے محروم ہونا ؛ ناکام ہونا یا مرنے کے قریب ہونا۔

without number, beyond number, بے شمار ، اَن گنت ، بے حساب۔

numberable, a. قابلِ شمار ؛ جو گنا جا سکے ؛ شمار پذیر۔

numberer, n. گنتی کرنے والا ؛ شمار کُنندہ ؛ شمارندہ۔

numberless, a. بے شمار ؛ لا تعداد ؛ ان گنت ؛ بے حساب ۔

numbers,numbers game, numbers pool, n. (عوامی) غیر قانونی لاٹری جس میں کوئی شخص کسی روزنامے میں خاص نمبر نکلنے کی شرط لگاتا ہے جیسے اسٹاک ایکسچینج کوٹیشن (بولی) یا دیگر شماریاتی فہرست میں ۔

numbfish, n. سُن ماہی ؛ ایک برقی شعاع والی مچھلی ، برق ماہی ؛ جو بجلی کے جھٹکوں سے شکار کو سُن کرنے کی اہلیت رکھتی ہے۔

numbskull, n. دیکھیے : Numskull –

numen, n. ایسی (پراسرار) روح ، بالخصوص جو کسی چیز یا کسی مقام میں حلول کر جائے یا جو مقامی طور پر سایہ فگن ہو۔

numerable, a. شمار پذیر ؛ قابلِ شمار ، جوگنا جا سکے ۔

numerableness, n. قابلِ شمار ہونے کی حالت ؛ شمار پذیری ۔

numerably, adv. گنتی کے حساب سے ، قابلِ شمار طور پر۔

numeral, a. عددی ؛ ہندسی ؛ عدد سے متعلق یا اس پر مشتمل ؛ عددی ؛ جو شمار ظاہر کرے ؛ عدد کا اظہار کرنے والا ؛ شماری ۔ (اسم) ہندسہ ؛ علامت ؛ شکل ، حرف یا اشکال کا مجموعہ جو تعداد ظاہر کرے ۔ (جمع) وہ اعداد جو ہائی اسکول ، کالج یا دوسری کلاسوں کے مدارج ظاہر کرتے ہیں ؛ اسم عدد ؛ عدد ۔

numerally, adv. عددی طور پر۔

numerate, v.t. گننا ، شمار کرنا ؛ عددی علامات یا اظہار کو الفاظ میں پڑھنا ۔

numeration, n. عدد ؛ شمار ؛ شمار یا جمع حساب کرنے کا عمل یا ڈھنگ ؛ طریقِ شماریا حساب ؛ عددی علامات سے اس عدد کا اظہار جو الفاظ میں بیان کیا گیا ہو؛ کسی عددی علامت کا الفاظ میں اظہار؛ گنتی؛ عددی شمار؛ عِلمِ حساب ؛ تعداد؛ عدد نویسی ؛ تسمیۂ اعداد ۔

numerator, n. شمار کُنندہ ؛ کسی کسر میں خط کے اوپر دی ہوئی رقم یا عدد جو نسب نُما سے حاصل شدہ اکائیاں ظاہر کرتے ہیں ؛ شُمار کنندہ جیسے مردم شماری کرنے والا؛ شُمارندہ ۔

numerical, a. عددی ؛ رقمی ؛ شماری ؛ عدد یا اعداد سے متعلق یا اُن سے ظاہر شدہ یا ظاہر کرنے والا ؛ حروف کے بجائے عدد یا اعداد سے ظاہر کردہ ۔ (ریاضی) مطلق قدر کا مظہر ؛ تعدادی ۔

numerology, n. (عِلمُ الاعداد) کسی فردکی زندگی پر اعداد کا پُر اسرار اثر ہونے کا عقیدہ ۔

numerous, a. کثیر؛ متعدّد ؛ کثیر التعداد اکائیوں یا افراد پر مشتمل ؛ بہت ؛ زیادہ ؛ وافر؛ بہ افراط ۔

numerosity, numerousness, n. کثرت ؛ تعدّد ؛ افراط ؛ بہتات ۔

numerously, adv. کثرت سے ؛ افراط سے ۔

numinous, a. دیوتائی ؛ پُراسرار روح کا یا اس سے متعلق یا مماثل ، مقدّس ؛ رُوحانی ؛ مافوقُ الفطرت ، الوہیت سے معمور ؛ احترام ، حیرت یا استعجاب پیدا کرنے والا ، پُر اسرار ؛ جس کی کُنہ دریافت نہ ہوسکے ۔

numismatic, numismatical, a. مسکو کی؛ مسکوکاتی؛ سکّوں ، تمغوں اور اسی قسم کی دیگر اشیا کا یا اُن سے متعلّق؛ علم مسکوکات سے متعلق ۔

numismatics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) مسکوکیات؛ علم مسکُوکات؛ نادر سکوں ، تمغوں اور متعلقه اشیا کی ذخیرہ کاری یا مطالعه؛ سکّہ شناسی ۔

numismatically, adv. بلحاظ علمِ مسکوکات؛ سکّہ شناسی کے طور پر۔

numismatist, n. عالمِ مسکوکات؛ ماہرِ مسکوکات؛ سِکّوں کا ماہر؛ سِکّہ شناس ۔

nummary, a. سِکّوں سے متعلق یا سِکّوں کے بارے میں ؛ سِکّوں کا لین دین کرنے والا ۔

nummular, a. سکّئی ؛ سکوی ؛ سِکّے کی شکل کا یا سِکّوں، نقدی اور اسی قسم کی دیگر اشیا کے بارے میں یا اُن سے متعلق ؛ سِکّہ نُما ۔

numskull, numbskull, n. احمق ؛ گاؤدی شخص ؛ ابله ؛ کودن ؛ اُوت ؛ کوڑھ مغز۔

nun, n. نَن ؛ راہبہ ؛ وہ عورت جو خود کو دینی زندگی کے لیے وقف کر دے اور خانقاہ یا رباطِ راہبات میں یہ حلف اُٹھاتے ہوئے رہے کہ وہ ہمیشہ ناکتخدائی، فرمان برداری اور عُسرت کی زندگی گزارے گی ۔ (طیوریات) کبوتروں کی متعدد اقسام میں سے کوئی قسم ۔

nuncio, n. سفیر اُسقف ؛ کسی ایسے ملک میں پوپ/ اُسقُفِ اعظم کا سفیر جس کے ساتھ ویٹیکن /پاپائی حکومت کے مستقل سفارتی تعلقات ہوں ۔ دیکھیے : apotolic delegate, legate –

nunciature, n. پاپائے اعظم کی سفارت کا عہدہ یا مُدّتِ عہدہ ۔

nuncupative, a. (قانون) زبانی ؛ زبانی نہ کہ تحریری ، خصوصاً وصیّت اور دوسرے واجب التعمیل قانونی معاہدات۔

nunnery, n. رباطِ راہبات ؛ خانقاہ جس میں راہبات رہتی ہیں۔

nuptial, a. ازدواجی ؛ عروسی ؛ شادی سے متعلق ؛ شادی کی رسوم یا رواج کا نقشہ پیش کرنے والا ۔ (اسم) (عموماً جمع) شادی بیاہ ۔

nuptially, adv. شادی بیاہ سے متعلق ؛ عروسانہ ؛

ازدواجی طور پر۔

nuptial plumage, breeding plumage n. (طیوریات) عروسی کلغی ؛ جفتی کھانے کے موسم میں بعض قسم کے نر پرندوں کی زیادہ رنگین اور دلکش کلغی۔

nurse, n. دایہ ؛ نرس ؛ انّا ؛ تیماردار ؛ وہ فرد جو بیماروں یا کمزور لوگوں کی دیکھ بھال کرے ، خصوصاً ایسا فرد جس نے اِس کی تربیت حاصل کی ہو ؛ عورت جو کسی اور کے بچوں کی دیکھ بھال کرے ؛ وہ عورت جو کسی بچے کو دودھ پلانے کے لیے ملازم رکھی جائے (رضاعی ماں) (جیسے : a wet nurse)۔ (مجازاً) بچّوں کی دیکھ بھال ، پرورش ، پالن یا حفاظت کرنے والی ۔ (حشریات) ایک کیڑا جس کا واحد کام یہ ہے کہ وہ کیٹر بستی کے بچوں کی دیکھ بھال کرے ۔ (فعل متعدی) بچپن میں کھلانا پلانا یا دیکھ بھال کرنا ، دودھ پلانا ، پالنا پوسنا ، بیماری اور ناتوانانی میں ؛ نشوونما اور تقویت پہنچانے کے لیے دیکھ بھال کرنا ؛ احتیاط و کفایت کا اہتمام کرنا اضافے کی غرض سے (جیسے : to nurse one's slender resources) ؛ علاج کی کوشش کرنا (جیسے : to nurse an indisposition) ؛ احتیاط سے نمٹانا ؛ دل میں رکھنا (جیسے : to nurse a grievance)۔ (بلئیرڈ) کئی دہرے ٹکراؤ (caroms) کے لیے گیندوں کو جمع رکھنا ۔ (فعل لازم) نرس کی خدمات انجام دینا ؛ دودھ پلانا ؛چھاتی سے دودھ پلانا۔

nurser, n. بچّوں کی دیکھ بھال کرنے والا/والی ؛ پرورش کُنندہ شخص۔

nursemaid, nurserymaid, n. نرس/آیا جو بچّوں کی نگرانی کے لیے مقرر کی جائے۔

nursery, n. نرسری ؛ گہوارہ ؛ پود گاہ ؛ ذخیرہ ؛ وہ جگہ جو بچوں کے لیے مختص ہو ؛ چھوٹے بچوں کا اسکول ؛ نرسری اسکول ۔ (گلبانی) وہ جگہ جہاں دوسرے مقام پر لگانے یا فروخت کی غرض سے بیجوں کے ذریعے یا دیگر طریقوں سے درخت ، بوٹے اور پھول دار پودے اگائے جاتے ہیں ؛ پود گھر۔

nurseryman, n. مالِک پود گاہ ؛ نرسری کا مالک یا پود گھر میں کام کرنے والا ؛ جو پودے اگانے کا کام کرتا ہے۔

nursery rhyme, n. لوری ؛ گہوارہ گیت ؛ بچّوں کے لیے مقفّیٰ نظم ؛ منظوم طِفل کہانی ؛ کہانی جو نظم میں بچوں کے لیے لکھی جائے۔

nursery school, n. نرسری اسکول ؛ گہوارہ مکتب ؛ مدرسۂ اطفال ؛ ایسے بچوں کا مدرسہ جو کنڈر گارڈن میں داخلے کے لیے کم عمر ہوں۔

nursing bottle, n. ایسی بوتل جس میں چُسنی لگی ہوتی ہے اور جو شیر خوار بچوں کو دودھ یا دوسری رقیق چیزیں پلانے کے کام آتی ہے ؛ دودھ کی بوتل۔

nursing station, n. (کینیڈا) ایک چھوٹا ہنگامی ہسپتال جہاں نرسیں اور ڈاکٹر ہر وقت موجود ہوتے ہیں۔

nursling, nurseling, n. جس کی دیکھ بھال کی جائے ؛ نومولود بچّہ یا جانور ؛ دودھ پیتا بچّہ ؛ شِیر خوار بچّہ۔

nurture, n. پرورش ؛ دیکھ بھال کرنے یا پالنے پوسنے کا عمل ؛ تعلیم و تربیت ؛ وہ جو نشوونما کرے ؛ خوراک (حیاتیات) غیر موروثی اثرات جو اِستقرارِ حمل کے بعد کسی نامیے کی اصلاح کرتے ہیں ؛ تغذیہ ۔ (فعل متعدی) پالنا پوسنا ؛ تعلیم دینا ؛ تربیت کرنا یا پروان چڑھانا۔

nurturer, n. تربیت کُنندہ ؛ پرورش کرنے والا ، تعلیم دینے والا ؛ تربیت دینے والا۔

nut, n. (نباتیات) جوز ؛ وہ پھل جس کی چوبی یا چرمی چھال کے اندر خوردنی مغز ہوتا ہے ؛ بذاتہ مغز یا گری ؛ بادام ، مغز ؛ اخروٹ ؛ سخت ، کڑا ایک بیجا پھل ، جیسے شاہ بلوط یا کسیرو۔ (مجازاً) کوئی چیز جس سے سخت ، کڑے اخروٹ کا خیال پیدا ہو ؛ جسے تحلیل کرنا مشکل ہو ، جیسے مشکل سوال ۔ (عوامی) سر ؛ کوڑھ مغز ، گاؤدی شخص ؛ بڑا جوشیلا شخص ؛ خفیہ ؛ دھات کا سوراخ دار کُندا تاکہ چٹخنی کے سرے کو پیچ سے کسا جا سکے ۔ (موسیقی) وائلن کی قسم کے سازوں کے اوپری حصّے پر آبنوس جیسا ٹکڑا جس کے اوپر سے تار گزرتا ہے ؛ کمان کے نچلے سرے پر اِدھر اُدھر سرکنے والا ٹکڑا جس سے بال ڈھیلے کیے جا سکیں یا کسے جا سکیں ۔ (جمع) واہیات ؛ بکواس ۔ (فعل لازم) جوز ڈھونڈھنا یا جمع کرنا ؛ مغز نکالنا۔

nutant, a. (نباتیات) خمیدہ ؛ جُھکا ہوا ۔ (حشریات) آویزاں ؛ لٹکا ہوا۔

nutation, n. جنبشِ سر ؛ سَر دُھننا ، عموماً اضطراری حالت میں ۔ (فلکیات) زمین کے محور کا خفیف اہتزاز یا جنبش ؛ اہتزاز محوری ؛رقصِ محوری ۔ (نباتیات) پودے کے کسی حصے کی نشوونما کے دوران طرفی جنبش۔

nutational, a. مائل بہ خمیدگی یا کجی ؛ جُنبشی ؛ اہتزازی۔

nutbrown, a. بھورا ؛ خاکی جیسے پکّا اخروٹ ؛ فندقی (رنگ) ؛ سانولا ؛ گہرا گندمی یا بادامی رنگ۔

nutcracker, n. سَروتا ؛ جوز کترا ؛سخت چھلکے والے پھل جیسے بادام یا اخروٹ توڑنے کا زنبور۔ (طیوریات) کاگ ؛ کوّے کے خاندان اور نوسی فیگا (Nucifaga) جنس کا بھوری چتّیوں والا پرندہ۔

nuthatch, n. (طیوریات) جوز پھوڑ ؛ خازن البندق ؛ ستی وائی خاندان کے گل پُھلے پرندے جن کی لمبی چونچ اور ٹُنڈ منڈ دُم ہوتی ہے اور جو عادتاً درخت کے تنے پر سر کے بل اُترتا ہے اور کیڑے مکوڑے کھاتا ہے ؛ جوز خورا۔

nutlet, n. جوزک ؛ سختک ؛ چھوٹا اخروٹ ؛ اخروٹ جیسا چھوٹا سا پھل یا بیج ؛ گری دار پھل کی گری۔

nutmeg, n. جوزینک ؛ جائفل ؛ شرق الہند میں پائے جانے والے ایک درخت کا سخت خوشبودار بیج جسے مسالے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ اس پھل کا درخت ؛ جائفل ، جوز بویا ؛ جوز الطیب ؛ بعض اسی یا ایسی ہی جنس کے درختوں کی مماثل پیداوار۔

nutmeg melon, n. سردے کی ایک قسم جس کا چھلکا قدرے نرم ، سطح جالی دار اور گودا میٹھا اور سبز ہوتا ہے۔

nutpick, n. مغزبرار ؛ گری برآور ؛ تیز نوک کا ایک چھوٹا سا اوزار جس سے اخروٹوں کی نرم گری نکالی جاتی ہے۔

nutpine, n. دیکھیے : Pinon۔

nutria, n. اُودبلاؤ کی نرم بھوری پشم کا تجارتی

نام ؛ بعض اوقات اسے رنگ کر سمور سنجاب کی شکل دی جاتی ہے ۔

nutrient, a. مقوّی ؛ مغذّی ؛ غذا بردار ؛ غذائیت سے بھر پور ؛ غذا بخش ؛ غذائی ۔ (اسم) غذا کا کام دینے والی کوئی چیز ؛ کوئی مقوی چیز ۔

nutriment, n. خوراک ؛ غذائی چیز ؛ جو پروان چڑھائے/نشوونما دے ؛ غذا ؛ کوئی چیز جو جاندار جسم میں پہنچ کر جینے اور پروان چڑھنے میں مدد کرے اور فرسودہ بافتوں کی جگہ تازہ بافتیں فراہم کرے ۔

nutrimental, a. مقوی غذا کے بارے میں ؛ غذا بخش ۔

nutrition, n. تغذیہ ؛ غذائیت ؛ وہ عمل یا طریقہ جس سے جاندار چیز خواہ وہ پودا ہو یا حیوان اپنے اندر مناسب خوراک جذب کرتے ہیں ؛ غذا کو ہضم کرکے نسیجوں یا بافتوں میں منتقل کرنے کا عمل ؛ اس عمل کا مطالعہ ؛ عِلمُ الغذا ؛ غذائی یا مقوّی چیز ۔

nutritional, a. غذائی ؛ غذائیت سے متعلق ۔

nutritionally, adv. غذا بخش طور سے ؛ غذائی طور پر ۔

nutritionist, n. ماہرِ غذائیت ؛ وہ شخص جو غذا کے علم میں تخصیص حاصل کرے ؛ ماہرِ عِلمُ الغذا ؛ ماہر غذائیات ۔

nutritious, a. مُقوّی ؛ مغذّی ؛ جس میں غذائیت زیادہ ہو ؛ نشوونما کی صلاحیت بڑھانے والی غذا ؛ جو فرسودہ بافتوں کی جگہ تازہ بافتیں پیدا کرے اور قوت بہم پہنچائے ؛ غذائیت بخش ؛ پرورندہ ؛ قوت بخش ۔

nutritiously, adv. غذائیت بخش طور پر ۔

nutritiousness, n. غذائیت ؛ مقوّیت ۔

nutritive, a. مغذّی ؛ غذائیت کی صفت کا حامل ؛ غذائیت بخش ؛ غذائیت سے متعلق ؛ غذا دار ؛ غذائی ۔

nutritively, adv. غذا بخش انداز میں ؛ بطور غذا ۔

nutritiveness, n. غذائیت بخشی ؛ غذا کی بہم رسانی ۔

nuts, nerts, nertz, a. (عوامی) پاگل ؛ سنکی ؛ بے حد و حساب جُوشیلا (اس کے بعد about اور over آتا ہے) ؛ مفتون ۔ (فجائیہ) (عوامی) کراہت ، ناگواری، حقارت ، مایوسی ظاہر کرنے کا کلمۂ فجائی (اکثر to کے ساتھ)۔

nutshell, n. اخروٹ کا سخت چھلکا ؛ پوست جوز ۔

in a nutshell, سادا ؛ مختصر شکل میں ؛ مختصراً ؛ لُبِ لباب کے طور پر ۔

nutty, a. جوز دار ؛ پُر جوز ؛ لوزیات پیدا کرنے والا یا اُن کا حامل ؛ لوزیات کا یا ان جیسا ذائقہ رکھنے والا ۔ (عوامی) احمق ، مخبوط الحواس ۔

nuttiness, n. جوز داری ؛ خبط ۔

nux vomica, n. کُچلا ؛ جوزالقی ؛ شرقُ الہند میں پائے جانے والے پھلی دار خاندان سے متعلق ایک درخت کے سنگترہ نما پھل کا کُچلا بردار بیج جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے ۔

nuzzle, v.i. ناک سے کھودنا جیسے کوئی جانور کرتا ہے؛ ناک گھسیڑنا یا رگڑنا ؛ گھونسلا یا بل بنانا ؛ چمٹ کر بیٹھنا ؛ بھینچ کر یاگھس کر بیٹھنا ۔ (فعل متعدی) تھوتھنی کے ساتھ کُریدنا ؛ تھوتھنی سے چھونا یا رگڑنا ؛ تھوتھنی کسی چیز میں گھسیڑنا ؛ لپٹنا جیسے کسی چیز یا شخص سے ۔

nyctalopia, n. (عِلمِ امراضِ چشم) جہر ؛ شب کوری ؛ غِشا ؛ رتوندھی ؛ آنکھوں کی وہ حالت جس میں بصارت دن یا تیز روشنی میں درست ہوتی ہے ، لیکن رات یا دھیمی روشنی میں بہت کمزور یا بالکل نہیں ہوتی ؛ رتوندا ؛ بصری حالت جو ہیمیرا لوپیا یا دن کے اندھے پن (دتوندا) کے بالکل برعکس ہوتی ہے ۔

nyctalopic, a. اجہر ؛ اخفش ؛ رتونده سے متعلق ؛ شب کورانہ ۔

nyctitropic, a. (نباتیات) شب رُخ ؛ شب گرد ؛ بعض پودے جن کی پتّیاں رات کو دن کے برعکس مختلف انداز اختیار کرتی ہیں ۔

nyctitropism, n. شب گردی ؛ شب رُخی ؛ بعض پودوں کے پتوں کی رات کے وقت حالت یا خواب گوں حرکت ۔

nylon, n. (وضعی اسم) نائلون ؛ ڈائی کاربوکسی لک ایسڈ اور ڈایامن سے تیار ہونے والا مصنوعی حر ملائم ، کیمیائی مادہ جس سے نہایت سخت ، مضبوط ، لچکدار دھاگے ، چادریں اور ریشے تیار ہوتے ہیں ، اس کا سُوت برش کے سخت بالوں ، رسّیوں ، ڈنڈیوں ، حفاظتی غلاف یا پردوں اور دوسری چیزوں کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ (جمع) خواتین کے لیے بُنی ہوئی نائلون کی باریک جرابیں ، بنیان وغیرہ ۔

nymph, n. (کلاسیکی اساطیری) حسینہ ؛ پری ؛ کئی ادنیٰ دیویوں میں سے کوئی ، جنھیں سمندروں ، دریاؤں ، جنگلات ، درختوں ،پہاڑوں اور وادیوں میں رہنے والی خوبصورت دوشیزائیں خیال کیا جاتا ہے اور اکثر کسی اعلیٰ دیوی کی خدمت گار سمجھا جاتا ہے ؛ بن دیوی ۔ (شاعری) خوبصورت ، خوش وضع عورت یا دوشیزہ ۔ (عوامی) پُر شہوت عورت ۔ (حشریات) کوئی کیڑا نشوونما کی درمیانی حالت میں جو لاروا (پہل روپ) اور آخری روپ کے مابین ہوتا ہے ؛ منجھ روپی ، بالخصوص ان کیڑوں کے سلسلے کا نابالغ کیڑا جس میں قلبِ ماہیت ناتمام رہتی ہے اور اسی شکل میں رہتے ہیں جس میں بیرونی پروں کے شروعات نمایاں ہوئے تھے ، پیوپا ۔

nymphal, nymphean, a. دیوی یا پری کا سا ، پری وش ۔

nympholepsy, n. عشق پری ؛ والہانہ شوق یا جذب کی کیفیت جسے کبھی کسی دیوی یا پری کا اثر خیال کیا جاتا تھا ؛ کسی ناممکن چیز کی خواہش کا سودا ؛ جنون حُور ؛ مجذوبیت ؛ سودا ۔

nympholept, n. کسی ناممکن چیز کی خواہش میں مبتلا شخص ؛ مجذوب ۔

nympholeptic, a. سودائی ؛ جنونی ۔

nymphomania, n. (امراضیات) شبق النسا ؛ عورتوں میں غیر معمولی جنسی خواہش ۔ (عوامی)(nympho) چُداس خبط ۔

nymphomaniac, a., n. غیر معمولی جنسی خواہش سے متعلق ۔

*****